
DUE DATE

Acc. No.

Late Fine Ordinary books **25 Paise** per day. Text Book **Re. 1/-** per day. Over Night book **Re. 1/-** per day.



۱۹۶۱

المصنف: محمد حسن ایم اے

اسسٹنٹ ایڈیٹر: شہنشاہ حسین (ایم اے)

اعزازی معاون: سید محمد تقی (ماسٹر)

College Staff.

Principal.

1. S. Maqsood Husain Naqvi, Esq. M.A., Dip. Ed. (Edin). Principal, (Logic and History.)
2. Mirza Ashiq Husain Esq., M.A., L.T., (English), President Literary Association, Principal's first Assistant

Teachers:—

3. S. Bandey Hasan, Esq., M.A., L.T., LL.B., (English and History)
4. Syed Akbar Ali, Esq., M.A., L.T., (Logic, Geog. and Maths) (On leave.)
5. S. Naqi Husain Alley, Esq., M.A., LL.B., A.T.C., (Economics, and Geography), Hostel Superintendent.
6. Syed Sarfaraz Husain, Esq., M.A., A.T.C., (History and Civics).
7. Naushah Husain Naqvi Esq., M.A., B.Sc., L.T., (Mathematics), Senior Games Superintendent
8. Manmohan Nath Zutshi, Esq., M.Sc., LL.B., L.T., (Physics and Mathematics), President Physics Association.
9. Bhola Nath, Esq., M.Sc., (Chemistry and Mathematics), President Chemistry Association.
10. Mohammad Ahsan Esq., M.A., (Eng.) M.A., pt. I. (Phil.) L.T., E.C.P.F., T. J. (English, Logic) Editor the "Archway".
11. Sambhu Dayal Verma, Esq., M.Sc., L.T., (General Secretary Nature Study and Hygiene), Incharge, First Aid and Red Cross Work.
12. Syed Sadiq Husain, Esq., B.A., M.F., (Arabic).
13. ,, Shahenshah Husain, Esq., M.A., (Persian and Urdu).
14. ,, Mohammad Mohsin Esq., M.A., LL.B., A.T.C., (Eng. and History).
15. ,, Asghar Husain, Esq., B.A., C.T., (English and Geography) Junior, Games Superintendent.
16. ,, Amir Husain Rizvi, Esq., M.A., L.T., (English and Geography.)
17. ,, Talmiz Husain, Esq., S.L.C., C.T., (Maths., Hindi and Hygiene).
18. ,, Ashraf Husain Esq., Inter., C.T., (Maths. and English).
19. ,, Manzoor Ali, Esq., Inter., A.T.C., (Maths., Persian an Urdu).
20. ,, Riza Haider Zaidi Esq., H. S. Dabir-i-Kamil, (Urdu).
21. M. Murtaza Husain Saheb, M.F., (Arabic, Urdu and Persian).
22. Wajid Mirza, Esq., (Drawing)
23. Wiqarul Islam Esq.,(drawing)
24. M. Ali Zamin Saheb, (Junior Theology Teacher and Hostel *Nazir-i-Diniyat*)
25. Ahmad Husain Saheb (Senior Theology Teacher.)
26. Syed Mohammad Raza Saheb, (Drill and Scouting).

Ministerial Staff.

1. Mr. Mirza Mohammad Zaki, B. Com., (Head Clerk).
2. Mr. Syed Mohammad Razi, H.S. (Librarian).
3. Mr. Syed Riza Ahmad Zaidi, H.S. (Assistant Clerk).

سہ ماہی میگزین
شیعہ انٹر کالج لکھنؤ



"ہمارے کالج کا نشان"

مرتبۂ پروفیسر ایم۔ ان زآتشی صاحب

ہتمام سید ریاض الحسن منیجر نظامی پریس لکھنؤ میں چھپا اور پروفیسر محمد حسن صاحب ایم اے، ایل ٹی ایڈیٹر نے شیعہ انٹر کالج لکھنؤ سے شائع کی۔

مندرجات

نمبر شمار	مضمون	مضمون نگار	صفحہ
۱	انقلاب	ادارہ	۱
۲	قطعات	جناب کمال عظیم آبادی	۴
۳	آفتاب تحقیق نصف صدی میں	سید حافظ علی صاحب رضوی صابر درجہ ہشتم	۵
	بحث و نظر		
۴	کلام غالب پر ایک نظر	رضا جمیل "سب ایڈیٹر"	۹
۵	حضرت اکبر الٰہ آبادی مرحوم	سید علی عباس صاحب درجہ دہم	۱۳
۶	امام المتغزلین	کامل صاحب عثمانی درجہ دوازدہم	۱۹
۷	مہجور پپیہا	احسن "ایڈیٹر"	۲۱
۸	اکبر اعظم اور مذہبی رجحانات	سید احمد صاحب زیدی درجہ دوازدہم	۲۴
	افسانہ		
۹	انتقام	مرزا محمود حسین صاحب درجہ یازدہم	۲۷
۱۰	شاہد	سید محمد غلام حسین صاحب رضوی درجہ دوازدہم	۳۱
۱۱	زندگی کی ایک رات	جناب سید محمد سبطین صاحب ایم اے فرسٹ	۳۷
۱۲	مجاز	علی عابد صاحب درجہ نہم	۴۲
	شعرستان		
۱۱	قصیدہ در مدح حضرت حجۃ عجل اللہ فرجہ	سید بہادر حسین صاحب دلکش فرسٹ ایر سائنس	۴۷

انقلاب

جب کبھی بھی کائنات کی ارتقاء سے بحث ہوتی ہے تو مانا جاتا ہے کہ ابتداء میں مادہ الکٹرون اور پروٹونوں کی شکل میں پوری فضا میں پھیلا ہوا تھا، قوت مدافعت اور قوت کشش ہر ذرہ کی برابر برابر تھی، اس لئے پوری فضا میں موت کا سا سکون پھیلا ہوا تھا، حرکت اور زندگی کا نام بھی نہ تھا۔ ایسی حالت ازل سے تھی، ابد تک رہتی لیکن "خدا کی باتیں خدا ہی جانے"، شاید اسکو سکون پسند نہیں۔ حکم ایزدی ہوا "کن فیکون"۔ اس وقت سے جو کائنات میں انقلاب ہوا تو کوئی گوشہ بچا نہیں۔ علامہ اقبال مرحوم کو بھی کہنا پڑا ہے:

سکوں محال ہے قدرت کے کارخانے میں ثبات ایک تغیر کو ہے زمانے میں

آج ہمارے رسالے کی دنیا میں بھی اسی انقلاب کا اثر ہوا، اس کے ہر گوشے میں ہر بات میں ایک تبدیلی ایک انقلاب ہو گیا۔ ایک نیا دور۔ اسی انقلاب کا نام زندگی ہے۔ ہر چیز جس جگہ ہے۔ جو ہے۔ اس سے بہتر جگہ اور برتر ہونا چاہتی ہے۔ اس رسالہ کی چھوٹی سی دنیا میں ہم کو یقین ہے۔ قدم قدم پر انقلاب ہونگے اور ہوتے رہنا چاہیئے

ہاں تو حکم ایزدی ہوا "فیکون"۔ مادہ ڈلوں میں جمع ہونے لگا۔ سحاب بنے ——— کچھ بچے ہیں —— ابھی اور انقلاب ——— سحاب سے تارے بنے ——— وہ بھی کچھ پسند نہ آئے ——— اس سے سیارے بنے ——— زمین بھی بنی ——— اسکی پسند۔ اسکی مرضی۔ وہ خالق۔ کسی کا کیا۔ کوئی کون؟ کہا "ہم یہاں خلیفہ مقرر کرینگے" ——— فرشتوں نے پر پھڑپھڑائے ——— زنجیروں کی جھنکار پیدا ہوئی ——— عرض کی "وہ جو زمین پر خلفشار پیدا کریگا" ——— ایک بار پھر ذرا دیر کے لئے موت کا ویسا ہی سکون چھا گیا۔

جواب ملا "نہیں جو ہم سمجھتے ہیں تم نہیں جانتے۔" ——— پھر سکون ——— ۔

مولانا ناصر الملۃ نے اس دنیا میں قدم رکھا ——— ۔

دنیا میں اک انقلاب کرنا چاہا ——— برس تک ان تھک کوششیں کیں ——— دنیا کے ہنگامے اسی طرح جاری ہے۔

دنیا آج بہت بڑی ہے۔

—— انقلاب ہوا —— ہندوستان کیا تمام عالم کے کلیجہ سے ہوک اٹھی۔ "مردہ باد انقلاب۔ مردہ باد" زندہ باد ناصرالملت۔—— آدنا صرالملت مردہ باد انقلاب —— سورج بھی جاکر مغرب کی گود میں سوگیا۔ اسکو بھی سکون کی ضرورت ہے —— دنیا میں اندھیرا چھا گیا —— آفتاب نے دنیا میں تھوڑی دیر کے لئے سکون کرنا چاہا —— مگر اس رات کو —— اس رات کو تو "انقلاب مردہ باد انقلاب" کے نعرے لگ رہے تھے فرشتوں نے پردوں میں منہ چھپا لیا۔ چپکے چپکے کہنے لگے "انقلاب ؟"

ہٹلر روس میں اپنے دھن کی طرح اپنی فوج جھونک رہا ہے۔ جاڑا شروع ہونے والا ہے۔ یہ خبر ہٹلر کے لئے موت کا پیغام ہے۔ تعجب نہیں جو زمین پر خلفشار پیدا کرنے والے روس کی برف میں ہمیشہ کیلئے ٹھنڈی نیند سوجائیں —— ہنگامے کے بعد سکون چاہیئے۔

جاپان چین کو کچلتا رہا —— مظلوم چین آزادی کی خاطر مرتا رہا —— ۵۰ برس ہوگئے —— چینی خدا کی طرف دیکھ رہے ہیں —— اُن کی زندگی میں انقلاب ہو رہا ہے —— لیکن خدا نے شیطان کو قیامت تک کی مہلت دے دی ہے —— اس کی مصلحت —— کوئی کیا سمجھے —— کسی کو کیا دخل —— ۔

دنیا اپنی آبادی کم کر رہی ہے۔ ماں کی گود میں بچے حلال ہو رہے ہیں۔ بھائی بھائی کا گلا گھونٹ رہا ہے روپیہ کو مشینوں میں تبدیل کرکے سمندروں میں ڈبویا جا رہا ہے۔ تاکہ اپنا بھائی مفلس ہوجائے۔ غلہ میں آگ لگائی جا رہی ہے۔ تاکہ بھائی فاقہ سے مرجائے —— اسپتالوں اور گھروں پر بم گرائے جا رہے ہیں۔ تاکہ بھائی بے گھر ہوجائے —— یہ سب کیوں ؟ کبتک —— انقلاب —— ابدتک۔

جگ بیتی !

"زبان"

آل انڈیا ریڈیو سے ۲۱ر فروری سے ۲۵ر فروری ۱۹۳۹ء میں جو چھ تقریریں ڈاکٹر تاراچند ڈاکٹر عبدالحق۔ راجیندر پرشاد۔ ڈاکٹر ذاکر حسین۔ پنڈت برج موہن دتاتریہ کیفی اور آصف علی کی جو تقریریں ہوئیں ان میں اس مسئلہ پر اچھی طرح روشنی ڈالی گئی ہے۔ مطلب یہ ہے کہ آسان اردو کا نام "ہندوستانی" ہے اور یہی سارے دیس کی زبان ہے۔ اگر کوئی کہے "آسان ہندی" ؟ تو جواب ملتا ہے "آسان ہندی اردو ہی کا بچہ ہے لیکن "آسان" پر اعتراض ہوتا ہے۔ "آسان اور مشکل" دونوں لفظ اضافی ہیں۔ ایک لفظ جو آپ کے لئے آسان ہے میرے لئے مشکل ہوسکتا ہے

سو یہ سارہ تو ویسے کا ویسا ہی رہا۔ بات یہ ہے کہ لفظ جاندار ہوتے ہیں اور بہت نازک۔ ذرا مزاج بدلتے ہیں۔ عبارت میں نگینے ہوتے ہیں، اگر ذرا بدلو بس زیور کا خاتمہ۔ اچھے شاعر یا ادیب کی پہچان یہی ہے۔ جو لفظ جہاں ہے اسے ہٹاؤ تو مزا ہی کرکرا ہو جاتا ہے اس لئے اپنی زبان کا کوئی لفظ نکال پھینکنا اور اسی جگہ دوسری زبان کا لفظ توڑ مروڑ کر رکھنا جہالت ہے۔ اسکا مطلب یہ نہیں کہ بدیسی زبانوں سے لفظ نہ لئے جائیں۔ نہیں زندہ زبان میں برابر لفظ آتے رہتے ہیں۔ ان میں بقول ڈاکٹر عبدالحق "جو بندہ گیا وہ موتی۔ جو کھپ گیا وہ ہمارا اور جو نہیں کھپا سو غیروں کا"۔ یہی بات تراکیب کے ساتھ ہے چاہے وہ فارسی کی ہوں۔ عربی کی سنسکرت کی یا انگریزی کی۔ محاورہ کے ترجمہ لینا تھا بھی یہی بات ہے۔ انگریزی زبان کا محاورہ " .To throw light" کا اردو میں "روشنی ڈالنا" بہت حسین ترجمہ ہے اچھی ہوا اور سب کی زبان پر چڑھ گیا۔

"ہندوستانی" کا لفظ انگریزوں کی اپج ہے۔ کسی مستند شاعر یا ادیب نے استعمال نہیں کیا۔ انگریزوں نے اس زبان کو "ہندوستانی" کہا جو اس زمانہ میں شمالی ہندوستان میں بولی جاتی تھی سنہ ۱۸۰۰ء میں فورٹ ولیم کالج قائم ہوا تو اس لفظ کو دن دونی رات چوگنی ترقی ہوئی۔

مسٹر آصف علی نے جو اپنی تقریر میں ایک تحریر کے تین نمونے پیش کئے وہ خوب سمجھا دیتے ہیں کہ ہندوستانی کیا ہے۔

بوجھل اردو:۔ شبِ تاریک میں رشکِ لماس ستارے ضیا پاشی کر رہے ہیں اشجار و اثمار، وحوش و طیور۔ تموج رود و بحر اب سکوت کے آغوش میں خوابیدہ ہیں بزمِ زیست کا طرب انگیز زمزمہ جو طلوع آفتاب کے بعد مثل اک سر بفلک کشیدہ فوارہ کے بادِ بہاری کے ناز و انداز کر رہا تھا ساکت و صامت ہے۔

بوجھل ہندی: گھنگھور راتری میں ہیرے کو بجت کرنے والے تارے جیوت کی ورشا کر رہے ہیں، برکت اور پھل، پکشی اور پشو اور دھارا ادن اور سمندر کی ترنگیں بھی ٹھہراؤ کی گود میں شانت کر رہی ہیں۔ جیون کی سبھا کا سنگیت جاگرت گان جو سوریہ کے اُدئے ہوئے پشچات آکاش سے باتیں کرتے۔ بھوارہ کے سمان وسنت وایو سے اچیلاہٹ کر رہا تھا اس سمے چپ اور استھر ہے۔

ہندوستانی:۔ رات اندھیری ہے اور ہیروں کو بجانے والے تارے جگمگا رہے ہیں۔ پیڑ پھل، چوپائے، پرندے، دریا اور سمندر کی لہریں سب خاموشی کی گود میں سو رہے ہیں۔ زندگی کی محفل کا دل گدگدانے والا گیت بھی جو کرن کے پڑنے سے ایک ایسے فوارہ کی طرح جو آسمان سے باتیں کرتا ہو بہار کی ہوا سے اٹکھیلیاں کر رہا تھا، اب ٹھہر گیا اور چپ ہے۔

ان تینوں زبانوں میں فرق اچھی طرح سمجھ میں آگیا ہوگا۔ آخری حصہ "ہندوستانی" اور "آسان اردو" کا فرق بھی معلوم ہوگیا ہوگا۔

ایک عجیب بات یہ ہے کہ زبان کو مذہب سے الجھا دیا ہے۔ ہندی کو ہندوؤں کی اردو کو مسلمانوں کی زبان مان لیا ہے، حالانکہ اردو "ہندو اور مسلمان" دونوں کی مشترکہ زبان۔ کسی ایک کی نہیں۔ ہاں یہ درست ہے کہ مسلمانوں نے اس کی زیادہ خدمت کی ہے۔ لیکن اسکا یہ مطلب نہیں کہ ہندو اپنی اس مقدس بولی کو چھوڑ دیں "ادارہ"

قطعات !!

از نتیجۂ فکر جناب کمال عظیم آبادی (سابق ایڈیٹر "مجاہد")

خونِ جگر

آفتابِ علم، روحِ دیں، شریعت کا چراغ
جس سے روشن تھا زمانے میں ہدایت کا چراغ
چھپ گیا دنیا سے روئے حضرت ناصر حسین
بجھ گیا بادِ اجل سے بزمِ ملت کا چراغ

طوفانِ درد

رکنِ رکین مذہب و ملت نہیں رہا
روحِ روانِ بزمِ ہدایت نہیں رہا
دنیا میں آج شور بہ ہر سمت ہے کمال
ناصر حسین جانِ شریعت نہیں رہا

سوزِ دروں

ہم میں سے گئے کیا ناصر الملۃ علم کا ہر اسلوب گیا
اعمال کی اپنے تھی یہ خرابی جانے والا خوب گیا
دنیائے وفا کے گوشوں سے اک شور کمال اب کیوں نہ اٹھے
جس سے کہ زمانہ روشن تھا وہ دین کا سورج ڈوب گیا

آفتاب تحقیق مغرب میں

سرکار ناصر الملۃ کی زندگی کے مختصر حالات

از
سید حافظ علی رضوی صاحب برنڈیلوی
متعلم درجہ ہشتم

ہماری بدقسمتی کی انتہا ہوگئی کہ ایسے تاریک دور میں کہ جب دُنیا دہریت کی طرف تیزی سے جا رہی ہے، ہم اپنے رہنمائے اعظم خاتم الاجتہاد حضرت ناصر الملۃ سے چھوٹ گئے، یہ غم ایسا غم ہے کہ جو شیعوں کو تا بہ قیامت رہے گا وجہ یہ ہے کہ سرکار ناصر الملۃ کے بعد اب کوئی ہستی ایسی نہیں جو مذہب و ملت کی حمایت کا واحد مرکز ہو۔

یوں تو ہزاروں عالم اس دار فانی سے عالم جاودانی کو سدھارے مگر ان کا رنج و غم کچھ عرصے کے بعد ختم ہوگیا، اسلیے کہ جب ایک عالم اُٹھتا تھا تو دوسرا قوم و مذہب کی حمایت کرتا تھا، مگر خاتم الاجتہاد حضرت ناصر الملۃ کے بعد جسم اجتہاد و علم و ادب بے روح ہوگیا، اور نہ صرف دُنیائے شیعیت بلکہ تمام عالم اسلامی کا آفتاب علم و ادب غروب ہوگیا، حضرت ناصر الملۃ کی ذات وہ ذات تھی کہ اپنے تو اپنے دشمن اور جانی دشمن آپکے علم و کمالات کے معترف تھے، اگر سرکار مرحوم کی ثنا و صفت بیان کی جائے تو کافی لیاقت کی ضرورت ہے اس لیے کہ علماء کی قدر علما ہی کرسکتے ہیں، اور پھر عالم بھی ایسا کہ جس کو روحانیات تک پر قدرت حاصل ہو، لہذا مجھ ایسا جاہل اس عالم علوم ربانی کی شان میں کیا قلم اُٹھا سکتا ہے، لیکن صرف اتنا کہ سرکار مغفور کی زندگی کے مختصر حالات جو میرے ذاتی علم میں ہیں ان کو اپنے ہمعصر طلبا کے سامنے پیش کردوں تاکہ وہ سرکار مغفور کی پاکیزہ زندگی سے اثر لے کر کچھ استفادہ حاصل کرسکیں۔

ولادت باسعادت آپ کی ولادت بروز پنجشنبہ ۱۹ رجمادی الثانیہ ۱۲۸۴ھ کو ہوئی، اور آپکا روز انتقال پنجشنبہ، یکم رجب ۱۳۶۱ھ ہے۔

اسم گرامی آپکے والد محترم علامہ سید حامد حسین صاحب قبلہ اعلی اللہ مقامہ نے ناصر حسین رکھا، درحقیقت آپ ناصر حسینؑ ہی تھے، آپنے اپنی زندگی کے ہر شعبہ سے نصرت حسینؑ کی، یہاں تک کہ جان بحق تسلیم ہوگئے، آپکے عم نامدار نے آپکا اسم مبارک اسحاق رکھا تھا۔

خاندانی شرافت آپ کا نسب امام موسیٰ کاظم علیہ السلام سے منسلک ہوتا ہے، آپکے جد امجد علامہ سید محمد قلی خاں اعلی اللہ مقامہ اور آپکے والد علامہ سید حامد حسین صاحب اعلی اللہ مقامہ مصنف

عبقات الانوار تھے، اس کے علاوہ آپ کے خاندان میں کئی جلیل القدر ہستیاں گذری ہیں۔

تعلیم و تربیت

جب آپ کا سن شریف ۴ سال کا ہوا تو یکم رمضان ۱۲۸۸ھ کو تعلیم کی ابتدا ہوئی اور آپ ابتدائی دینیات جناب مولوی لطف حسین صاحب بلوی کے متعلق ہوئے۔ اس کے بعد خود فردوس مآب نے اپنے ہاتھوں تعلیم و تربیت دینا شروع کی، ظاہر ہے کہ آپ کی تعلیم کس درجہ انہماک کیا گیا ہوگا کہ آپ صرف سولہ برس کے سن میں فارغ التحصیل ہو چکے تھے اور درجہ اجتہاد پر فائز ہو چکے تھے۔ آپ کے اساتذہ میں صرف مولوی لطف حسین صاحب اور علامہ محمد عباس صاحب اعلیٰ اللہ مقامہ اور خود جناب فردوس مآب تھے، ان حضرات کے علاوہ آپ نے اور کسی کے سامنے زانوے ادب تہ نہیں کیا۔ آپ کے علاوہ کوئی عالم میری نظر میں ایسا نہیں ہے کہ جس نے اتنی کم عمر میں یہ مدارج علمیہ طے کر لئے ہوں۔

کتب خانہ

آپ کا ایک کتب خانہ بمقام کھجوا لکھنؤ میں ہے جو اپنی نوعیت سے ہندوستان کیا بلکہ تمام عالم اسلامی میں ایک ہے، جس کی اہمیت اس سے ظاہر ہوتی ہے کہ ایک مرتبہ ۱۹۱۲ء میں کیمبرج میں مستشرق یورپ سے آیا اور کئی دن تک معائنہ کرنے کے بعد ایک بیان اخبارات میں شایع کیا اور عالم مستشرق نے کہا کہ میں نے پچیس ہزار کتابوں کے حاشیوں پر سرکار ناصر الملۃ کے نوٹ دیکھے جو ان کی قابلیت کی گواہی دے رہے ہیں۔ مولانا رشید رضا، یڈیٹر الھلال مصر جب ہندوستان تشریف لائے تو مولانا نے اب ملاحظہ کہا کہ میرا ہندوستان آنے کا کوئی مقصد پورا نہ ہوتا اگر میں بغیر اس کتب خانہ کی زیارت کئے چلا جاتا حالانکہ جامع ازہر مصر کی تمام کتابیں میرے پیش نظر ہیں لیکن میں دعوے سے کہہ سکتا ہوں کہ بہت سے قلمی نسخے کتب خانۂ ناصریہ میں ایسے موجود ہیں جو وہاں بھی نہیں ہیں۔ اس کتب خانہ کے علاوہ آپ نے مزار شہید ثالث میں بھی ایک کتب خانہ قائم فرمایا تھا اور آپ ہی کی ذات وہ ذات تھی جس نے حضرت نور اللہ شوستری کے کارناموں کو روشن کیا۔

خطابات

صدر المحققین۔ چونکہ آپ فارغ التحصیل ہونے کے بعد ہی جناب فردوس مآب کا ہاتھ عبقات کی تصنیف میں بٹانے لگے تھے اس لئے جناب فردوس مآب نے اپنے فرزند سے خوش ہو کر آپ کو صدر المحققین کے خطاب سے ملقب فرمایا۔

ناصر الملۃ۔ یہ خطاب آپ کو علامہ مرزا شیرازی نے عطا فرمایا تھا۔ علامہ شیرازی اتنے بڑے جید عالم گذرے ہیں کہ جن کے آگے اکثر شہنشاہ ایران کو بھی سرنگوں ہونا پڑتا تھا۔

شمس العلماء۔ حکومت ہند نے آپکے رعب و جلال اور وقار علمی کو مدنظر رکھتے ہوئے شمس العلماء کا خطاب پیش کیا تھا لیکن سرکار مرحوم نے جو مظالم بارہ وفات کے سلسلہ میں شیعوں پر ہوئے ان سے احتجاج کرتے ہوئے خطاب واپس فرما دیا تھا۔

ذوقِ شعر و سخن

آپ کو شعر و سخن کا بھی از حد شوق تھا اور اگر یہ کہا جائے کہ ناصر الملۃ کی وہ ذات ہے جس نے ہزاروں شاعر بنا دیئے تو غلط نہیں ہے، چنانچہ اس سلسلہ میں آپ کے شریعتکدہ پر ہر معصوم کی ولادت اور شہادت کی تاریخ پر محفل یا مجلس منعقد ہوا کرتی ہے جس میں شعرائے کرام اپنا کلام سنا کر سامعین کو محظوظ کرتے اور داد سخن پاتے ہیں۔ ان محفلوں کا سلسلہ اکثر کئی کئی دن تک جاری رہتا چنانچہ آپ کو یہ قصیدہ خوانی اسقدر پسند تھی کہ آپ ایسے موقعوں پر کہیں جانے سے پرہیز کرتے تھے، ایک مرتبہ کا مشہور واقعہ ہے کہ دلی دربار کے موقع پر سرکار ناصر الملۃ کو کنگ جارج کے پرائیوٹ سکریٹری کا تار دربار میں شرکت کے لئے موصول ہوا۔ چونکہ جس روز دربار ہونے والا تھا عین اسی دن کسی معصوم کی ولادت کی تاریخ تھی اور آپ کے شریعتکدہ پر محفلِ قصیدہ خوانی منعقد ہونیوالی تھی آپ نے دربار کی شرکت سے انکار کر دیا۔

نصرتِ حسینؑ

سرکار مرحوم عزاداری امام مظلوم میں خاصی دلچسپی رکھتے تھے، اگر ملک یا شہر میں کوئی عزائے حسین کی مخالفت میں تحریک ہوتی تو سرکار مرحوم اس تحریک کی سختی سے مخالفت فرماتے تھے، اس کے علاوہ آپ ہی کی ذات وہ ذات تھی جس نے مبلغین اور واعظین کو وہ راہیں بتلائیں جو صحیح تھیں۔ ذاکرین اکثر غلط اور غیر صحیح روایتیں پڑھ دیا کرتے تھے لیکن آپ نے اپنی تحقیقات سے ان غلط روایتوں کو بند کرا دیا۔ بہرحال عزائے حسین کی آپ نے اتنی نصرت کی کہ آخر وقت تک حسینؑ کا کلمہ پڑھتے رہے اور اپنے وصیت نامہ میں یہ بھی لکھ گئے کہ میری مجالس میں حسینؑ کا ذکر زیادہ کرنا اور انکے ذکر کے آگے میرا تذکرہ نہ ہونے پائے۔

سیاست

سرکار مرحوم جب شیعہ قوم کسی مصیبت میں گرفتار ہوتی تو اس کی کس طرح رہنمائی فرماتے تھے، یہ گذشتہ ایجی ٹیشن سے ظاہر ہے، سرکار مغفور ہمیشہ سیاست حسینیہ پر گامزن رہتے اور ہمیشہ مذہب و ملت کی حمایت فرماتے رہتے، اس سے زیادہ آپ کی سیاست اور دماغ کی تعریف کرنا بیکار ہے اس لئے کہ آپ کی ذات شیعہ قوم کے لئے مشعل کی روشنی تھی۔

ناصر الملۃ علماء اسلام کی نظر میں

درحقیقت آپ کی ذات اقدس کو اہل علم ہی سمجھ سکتے ہیں۔ آپ علماء اسلام کی نظر میں جو وقعت رکھتے تھے اسکو اگر تفصیل سے لکھا جائے تو یہی ایک طویل مضمون ہو سکتا ہے لیکن اسوقت میری نظر میں اسلام کے دو چند علماء کے خطوط موجود ہیں، جن کے بعض اقتباسات اجمالاً تحریر کرتا ہوں، اسکے علاوہ اور علماء کے خطوط کتب خانہ ناصریہ میں موجود ہیں، علامہ نوری اپنے ایک خط میں تحریر فرماتے ہیں کہ مجھکو معلوم ہوا ہے کہ جناب اپنی جسم و جان کا کچھ خیال نہیں فرماتے جو کہ آپکے پاس امانتِ خدا ہیں آپکے اس درجہ تقلیل غذا کی خبریں کچھ اچھی نہیں سن رہا ہوں، اس کے علاوہ علامہ نوری اپنے ایک اور خط میں تحریر فرماتے ہیں کہ آپ دین خدا کی حمایت کر رہے ہیں لہٰذا اس میں صحت کی سخت ضرورت ہے۔

جناب حجۃ الاسلام آقا سید اسمٰعیل صدر ایک خط میں تحریر فرماتے ہیں کہ کاش کہ یہ حقیر آپ کے پاس ہوتا اور جناب کے علمی و عملی فیوض سے مواعظ و نصائح، فضائل و مناقب سے مستفیض ہوتا۔

اخلاق

سرکار مغفور کے اخلاق کو کون بیان کر سکتا ہے کہ آپ کن صفات حمیدہ کے مالک تھے، صرف اتنا لکھنا کافی ہے کہ آپ نے اپنے اخلاق سے یہ ثابت کر دیا کہ ائمہ طاہرین کے اخلاق کیسے تھے۔ آپ کے اخلاق کی بعض مثالیں تو ایسی ملتی ہیں کہ جو دنیا میں کہیں نظر نہیں آتیں، اکثر میں نے خود دیکھا ہے کہ سرکار مرحوم باوجود انتہائی ضعف و نقاہت کے رمضان مبارک میں تین تین جگہ نماز ظہرین پڑھاتے تھے، اگر کوئی غریب آدمی آپ کو مدعو کرتا تو فوراً اس کو شرف تشریف آوری بخشتے۔

خودداری

سرکار مرحوم کی خودداری کا یہ عالم تھا کہ اگر آپ سے کوئی غرور و تمکنت سے ملتا تو آپ بھی اس سے ملنا پسند نہ فرماتے تھے۔ سرکار مرحوم عام طریقہ سے رؤسا سے ملنا پسند نہ فرماتے تھے، لیکن اگر کوئی غریب آگیا تو خود تشریف لاتے اور اس کی تشفی فرماتے۔

غذا

سرکار مرحوم کی غذا نہایت سادہ ہوتی تھی، آپ صرف ایک وقت خاصہ نوش فرماتے تھے لیکن اسمیں بھی ایک روٹی جسمیں برابر کی بھوسی ہوتی تھی، آپ اکثر سالن میں پانی ملا لیا کرتے تھے تاکہ اسکا ذائقہ مٹ جائے

لباس

آپ نہایت صاف و ستھرے کپڑے پہنتے تھے لیکن ان کی قیمت نہایت معمولی ہوتی تھی۔

اولادیں

آپ کے فرزند اکبر حضرت نصیر الملۃ مولانا سید محمد نصیر صاحب قبلہ مجتہد پرنسپل شیعہ عربی کالج ہیں جن کی قابلیت کا اعتراف اغیار کو بھی ہے۔ فرزند اصغر سرکار سعید الملۃ مولانا سید محمد سعید صاحب قبلہ مجتہد العصر۔ آپ سرکار ناصر الملۃ کی عبقات الانوار کی تصنیف فرما رہے ہیں

کلامِ غالب پر ایک نظر

رضا جمیل
"سب ایڈیٹر"

جدید اور حسین تراکیب کی تخلیق

اگر غالب نہ پیدا ہوتا تو اردو شاعری دراصل گل و بلبل کا افسانہ اور زلف و کمر کی داستان ہو کر رہ جاتی غالب سے پہلے تمام شعرا کی کائنات یہ تھی کہ مبالغوں سے اپنے کلام کو مجموعۂ محالات بنا لیا، محبوب کی توصیف پر اُترے تو دہن اور کمر ہی غائب کر دی، شبِ ہجر کی درازی بیان کرنے پر آئے تو اس کا دامن دامانِ قیامت سے جا باندھا۔ اپنی لاغری کا ذکر آگیا تو گمان یہ ہوا کہ چادر پر شکن پڑ گئی ہے، کہنے لگے مرنے کے بعد بولنا، قتل ہو کر قاتل کی گردن پر سوار ہونا، اس وقت جب حسرت و نومیدی کے اشعار نے دلوں کو بجھا دیا تھا طبیعتیں افسردہ ہو چلی تھیں، غالب نے اس کے خلاف آوازِ بلند کی اور پکار کر کہا ؎

نفس نہ انجمنِ آرزو سے باہر کھینچ — اگر شراب نہیں انتظارِ ساغر کھینچ

اردو شعرا معشوق کی کمر کو تلاش کر رہے تھے لیکن غالب نے۔

ثابت ہوا ہے گردنِ مینا پہ خونِ خلق — لرزے ہے موجِ مے تری رفتار دیکھ کر

کی بلندی سے آواز دے کر فضا میں ایک گونج پیدا کر دی۔

قدیم شعرا کے بڑے حصہ کا خصوصاً لکھنؤ کی ناسخ و امانت شاہی شاعری کا دار و مدار زیادہ تر لفاظی پر رہا ہے ان کی غزل کا معشوق ہاتھ پاؤں میں مہندی لگائے اور خوب گہرے دھانی رنگ کا جوڑا پہنے بیٹھا تھا، عاشق کی نگاہیں ڈر کے مارے چلمن کو چھو بھی نہیں سکتی تھیں لیکن غالب کی جراتِ بے باک آگے بڑھی یہاں تک کہ۔

وا کر دیے ہیں شوق نے بندِ نقابِ حسن — غیر از نگاہ اب کوئی حائل نہیں رہا

اٹھارہویں صدی کے متغزلین کا عاشق اپنے جنون کے سبب سے اس قدر دبلا ہو گیا تھا کہ مثل ملک کے معلوم ہوتا تھا، رات دن آہ و فریاد کرتا لیکن رحم تو درکنار معشوق کو یہ بھی خبر نہیں ہوتی کہ تڑپنے والا کیوں اور کس کے لئے تڑپ رہا ہے لیکن غالب کا عاشق ایک چینِ جبیں سے ساری داستان سنا دیتا ہے ؎

وہ مری چینِ جبیں سے غمِ پنہاں سمجھا — رازِ مکتوب بہ بے ربطیِ عنواں سمجھا

چوٹ لگتی ہے تو آہ نکل ہی جاتی ہے، غالب بھی فریاد کرتا ہے مگر اس شان سے ؎

قمری کفِ خاکستر و بلبل قفسِ رنگ — اے نالہ! نشانِ جگرِ سوختہ کیا ہے

اب آیئے یہ دیکھیں کہ غالب کو امتیازی درجہ کیوں حاصل ہے؟

غالب اُردو کا وہ پہلا شاعر ہے جس نے اردو شاعری میں بالکل جدید اور حسین تراکیب استعمال کیں۔ غالب کی ترکیبیں اور بندشیں آج اردو ادب کے لئے سرمایۂ افتخار بنی ہوئی ہیں جو بیش بہا موتیوں سے کم نہیں۔ ترکیبیں ایسی کہ زبان اُنسے بہت جلد مانوس ہوگئی، جس کے احسان سے اردو ادب کبھی عہدہ برآ نہیں ہو سکتا۔

غالب کو الفاظ برتنے کا خاص سلیقہ ہے، اُن کی حسین ترکیبیں اور بندشیں عام پرواز فکر کی سطح سے بلند ہیں۔ تخئیل کی پاکیزگی، مذاق کی ستھرائی، بیان کی سنجیدگی، زبان کی صفائی، جذبات کی بلندی، واردات عشق کی مصوری، بندش کی پائداری اور اسلوب بیان کی جدت نے غالب کو سب سے نمایاں اور ممتاز بنا دیا ہے اور بعض باتوں میں تو اردو کا کوئی شاعر غالب کا بمقابل ہی نظر نہیں آتا، ان کے استعمال کئے ہوئے الفاظ اشعار میں اگر نغمہ تمام "بنجاتے ہیں کہ گنگنائیے اور وجد کیجئے۔ کون نہیں جانتا کہ شعر کا مقصد روح کو عملی دنیا کی کشمکش سے نکال کر راحت اور مسرت سے لبریز کر دینا ہے، جذبات میں لطافت پیدا کرنا، احساسات کو بیدار کرنا، کردار میں حسن پیدا کرنا، ارادہ کو استحکام اور استقلال بخشنا، ہمدردی، اخوت، محبت، اور یگانگت پیدا کرنا، یہ سب چیزیں شعر کی خصوصیات میں داخل ہیں اور شعر و ادب میں الفاظ ہی کا تو سارا کھیل ہوتا ہے۔ یہ تمام باتیں ہر شاعر نے بنا ہیں لیکن غالب کے وجدان پر قدرت نے استعمال الفاظ کے تمام راز کھول دیے تھے اور ان کو خاص قدرت حاصل تھی، غالب ہی وہ پہلا شخص ہے جس نے اردو ادب میں سب سے پہلے ایجاد تراکیب کی بنیاد ڈالی اور وہی اسکا موجب ہے اس لئے ہم یہ کہہ سکتے ہیں کہ آج جو کچھ اس کے سلسلہ میں ہو رہا ہے اسکا رہبر اول غالب ہی ہے۔

میرے خیال میں جدید تراکیب اور حسین بندشیں بنانے کا مسئلہ بہت ہی نازک ہے۔ ہر شخص اسکا خلاق اور اہل نہیں ہو سکتا ہے، ہم دیکھتے ہیں کہ غالب کی دیکھا دیکھی بعض لوگوں نے (جو الفاظ کے استعمال و مصرف سے ناواقف ہیں) تقلید کرنا چاہی اور اُسی روش پر چلنا چاہا، لیکن ان میں اور غالب میں وہی فرق رہا جو اصل اور نقل میں ہوا کرتا ہے۔

جدید تراکیب کو انتہائی رواں اور شستہ ہونا چاہیئے تاکہ زبان اُن سے جلد مانوس ہو جائے۔ غالب کی بنائی ہوئی تراکیب میں زبان و ادب کی تمام خوبیاں پائی جاتی ہیں اسی لئے غالب کی ایجاد کردہ تراکیب بہت جلد زبان میں گھل مل گئیں۔

غالب کے کلام میں قدم قدم پر نئی تراکیب اور حسین بندشیں نظر آتی ہیں جنکا بہت زیادہ حصہ نایاب اور لطیف ہے ان تراکیب سے تحسین کلام کے علاوہ ایک فائدہ یہ بھی ہے کہ ایک بڑا خیال چند لفظوں میں ادا ہو جاتا ہے۔ بخوف طوالت صرف چند مثالوں پر اکتفا کیجاتی ہے۔

آگہی دامِ شنیدن جس قدر چاہے بچھائے ؛ مدعا عنقا ہے اپنے عالمِ تقریر کا

"دامِ شنیدن" کتنا لطیف اور بیش بہا موتی شعر میں پرو دیا ہے۔

کی مرے قتل کے بعد اس نے جفا سے توبہ ؛ ہائے اُس زود پشیماں کا پشیماں ہونا

"زود پشیماں" بالکل جدید ترکیب اور معنویت میں تو حافظ کے شعر ؎

آفریں بر دلِ نرمِ تو کہ از بہرِ ثواب ؛ کشتۂ غمزۂ خود را، بہ نماز آمدہٗ

سے بھی بڑھ چڑھ کر ہے۔

عشرتِ قطرہ ہے دریا میں فنا ہو جانا ؛ درد کا حد سے گذرنا ہے دوا ہو جانا

عشرتِ قطرہ کس قدر فلسفہ اور تصوف سے بھری ہوئی ترکیب ہے۔

مقدمِ سیلاب سے دل کیا نشاط آہنگ ہے ؛ خانۂ عاشق مگر سازِ صدائے آب تھا

"نشاط آہنگ" کی موسیقیت پر غور کیجئے اور پڑھ کر وجد کیجئے یہی نہیں بلکہ اس بحر کی پوری غزل شروع سے آخر تک جدید تراکیب کے سانچے میں ڈھلی ہوئی ہے اور اپنی جگہ پر ہر شعر بہت خوب اور خوب ہے۔

دہر میں نقشِ وفا وجہِ تسلی نہ ہوا ؛ ہے یہ وہ لفظ کہ شرمندۂ معنی نہ ہوا

"شرمندۂ معنی" کی ترکیب نے شعر کی بلندی اور معنویت کو کہاں سے کہاں پہونچا دیا ہے، جہاں تک زبان کا لطف ہے یہ شعر بھی اسی قابل ہے کہ انسان جھوم جھوم کر پڑھے اور پھر بار بار پڑھے، اور دنیا پر ثابت کر دے کہ وفا شناس یا شعر کہنے والا تھا یا پڑھنے والا ہے۔"

ساقی بجلوہ دشمنِ ایمان و آگہی ؛ مطرب بہ نغمہ رہزنِ تمکین و ہوش ہے

پورے کا پورا شعر ترکیبِ جدید کا آئینہ دار ہے بلکہ بعض باتوں میں تو غالب کا یہ شعر میر درد کے مشہور شعر ؎

خلوتِ دل نے کر دیا اپنے حواس میں خلل ؛ حسن بلائے چشم ہے، نغمہ وبالِ گوش ہے

سے بھی بڑھ گیا ہے۔

لطفِ خرامِ ساقی و ذوقِ صدائے چنگ ؛ یہ جنتِ نگاہ وہ فردوسِ گوش ہے

"جنتِ نگاہ" اور "فردوسِ گوش" جیسی نادر اور جدید تراکیب اردو ادب کے لئے غیر فانی سرمایہ ہیں جس پر سکو آج بھی ناز ہے۔

پھر وضعِ احتیاط سے رکنے لگا ہے دم ؛ برسوں ہوئے ہیں چاک گریباں کئے ہوئے

وضعِ احتیاط کی ترکیب داد سے مستغنی ہے، اس شعر کو پڑھنے کے بعد واقعہ کی تصویر آنکھوں میں پھر جاتی ہے۔

عشق بے ربطیٔ شیرازۂ اجزائے حواس ؛ وصل زنگارِ رخِ آئینۂ حسنِ یقیں

عشق اور وصل کی تصویر ملاحظہ کیجئے اور داد دیجئے، یہی نہیں بلکہ پوری منقبت حضرت علیؑ جو منقبت شیرِ خدا کے نام سے چھپی ہے بیش بہا اور نادر تراکیب کی آئینہ دار ہے۔

اب اگر آپ کو زبان کی صفائی اور خالص اُردو زبان کی لطافت دیکھنا ہو اور لطف حاصل کرنا ہو تو غالب کی مشہور غزل "دلِ ناداں تجھے ہوا کیا ہے" اور دوسری مشہور غزل "سینہ جویائے زخم کاری ہے" پڑھکر لطف اندوز ہوجیئے اور حسین بندشوں کی داد دیجئے۔

آخر میں ایک بار پھر میں عرض کر دینا ضروری سمجھتا ہوں کہ اردو شاعری میں غالب ہی وہ پہلا شخص ہے جس نے مبالغہ سے ہٹ کر ایجاد تراکیب کی بنیاد ڈال کر اردو شاعری کو اُردو شاعری بنا دیا اور یہی وجہ ہے کہ غالب کی حیثیت ایک امتیازی حیثیت رکھتی ہے۔

اقوالِ زرّیں

(۱) عورت ایک گلاب کا پھول ہے اور اس میں خودداری کا ایک چھوٹا سا کانٹا لگا ہوا ہے۔ (ٹینی سن)

(۲) موت کو آسان رکھو، کیونکہ موت کی تلخی صرف اس کے خوف سے پیدا ہوتی ہے (ارسطو)

(۳) انسانی ذہن اپنا مقام ہے وہ بہشت کو دوزخ اور دوزخ کو بہشت بنا سکتا ہے۔ (ملٹن)

(۴) موت سے بچنا محال ہے، موت بادشاہوں کو بھی نہیں چھوڑتی (شرلے)

(۵) سنگین دیواریں اور آہنی سلاخیں قید خانہ نہیں بنا سکتیں (لویس)

حضرتِ اکبر الٰہ آبادی مرحوم

سید علی عباس
درجہ دہم

یہ سیارہ دنیا والوں کو ۱۸۴۶ء کی ۱۶ر نومبر کو دکھائی دیا۔ الٰہ آباد میں چمکا، ہندوستان بھر میں دھوم مچی۔ ۹ر ستمبر ۱۹۲۱ء میں غائب ہوگیا۔

لسان العصر خان بہادر سید اکبر حسین اکبر کے مورثِ اعلیٰ سید علی عرب نیشاپور سے ۱۶۳۲ھ میں ہندوستان میں تشریف لائے۔ سید صاحب کے والد سید تفضل حسین عرف چھوٹے میاں نائب تحصیلدار تھے۔

ابتدائی کتابیں اکبر نے گھر ہی میں پڑھیں اس کے بعد جمنا مشن اسکول الٰہ آباد میں داخل ہوگئے، ۲ سال تک وہیں تعلیم حاصل کی۔ تعلیم کا سلسلہ یہاں ختم ہو جاتا ہے، اس کے بعد جو کچھ پڑھا وہ خود سے۔ کسی وجہ سے جمنا برج کی تعمیر کے سلسلہ میں نوکری کرلی، اسکے بعد ہی ریلوے ڈیپارٹمنٹ کے مال گودام میں نوکری مل گئی، طبیعت نہیں لگی کچہری میں نقل نویس ہوگئے۔ بہت زمانہ نہیں گذرا تھا کہ تحصیلدار ہوگئے۔ اسکو بھی چھوڑا، ہائی کورٹ میں مثل خواں ہوگئے وکیلوں کی صحبت رہی جو وہ بھی وکالت کا امتحان پاس کرلیا۔ الٰہ آباد میں وکالت شروع کی مگر ایک جگہ قیام نہیں کیا، کبھی گونڈے میں ہوئے، کبھی آگرہ اور کبھی گورکھپور میں۔ ۱۸۸۰ء میں منصفی کے امتحان میں بیٹھے۔ پاس کرلیا، نامزد ہوگئے۔ ذہین اور ہوشیار تھے ہی ترقی کرتے رہے یہانتک کہ ڈسٹرکٹ سشن جج ہوگئے۔ سہارنپور۔ مین پوری، بنارس اور الٰہ آباد میں تبادلہ ہوتا رہا ۱۸۹۰ء میں خان بہادر کا خطاب ملا۔ ۵ برس بعد ریٹائرڈ ہوگئے۔ ۹ر محرم ۱۳۴۰ء کو جمعہ کے دن انتقال ہوگیا۔ آخری وقت خواجہ حسن نظامی بھی موجود تھے۔ تین بجنے میں ۳ منٹ باقی تھے کہ انتقال ہوا۔ کالے ڈانڈے کے قبرستان میں اپنے والد کے بائیں طرف دفن ہوئے۔ کہا جاتا ہے کہ جب قبر میں اتارا گیا تو آنکھیں کھلی تھیں۔ معلوم ہوتا تھا کسی کو غور سے دیکھ رہے ہیں۔

اکبر کے آخری دو اشعار یہ ہیں:۔

صاحب میں سب برائی لیکن وہ خوب جوکس ۔۔۔ گاندھی میں سب بھلائی لیکن محض وہ بے بس
دنیا تو چاہتی ہے ہنگامۂ پُر وجن ۔۔۔ اور یاں ہے جیب خالی جو مل گیا وہ بھوجن

اکبر گندمی رنگ کے دُبلے پتلے آدمی تھے، میانہ قد تھا، سادی پوشاک پہنتے تھے، آنکھوں کی بصیرت کم ہوگئی تھی بہت ظریف آدمی تھے۔ مزاج میں بہت انکسار تھا، ہر ایک سے خوش ہو کر ملتے تھے۔

شاعری کی ابتدا تو جب ۱۱ برس کے تھے تب ہی سے شروع ہوگئی تھی۔ مولوی وحیدالدین صاحب نجوبی

سے اصلاح لیتے تھے۔ اصل میں اکبر کا شروع کا کلام سجاد حسین صاحب نے چھپایا جب وہ اودھ پنچ کے اڈیٹر تھے۔ اسی سلسلہ میں اکبر نے نثر میں بھی مضامین لکھے۔

غدر کے بعد مسلمانوں کی حالت بالکل تباہ ہوگئی تھی اس لئے سر سید نے انگریزوں سے اشتراک عمل کیا اور اس طرح از سر نو قوم کی تعمیر کی۔ اکبر خوب سمجھتے تھے کہ اس طرح مغربی رنگ کسطرح مشرق پر چڑھ جائے گا۔ اس لئے وہ اس کو روکنا چاہتے تھے، مگر اتنی طاقت کہاں تھی، صرف یہی سبب ہے جس سے کلام میں یہ طرز اختیار کیا۔ غور سے پڑھنے پر کلام کا رنگ دکھائی دیتا ہے۔ کالے منہ پر ہلکا سفید پردہ پڑا ہے۔ چھیڑنے پر اصل کا پتہ چلتا ہے۔ ان کی ہنسی خون کے آنسو رلاتی ہے۔

اکبر غزل بھی کہتے تھے جس میں تصوف کا رنگ ہوا کرتا تھا۔ یہاں ان کی تین نظمیں اور کچھ اشعار پیش کئے جاتے ہیں۔ چناؤ میں خیال رکھا گیا ہے کہ انکا رنگ جھلکتا رہے:۔

خدا حافظ مسلمانوں کا اکبر — مجھے تو ان کی خوشحالی سے ہے یاس
یہ عاشق شاہدِ مقصود کے ہیں — نہ جائیں گے ولیکن سعی کے پاس
سناؤں تم کو اک فرضی لطیفہ — کیا ہے جس کو میں نے زیبِ قرطاس
کہا مجنوں سے یہ لیلےٰ کی ماں نے — کہ بیٹا! تو اگر کرلے ایم اے پاس
تو فوراً بیاہ دوں لیلیٰ کو تجھ سے — بلا دقت میں بنجاؤں تری ساس
کہا مجنوں نے یہ اچھی سنائی — کجا عاشق، کجا کالج کی بکواس
کجا یہ فطرتی جوشِ طبیعت — کجا ٹھونسی ہوئی چیزوں کا احساس
بڑی بی آپ کو کیا ہوگیا ہے؟ — ہرن پہ لادی جاتی ہے کہیں گھاس
یہ اچھی قدر دانی آپ نے کی — مجھے سمجھا ہے کوئی ہرچرن داس
دل اپنا خون کرنے کو ہوں موجود — نہیں منظور مغزِ سر کا آماس
یہی ٹھہری جو شرطِ وصلِ لیلےٰ — تو استعفا مرا باحسرت و یاس

اک مسِ سیمیں بدن سے کر لیا لندن میں عقد — اس خطا پر سُن رہا ہوں طعنہ ہائے دل خراش
کوئی کہتا ہے کہ بس اس نے بگاڑی نسلِ قوم — کوئی کہتا ہے کہ یہ ہے بدخصائل و بدمعاش
دل میں کچھ انصاف کرتا ہی نہیں کوئی بزرگ — ہو کے اب مجبور خود اس راز کو کرتا ہوں فاش
ہوتی تھی تاکید لندن جاؤ انگریزی پڑھو — قومِ انگلش سے ملو سیکھو وہی وضع و تراش

جگمگاتے ہوٹلوں کا جا کے نظارہ کرو
سوپ و کاری کے مزے لو چھوڑ کر یخنی و آش

لیڈیوں سے مل کے دیکھو اُن کے انداز و طریق
ہال میں ناچو، کلب میں جا کے کھیلو اُن سے تاش

بادۂ تہذیبِ یورپ کے چڑھاؤ خُم کے خُم
ایشیا کے شیشۂ تقوے کو کر دو پاش پاش

جب عمل اس پر کیا پریوں کا سایہ ہو گیا
جس سے تھا دل کی حرارت کو سراسر انتعاش

اُس کی چتون سحر آگیں اس کی باتیں دلربا
چال اُس کی فتنہ خیز اس کی نگاہیں برق پاش

جب یہ صورت تھی تو ممکن تھا کہ اِک برقِ بلا
دستِ سیمیں کو بڑھاتی اور میں کہتا دور باش

دونوں جانب تھا رگوں میں جوشِ خونِ فتنہ زا
دل ہی تھا آخر نہیں تھی برف کی یہ کوئی قاش

بار بار آتا ہے اکبر دل میں میرے یہ خیال
حضرتِ سید سے جا کر عرض کرتا کوئی کاش

درمیانِ قعرِ دریا تختہ بندم کردہ ٔ
باز میگوئی کہ دامن تر مکن ہشیار باش

رات اُس مس سے کلیسا میں ہوا میں دوچار
ہائے وہ حُسن وہ شوخی وہ نزاکت وہ اُبھار

زلفِ پیچاں میں وہ سج دھج کہ بلائیں بھی مرید
قدِ رعنا میں وہ خم خم کہ قیامت بھی شہید

آنکھیں وہ فتنۂ دوراں کہ گنہگار کریں
گال وہ صبحِ درخشاں کہ ملک پیار کریں

گرم تقریر جسے سننے کو شعلہ لپکے
دلکش آواز کہ سُن کر جسے بلبل چہکے

دلکشی چال میں ایسی کہ ستارے رُک جائیں
سرکشی ناز میں ایسی کہ گورنر جھک جائیں

آتشِ حسن سے تقویٰ کو جلانے والی
بجلیاں لطفِ تبسم سے گرانے والی

پہلوئے حُسنِ بیاں شوخیٔ تقریر میں غرق
ترکی و مصر و فلسطین کے حالات میں برق

پس گیا ٹوٹ گیا، دل میں سکت ہی نہ رہی
سُر تھے تمکین کے جس گت میں وہ گت ہی نہ رہی

ضبط کے عزم کا اسوقت اثر کچھ نہ ہوا
"یا حفیظ" کا کیا ورد مگر کچھ نہ ہوا

عرض کی میں نے کہ اے گلشنِ فطرت کی بہار
دولت و عزت و ایماں ترے قدموں پہ نثار

تو اگر عہدِ وفا باندھ کے میری ہو جائے
ساری دنیا سے مرے قلب کو سیری ہو جائے

شوق کے جوش میں میں نے جو زباں یوں کھولی
ناز و انداز سے تیوری کو چڑھا کر بولی؛

غیر ممکن ہے مجھے اُنس مسلمانوں سے
بوئے خون آتی ہے اس قوم کے افسانوں سے

لن ترانی کی یہ لیتے ہیں نمازی بنکر
حملے سرحد پہ کیا کرتے ہیں غازی بنکر

کوئی بنتا ہے جو مہدی تو بگڑ جاتے ہیں   آگ میں کودتے ہیں توپ سے لڑ جاتے ہیں
مطمئن ہو کوئی کیونکر کہ ہیں یہ نیک نہاد   ہے ہنوز انکی رگوں میں اثرِ حکمِ جہاد
دشمنِ صبر کی آنکھوں نے لگاوٹ پائی   کامیابی کی دلِ زار نے آہٹ پائی
عرض کی میں نے کہ اے لذتِ جاں حیف ہے یہ   اب زمانے پہ نہیں ہے اثرِ آدم و نوح
شجرِ طور کا اِس باغ میں پودا ہی نہیں   گیسوے حور کلاس دَور میں سودا ہی نہیں
اب کہاں ذہن میں باقی ہیں براق و رفرف   ٹکٹکی بندھ گئی ہے قوم کی انجن کی طرف
یاں نہ وہ نعرۂ تکبیر نہ وہ جوشِ سپاہ   سب کے سب آپ ہی پڑھ لیتے ہیں سبحان اللہ
جوہرِ تیغِ مجاہد ترے ابرو پہ نثار   نورِ ایماں کا ترے آئینۂ رو پہ نثار
اٹھ گئی صفحۂ خاطر سے وہ بحثِ بد و نیک   دو دِلے ہو رہے ہیں کہتے ہیں اللہ کو ایک
موجِ کوثر کی کہاں اب ہے مرے باغ کے گرد   میں تو تہذیب میں ہوں پیرِ مغاں کا شاگرد
مجھ پہ کچھ وجہِ عتاب آپ کو ایجاں نہیں   نام ہی نام ہے ورنہ میں مسلمان نہیں
مرے اسلام کو اک قصۂ ماضی سمجھو   ہنس کے بولی کہ تو پھر مجھکو بھی راضی سمجھو

عشرتی گھر کی محبت کا مزا بھول گئے   کھا کے لندن کی ہوا عہد وفا بھول گئے
پہنچے ہوٹل میں تو پھر عید کی پروا نہ رہی   کیک کو چکھ کے سویوں کا مزا بھول گئے
موم کی پتلیوں پر ایسی طبیعت پگھلی   چمنِ ہند کی پریوں کی ادا بھول گئے

بے پردہ کل جو آئیں نظر چند بی بیاں   اکبر زمیں میں غیرتِ قومی سے گڑ گیا
پوچھا جو میں نے آپ کا پردہ وہ کیا ہوا   کہنے لگیں کہ عقل پہ مردوں کی پڑ گیا

حرم سرا کی حفاظت کو تیغ ہی نہ رہی   تو کام دیں گی یہ چلمن کی تیلیاں کب تک
جو رونمائی کی رسموں پہ ہے مصر ابلیس   چھپیں گی حضرت حوا کی بیٹیاں کب تک

اسلام کی رونق کا کیا حال کہیں تم سے   کونسل میں بہت سید مسجد میں فقط جمّن
گرجا میں تو کرنیل و کمشنر بھی ہیں موجود   مسجد میں کوئی ڈپٹی و منصف بھی نہیں ہے

ریزولیوشن کی شورش ہے مگر اسکا اثر غائب
پلیٹوں کی صدا سنتا ہوں اور کھانا نہیں آتا

قوم کے غم میں ڈنر کھاتے ہیں حکام کے ساتھ
رنج لیڈر کو بہت ہیں مگر آرام کے ساتھ

ہوئے اس قدر مہذب کبھی گھر کا منہ نہ دیکھا
کٹی عمر ہوٹلوں میں، مرے اسپتال جاکر

بتاؤں آپ کو مرنے کے بعد کیا ہوگا
پلاؤ کھائیں گے احباب فاتحہ ہوگا

فلسفی کو بحث کے اندر خدا ملتا نہیں
ڈور کو سلجھا رہا ہے اور سرا ملتا نہیں

مے بھی ہوٹل میں پیو چندہ بھی دو مسجد میں
شیخ بھی خوش رہیں شیطان بھی بیزار نہ ہو

عیش کا بھی ذوق دینداری کی شہرت کا بھی شوق
اب تو میوزک ہال میں قرآن گایا کیجئے

کل کا آٹا ہے نل کا پانی ہے
آب و دانے کی حکمرانی ہے

دعویٰ بہت بڑا ہے ریاضی میں آپ کو
طولِ شبِ فراق ذرا ناپ دیجئے

آنر کے ساتھ نام گرامی بھی لکھ گیا
یعنی ادھر سے خط غلامی بھی لکھ گیا

کالج میں دھوم مچ رہی ہے پاس پاس کی
عہدوں سے آرہی ہے صدا دور دور کی

ہم ایسی کل کتابیں قابلِ ضبطی سمجھتے ہیں
کہ جن کو پڑھ کے لڑکے باپ کو خبطی سمجھتے ہیں

شوقِ لیلائے سول سروس نے مجھ مجنون کو
اتنا دوڑایا لنگوٹی کر دیا پتلون کو

حریفوں نے رپٹ لکھوائی ہے جا جا کے تھانے میں
کہ اکبر نام لیتا ہے خدا کا اس زمانے میں

کیونکر خدا کے عرش کے قائل ہوں یہ عزیز
جغرافیہ میں عرش کا نقشہ نہیں ملا

آج بنگلے میں مرے آئی تھی آوازِ اذاں
جی رہے ہیں ابھی کچھ اگلے زمانے والے

عادت جو پڑی ہو ہمیشہ سے وہ دور بھلا کب ہوتی ہے
رکھی ہے چونٹی پاکٹ میں پتلون کے اندر دھوتی ہے

ہر گام پہ چند آنکھیں نگراں، ہر موڑ پہ اک لیسنس طلب
اس پارک میں آخر اے اکبر میں نے تو ٹہلنا چھوڑ دیا

لکھے گا کلک حسرت دنیا کی ہسٹری یہ
اندھیر ہو رہا ہے بجلی کی روشنی میں

کیا ہے باقی جناب قبلہ میں
کچھ حدیثیں ہیں ایک ڈنڈا ہے

سو وہ ڈنڈا بھی اب ہے ضبطِ پولیس
ہے زباں گرم قلب ٹھنڈا ہے

خلافِ شرع کبھی شیخ تھوکتا بھی نہیں
مگر اندھیرے اجالے میں چوکتا بھی نہیں

باہم شبِ وصال غلط فہمیاں ہوئیں
مجھکو پری کا شبہہ ہوا اُن کو بھوت کا

صاحب میں سب برائی لیکن وہ خوب چوکس
گاندھی میں سب بھلائی لیکن محض وہ بے بس

آپ منکر ہیں غلامی بھی نہیں ملتی ہے
سلطنت کر گئے عقبےٰ سے ڈرانے والے

اسلام کو جو کہتے ہیں پھیلا بزورِ تیغ
یہ بھی کہیں گے پھیلی خدائی بزورِ قوت

مذہب نے پکارا اے اکبر اللہ نہیں تو کچھ بھی نہیں
یاروں نے کہا یہ قول غلط تنخواہ نہیں تو کچھ بھی نہیں

کیا خبر خلد سے کیوں حضرتِ آدم نکلے
ہم تو مشغول ہیں گیہوں کی خریداری میں

کہتے ہیں مغلوب ہے اکبر خیالِ حور سے
کہہ دو یہ بہتر ہے چھوٹے لبکٹوں کے جوڑے

پردہ اٹھتا ہے ترقی کے یہ سامان تو ہیں
حوریں کالج میں پہونچ جائیں گی غلمان تو ہیں
کٹ گئی ناک حرم میں تو نہیں کچھ پروا
ٹھینگا یہ "ڈیر" میں سننے کے لئے کان تو ہیں
خاصدان آگے بڑھا کر مری باتوں پہ کہا
آپ کیوں جان مری کھاتے ہیں پان تو ہیں

اقوالِ زرّیں

(۱) جو شخص اپنی زبان کو محفوظ رکھتا ہے وہ اپنی آبرو کو بچائے رکھتا ہے۔ (حضرت علیؓ)

(۲) دنیا میں مجھے اگر ایک آدمی بھی ایسا مل جائے جو اپنے نفس کا غلام نہ ہو تو میں اسکو اپنے دل کے معزز ترین گوشے میں جگہ دونگا (شیکسپیر)

(۳) صرف وہی لوگ قابلِ احترام جن کے افعال اور اقوال، انسانی ضروریات کے معاون ہوتے ہیں اور رہم کو غارتگری سے نکال کر شہرت کی بلندی پر پہونچا دیں۔ (لانگ فیلو)

(۴) متردد انسان ہمیشہ ذرا سی مصیبت کو بڑی محسوس کرتا ہے اور اپنی حالت انجام کار بد سے بدتر بنا لیتا ہے۔ (ڈکنس)

امام المتغزلین

کامل عثمانی (درجہ دوازدہم)

تونے حسرت یہ نکالا ہے عجب رنگ غزل — اب بھی کیا ہم تری یکتائی کا دعویٰ نہ کریں

۱۸۵۷ء کے انقلاب کے بعد غزل گوئی نے جس فضا میں سانس لی اس کے ہر ہر گوشے میں امیر و داغ چھائے ہوئے تھے۔ ہماری شاعری محض رسمی و تقلیدی قسم کی رہ گئی تھی۔ شاعری خیالات و جذبات کی نہ تھی بلکہ زبان اور محاورے ردیف اور قافیہ کی تھی۔ "تنگنائے غزل" سے محدود تر ہو گئی تھی اور اپنی تمام خوبیاں کھو کر تیزی سے انحطاط کی طرف مائل تھی۔ انگریزی ادب کی روشناسی اور اردو ادب کی بے مائگی نے حالی اور آزاد کو نظم کا چراغ روشن کرنے پر مجبور کر دیا تھا جس کے سامنے نہ صرف غزل کی روشنی ماند ہو رہی تھی بلکہ آخری سانسیں لے رہی تھی۔ اس کے کچھ عرصے بعد حسرت کی شاعری کا غلغلہ بلند ہوتا ہے اور وہ یہ کہتے ہوئے اٹھتے ہیں۔

اے وہ کہ تجھے شوق ہے تحسین سخن کا — میرا جو کہا مان تو حسرت کی غزل دیکھ

اور موجودہ غزل گوئی کی بنیادیں ڈالتے ہیں جس کی مقبولیت کو انگریزی ادب کی اندھی تقلید اور نظم کی روز افزوں ترقی بھی کوئی دھکا نہ پہونچا سکی۔

لیکن حسرت موہانی کا کمال عام نگاہوں سے بہت حد تک پوشیدہ ہے بظاہر ان کے یہاں کوئی ایسی خوبی نظر نہیں آتی جس کی وجہ سے ان کو کلاسکل حیثیت حاصل ہے۔ ان کی ہستی دوسرے شعرائے متغزلین سے کسی طرح منفرد نظر نہیں آتی۔ ان کو موجودہ غزل گوئی کا امام کہا جاتا ہے۔ ان کی شاعری نئے رجحانات و احساسات کی حامل بتائی جاتی لیکن جب ہم ان کی غزلیں پڑھتے ہیں مثلاً۔

حسن بے پروا کو خود بین و خود آرا کر دیا — کیا کیا میں نے کہ اظہار تمنا کر دیا
بڑھ گئیں تم سے تو مل کر اور بھی بیتابیاں — ہم یہ سمجھے تھے کہ اب دل کو شکیبا کر دیا
پڑھ کے تیرا خط عجب دل کی مرے حالت ہوئی — اضطراب شوق نے ایک حشر برپا کر دیا
ہم رہے یاں تک تری خدمت میں سرگرم نیاز — تجھکو آخر آشنائے ناز بیجا کر دیا
اب نہیں دل کو کسی صورت کسی پہلو قرار — اس نگاہ ناز نے کیا سحر ایسا کر دیا
کیوں نہ ہوں تیری محبت سے منور جان و دل — شمع جب روشن ہوئی گرم تماشا کر دیا
تیری محفل سے اٹھاتا غیر مجھکو کیا مجال — دیکھتا تھا میں کہ تونے بھی اشارا کر دیا

تو دیکھتے ہیں کہ وہی پرانی حسن وعشق کی داستان ہی، دل کی بیتابی کا بیان ہی، خط اور اضطراب شوق کا ذکر ہے ناز و نیاز کا تذکرہ ہی، نگاہ ناز کے سحر سے دل کی بیقراری کا ماجرا ہے، محفل ہے، شمع ہے، رقیب ہے۔ بظاہر یہ شاعری آتش و ناسخ، امیر و داغ کے رنگ میں جذب ہوتی نظر آتی ہی۔

لیکن نہیں نہیں۔ اسے مکرر پڑھیے حسرت محض ناظم نہیں نظر آتا بلکہ ہر شعر شعریت سے اس قدر مملو ہے کہ زبان پر جاری ہوتے ہی دل کی گہرائیوں میں اُتر جاتا ہی۔ معمولی غزل کے شعر نہیں ہیں بلکہ ہر شعر میں تغزل کی پُرکیف تاثیر ہے۔ خیالات وہی ہیں لیکن حسرت نے ان میں تاثیر بھر دی ہے۔ تخیل وہی ہے لیکن مردہ نہیں حسرت کے جوش بیان نے اس میں زندگی کی روح سمو دی۔ جذبات وہی ہیں لیکن حسرت کے قلم نے ان میں اصلیت کا رنگ چوکھا کر دیا طرز ادا وہی ہے۔ لیکن تصنع اور آورد سے خالی حسرت کی سادہ پرکاری نے اس سے اصلی شان تغزل پیدا کر دی ہے حسرت کے یہاں تصوف اور فلسفہ کی گہرائیاں نہیں بلکہ وہ صرف واردات قلبیہ کا بیان کرتے ہیں۔ ان کا محبوب ان کا عشق تخیل کی پیداوار نہیں بلکہ ان کی نزدیکی خالص جمالیاتی کیف پیدا کرتی ہی اور ہم کو تھوڑے وقفے کے لیے دنیاوی تفکرات سے بیفکر کر کے خالص شعر و ادب کی دنیا میں پہونچا دیتی ہے۔ حسرت وہی زبان اور محاورے استعمال کرتے ہیں لیکن خیالات کی ہم آہنگی ان میں شیرینی پیدا کر دیتی ہے۔ حسرت کی اُستادانہ پختگی الفاظ کو اس طرح ترکیب دیتی ہی کہ ان کا ترنم شعر کو ایک لطیف نغمہ کی حیثیت دیتا ہی۔ حسرت کی آواز نئی نہیں لیکن وہ دل سے نکلتی ہے اور دل میں اُتر جاتی ہے غرضکہ حسرت کی شاعری نے ان تمام چیزوں سے متصف ہو کر غزل کے مردہ جسم میں ایک نئی روح پھونک دی ہے اور یہی چیز ان کو امام المتغزلین کہلواتی ہے۔

اقوالِ زرّیں

(۱) حُسن صداقت ہے اور صداقت حُسن ہے۔ (کیٹس)

(۲) کامیابی سے زیادہ کوئی کامیاب شئے نہیں۔ (فرائڈ)

مہجور پپیہا

احسن

جدید اردو شاعری میں شاید ہی کوئی ایسی فرد نظر آئے جس کی نظمیں اسقدر دقیق ہوں جتنی کہ آنی جی جالسی کی۔ ان کی نظم "مہجور پپیہا" پیش کی جاتی ہے۔ اردو میں نیچر پر نظمیں کم ہیں۔ آنی صاحب کی حقیقت بین نظر نے اس میدان میں کیسی کامیابی حاصل کی ہے، وہ شاید میں مندرجہ ذیل سطور سے جوں توں سمجھا سکوں مگر قبل اسکے کہ میں تنقید پر آؤں یہ مناسب معلوم ہوتا ہے کہ وہ پوری نظم یہاں لکھ دوں تاکہ پڑھنے والوں کو نقوش آنی کی ورق گردانی کی زحمت نہ پڑے اور اس وجہ سے بھی کہ تنقید کے ساتھ ساتھ اگر نظم بھی ہو تو لطف بڑھ جاتا ہے۔

کس قدر دلچسپ کیسا دلکشا منظر ہے آہ — جھومتا آتا ہے مستوں کی طرح ابرِ سیاہ
سوچتے ہیں بادہ کش بیٹھے ہوئے عذرِ گناہ — دیکھ لینا اب ہو گا ان سے توبہ کا نباہ

لالہ و گل کی لہک ہے دامنِ کہسار میں — شعلۂ الفت بھڑک اٹھا ہے قلبِ زار میں
برق چمکی کالے کالے ابرِ دریا بار میں — یا امیدِ وصل ہے فرقت کے عہدِ تار میں

یہ پرندوں کی صدا سے گونجتا ہے آسماں — طعنہ زن یا باغِ جنت پر ہے گلزارِ جہاں
ایک جانب گونجیں افسانہ سنجِ بوستاں — دل کو برماتی ہے اک جانب پپیہے کی فغاں

سچ ہے اہلِ مدعا ہونا مصیبت ہے بڑی — آفتیں رہتی ہیں آئے دن درِ دل پر کھڑی
نالہ یوں لیکن کہاں کرتا ہے کوئی ہر گھڑی — اے پپیہے، تجھ پہ آخر ایسی کیا بپتا پڑی

اس قدر دل دوز ہو فریاد جس کی الاماں — کیا غضب ہوگی خدا جانے پھر اسکی داستاں
سنتے ہیں اک عمر سے ہم تو یہی شورِ فغاں — پی کہاں ہے پی کہاں ہے پی کہاں ہے پی کہاں

کچھ نہیں ہم بھی تو کسکی دھن میں آوارہ ہے تو — ڈھونڈھتا ہے کس کو یوں صحرا الصحرا سو بسو
ہر نفس تیرا ہے پائے سعیِ راہِ جستجو — ہر صدا بانگِ درائے کاروانِ آرزو

تو سراپا شوق بن کر پھرتا ہے دیوانہ وار — یا کیا ہے شوق نے خود تیرا قالب اختیار
تیری ہر آواز میں ارمان مضمر ہیں ہزار — آہ اک سازِ تمنا ہے کہ ہے تیری پکار

خیمہ زن ابرِ بہاری زیرِ چرخِ پیر ہے — یا دھواں ہے تیری آہوں کا کہ عالم گیر ہے
تو ہوا میں ہے کہ میری آہ خوش تدبیر ہے — عازمِ عرشِ معلٰی در پئے تاثیر ہے

تو دلِ عاشق ہے، تیری جان دردِ آرزو — اور ہے گرم تیری نبض سردِ آرزو
تو چلا ہے اڑ کے اے صحرا نوردِ آرزو — یا اڑا ہے روح بن کر رنگِ زردِ آرزو

اے کہ تیرے واسطے بسطِ فضا عمانِ ہجر — تجھ کو ہر موجِ ہوا اک موجۂ طوفان ہے
تو اکیلا ناخدا، کوئی نہ کشتی بانِ ہجر — اُف یہ جانِ زار، یہ دریائے بے پایانِ ہجر

اے وجودِ مضطرب، اے مظہرِ شانِ فراق — صبر کر مٹ جائے گا یہ دورِ دورانِ فراق
آرزوئیں یوں اگر ہیں دشمنِ جانِ فراق — اک نہ اک دن چاک رکھا ہے گریبانِ فراق

عجب کیف ہے! عجب عالم ہے۔ 'اسی کیف' اسی عالم کا نام شاعری ہے۔ شاعر محض لفاظی یا محض عکس کشی نہیں کر رہا ہے بلکہ نیچر کے خزانے میں جس چیز پر اس نے نظر ڈالی ہے اس کی تہ تک پہونچ گیا ہے اس نے الفاظ کے زور سے خیالات واحساسات کی ایک لطیف نئی دنیا بنا دی ہے جو ہماری دنیا سے اس قدر مشابہ ہے کہ دونوں میں سر مو فرق نہیں معلوم ہوتا۔ نیچر کا نقشہ اس کمال سے کھینچا ہے کہ گہری نظریں فوراً دیکھ لیتی ہیں۔

شاعر آرزو کا مجسمہ دنیا کی جکڑ بندیوں میں ڈسا ہوا 'پی کہاں'، 'پی کہاں' کہتا ہوا نیچر کی طرف جاتا ہے۔ دلکشا منظر اور لالہ و گل کی لہاب دیکھکر اسکا شعلۂ الفت بھڑک اٹھتا ہے، وہ آگ لگی جس کو دنیا کے معاملات نے دبا رکھا تھا۔ پھر شعلہ فگن ہوتی ہے۔ ایک ہمنوا پپیہے کی صدا کان میں آتی ہے۔ دونوں ایک ہیں دونوں کا دل ایک ہی آگ سے جل رہا ہے مگر شاعر اس قدر بے صبر نہیں ہے جتنا کہ پپیہا اور اسی لئے وہ خیال کرتا ہے کہ پپیہے کی داستان شاید شاعر کی کہانی سے زیادہ دلدوز ہے۔ کچھ سوالات کے بعد شاعر سمجھ جاتا ہے کہ:۔

ہر نفس تیرا ہے پائے سعیِ راہِ جستجو — ہر صدا بانگِ درائے کاروانِ آرزو

اب کیا رہا، پپیہا "سراپا شوق نظر آتا ہے اور اس کی پکار اک سازِ تمنا" اس کی آہوں کا دھواں بادل بنکر آسماں پر چھا جاتا ہے۔ پوری نیچر ایک میدانِ آرزو یا صحرائے آرزو ہے جس میں پیلا رنگ "زردِ آرزو" بنکر اڑتا پھرتا ہے۔ ہجر کا طوفان موجیں مارتا ہوا سامنے آتا ہے مگر پپیہا اس طوفان کا شناور ہے۔ اس کے چھوٹے سے دل میں یہ چھوٹی سی اُمید پورے طوفان کا مقابلہ کرانے کے لئے کافی ہے :-

آرزوئیں یوں اگر ہیں دشمنِ جانِ فراق　　　اک نہ اک دن چاک رکھا ہے گریبانِ فراق

پپیہا شاعر کی زندگی کا ہی نہیں بلکہ ہر شخص کی زندگی کا نمونہ ہے جو زندہ ہے۔ کیا ہماری ہر سانس میں "پی کہاں، پی کہاں" کی آواز نہیں آتی۔ اگر نہیں آتی تو ہم انسان نہیں ہیں۔ ہمارا مدعا کچھ ہو ہماری تدبیریں کچھ ہوں مگر شاعر کو (particulars) سے کوئی غرض نہیں اس کو (Universal) کی تہ تک پہونچنا ہے اور وہ وہاں تک پہونچ گیا ہے۔ اس کی نظر عالم کی گہرائی تک پہونچ ہی نہیں گئی بلکہ اس کے الفاظ نے اس الفاظ کو ہماری آنکھوں کے سامنے بھی پیش کر دیا۔ معلوم ہوتا ہے کہ نیچر کی کتاب سے شاعر نے ایک ورق پھاڑ لیا ہے۔

اردو ادب میں نیچر کے خوشنما مناظر کی عکس کشی مثنوی نویسوں اور مرثیہ گوؤں نے بہت ہی کچھ کی ہے مگر نیچر کی اس گہرائی تک شاید ہی کوئی پہنچا ہو۔ یہ نظم انگریزی ادب کے رومینٹک Romantic شاعروں کے کلام سے ملتی جلتی ہے پوری نظم ورڈسورتھ "Wordsworth" کے رنگ میں ڈوبی ہوئی ہے۔ وہی نیچر، وہی شاعر ہے اور وہی نیچر کا تسلی بخش سبق انسان کے لئے وہی Passions کے تموج میں امید کا ایک تنکا' جو تیرتا پھرتا ہے اور جس کو کوئی طاقت تہِ آب نہیں لیجا سکتی۔ ہ "اے وجودِ مضطرب اے مظہرِ شانِ فراق ؛ صبر کر مٹ جائے گا یہ دور دورانِ فراق"

کہیں کہیں پر شیلی "Shelley" کی خاص طرز یعنی مادی چیزوں کو روحانی مجسمہ دینا" بھی یاد آتی ہے جیسے کہ اس مصرع میں "یا بنا ہے روح بنکر رنگِ زردِ آرزو"۔ یا پپیہے کو "وجودِ مضطرب" یا اس بند پر "کچھ سنیں ہم بھی...... الخ" تو شیلی Shelley کا وہ بند یاد آجاتا ہے جسمیں اسکائی لارک "Skylark" سے اس نے پوچھا ہے:-

What objects are the fountains
Of thy happy strain ?
What fields, what waves what mountains ?
What shapes of sky are plain ?
What love of thine own kind ?
What ignorance of pain ?

مگر تعجب کی بات یہ ہے کہ مانی صاحب انگریزی شاعری سے از بس ناواقف ہیں، انھوں نے کبھی ورڈسورتھ اور شیلی "Shelley" کا نام بھی نہیں سنا ہے مگر انکا فلسفۂ نیچر ان شاعروں سے کسی قدر مشابہ ہے، اس کی وجہ صرف یہ ہے کہ مانی صاحب بھی نیچر کی اسی گہرائی تک پہونچ گئے ہیں .... جس گہرائی تک ورڈسورتھ اور شیلی پہنچے تھے اور نیچر کے universal اصول ہر جگہ ایک ہیں۔

اکبر اعظم اور مذہبی رجحانات

سید احمد زیدی (درجہ دوازدہم)

اس سے پیشتر کہ اکبر کے مذہبی رجحانات کا تعین کیا جائے اور ان کی نوعیت پر بحث کی جائے یہ بتا دینا بہتر ہوگا کہ اکبر کے رجحانات شروع سے آخر تک یکساں نہیں رہے بلکہ وقت اور زمانہ کے ساتھ ساتھ وہ بھی بدلتے رہے۔ لہذا یہ نہیں کہا جا سکتا کہ تاریخ و سن کا سلسلہ جو ہم نے اکبر کی مذہبی تبدیلیوں کو واضح کرنے کے لیے استعمال کیا ہے کس حد تک یقینی ہے یعنی یہ نہیں کہا جا سکتا ہے کہ کس سن سے کس سن تک بادشاہ کے کیا عقائد تھے۔ لیکن پھر بھی مورخین نے صحیح تاریخ معلوم کرنے میں کافی جستجو کی ہے۔ اور قیاس کیا جاتا ہے کہ وقت اور مدت کی قائم کردہ حدود اگر بالکل صحیح نہیں ہیں تو بھی قریب قریب صحیح ضرور ہیں اکبر کے مذہبی رجحانات میں گاہے بگاہے تبدیلی ہوتی رہی اور اس کے مذہبی رجحانات کو تین ادوار میں تقسیم کیا جا سکتا ہے۔

پہلا دور ۱۵۵۶ء سے ۱۵۷۹ء تک

اس دور میں بادشاہ کے عقائد بالکل اسلامی رہے۔ اکبر اس زمانہ میں اکثر مسلمان فقیروں کے مزارات پر زیارت کے لیے جاتا تھا اور یہ بھی کہا جاتا ہے کہ خواجہ معین الدین چشتی کی درگاہ پر آگرے سے اجمیر تک پیدل سفر کرتا تھا جب حاجیوں کے قافلے جاتے تھے تو یہ ان کو الوداع کہتا تھا۔ ایک دفعہ جب قافلہ کو رخصت کیا تو عین حالت حج کی وضع بنائی وہی دو چادروں کا لباس ننگے سر ننگے پاؤں تھوڑی دور قافلہ کا ساتھ دیا۔ اور جب آواز بلند لَبَّیْکَ لَبَّیْکَ لَا شَرِیْکَ لَکَ لَبَّیْکَ کہنا شروع کیا تو دیکھنے والوں پر ایک کیفیت طاری ہوگئی اور اس انبوہ سے آواز نالہ و زاری بلند ہوئی اور جب حاجی واپس آتے تھے تو اکبر اپنی انتہائی خوشی کا اظہار کرتا تھا۔ اس زمانہ میں اکبر کی حکومت مولویوں کے زیر اثر تھی اور مذہبی پارٹی کے لیڈر صدر الصدور کہلاتے تھے شیخ مخدوم الملک اور شیخ عبدالنبی صدر تھے۔

دوسرا دور ۱۵۷۹ء سے ۱۵۸۲ء تک

یہ وہ دور شروع ہوتا ہے جس دور میں اکبر کے دماغ میں آہستہ آہستہ تبدیلی پیدا ہونا شروع ہوگئی تھی مورخین اس کے مختلف وجوہ بتاتے ہیں۔ اس زمانہ میں اکبر نے دوسری مذاہب کے لوگوں سے تبادلہ خیال شروع کیا۔ ۱۵۶۲ء میں اکبر کی شادی جے پور کے راجہ بہاری مل کی لڑکی سے ہوئی اگر چہ یہ شادی بادی النظر میں ایک سیاسی شادی کا

تھی لیکن راجپوت شہزادی کی محل شاہی میں موجودگی ایک اہم واقعہ تھا اور اکبر اس سے متاثر ہوئے بغیر نہیں رہ سکتا تھا ۱۵۶۳ء میں جبکہ وہ شکار کھیل رہا تھا تو اس نے اس علاقہ کا خراج معاف کر دیا ۱۵۶۴ء میں جزیہ معاف کیا اور ہندوؤں کے ساتھ عمدہ سلوک کی ابتدا کی۔ اہل ہنود خیال کرنے لگے کہ اب حکومت بابر کی حکومت نہ رہی بلکہ کسی ہندوستانی بادشاہ کی ہوگئی ہے۔ یہی وہ زمانہ ہے کہ اکبر کو صوفی کتابوں سے مطالعہ کا شوق پیدا ہوا اور تصوف اس کی پسندیدہ چیز بن گئی۔ ۱۵۶۷ء میں اکبر کے دربار میں فیضی پہونچا اور ۱۵۷۴ء میں ابوالفضل داخل ہوا۔ ان دونوں کے خیالات نے بادشاہ پر گہرا اثر ڈالا۔ اب اس کا دماغ سچائی کی جانب راغب ہوا اور مذہب کے بارے میں نئے نئے خیالات پیدا ہونا شروع ہوگئے۔ بادشاہ پر ان باتوں کا ایسا اثر ہوا کہ بے سوئے راتیں گزار دیتا تھا۔ فتحپور سیکری میں ایوان شاہی کے پاس سب سے الگ ایک عمارت بنا کر عبادت خانہ نام رکھا اور وہاں اکیلا رات کو شب بیداری کرتا تھا یا ہو اور یا ہادی کے نعرے لگاتا اور ایک پتھر کی سل پر بیٹھ کر جو محل کے دروازے کے سامنے پڑی ہوئی تھی نور سحر سے دل روشن کرتا۔ ہر طبقہ کے علماء میں بحث و مباحثہ ہوتا مگر اس کا نتیجہ اچھا نہ نکلا۔ علماء میں ایک دوسرے کے مذہب پر چوٹیں ہونے لگیں جس کا نتیجہ خراب نکلا ۱۵۷۸ء میں علماء میں دو گروہ ہو گئے جن میں سے ایک سبطی کہلایا اور قبطی کے نام سے موسوم ہوا اس زمانہ میں ملحدانہ خیالات رکھنے والوں نے اکبر کے کان بھر دیئے کہ مذہب اسلام میں تو کچھ رکھا ہی نہیں ہے اور نہ اس مذہب کی کچھ حقیقت ہے ۱۵۷۸ء تک بادشاہ نے یہ معلوم کرنے کی کوشش کی کہ کون سا مذہب اچھا ہے لیکن وہ اس میں ناکامیاب ہوا جس کی وجہ صرف علماء کے آپس کے جھگڑے تھے۔ اور دوسرا سبب علمیت کا کم ہونا تھا کیونکہ وہ معمولی صلاحیت کے آدمیوں سے گھرا رہتا تھا جس کی بنا پر بادشاہ کے شکوک بڑھتے جاتے تھے اور پانچ چھ سال کے بعد اکبر کے دل سے اسلامی جذبات ختم ہوگئے۔

دین الٰہی ۔ جب بادشاہ کو ان مذہبی مباحثوں سے تسلی نہ ہوئی تو اس نے بذات خود ایک نئے مذہب کی بنیاد ڈالی جس میں ہر مذہب کے اچھے اصول رکھے اکبر خود خلیفۂ خدا بنا جیسا کہ اس عبارت سے ظاہر ہے "لا الٰہ الا اللہ اکبر خلیفۃ اللہ" اور اپنا خلیفہ ابوالفضل کو بنایا۔ اب بادشاہ کی حیثیت ایک امام کی حیثیت بن گئی۔ سب علماء نے فتویٰ دے دیا کہ بادشاہ کی رائے ہر مذہبی معاملے میں افضل ہے یہ فتویٰ بعض علماء نے بادشاہ کے ڈر سے اور بعض نے خوشامد کے لئے دیدیا اور فتوے میں اس امر کا اعتراف کیا گیا کہ بادشاہ امام عادل ہے اور مجتہد سے افضل ہے۔ اس مذہب کے خاص کارکن راجہ بیربل اور ابوالفضل تھے۔ لیکن اس مذہب میں سوائے بڑے آدمیوں کے عوام الناس داخل نہیں ہوئے اور اول الذکر اشخاص نے بھی بعض مصلحتوں کی بنا پر اپنا لیا۔ اس مذہب کے آدمی جب ایک دوسرے سے ملتے تھے تو کہتے "اللہ اکبر" اور "جل جلالہ" یہ کلمات بجائے سلام کے استعمال ہوتے تھے اس مذہب کی بنا پر اکبر کی ہر دلعزیزی باقی رہی، اس مذہب کا جزو اعظم عظمت آفتاب تھا۔ حکم ہوا کہ شراب اتنی پیو کہ بدمست نہ کردے

شیر اور سور شجاع جانور ہیں اس لیے ان کا گوشت بھی شجاعت بخشتا ہے۔ دراصل یہ ترکیب شیخ مبارک کی تھی اور اس سے صرف ان کا مقصد مولویوں کے اقتدار کو کم کرنا تھا۔ حقیقت یہ ہے کہ شیخ مبارک نے ایسا کرنے میں بڑی زبردست غلطی کی کیونکہ آئندہ چل کر ایک ایسا دور آیا کہ اکبر کا رجحان مذہب اسلام کی جانب سے بالکل تبدیل ہو گیا اور وہ اسلام کی برائیاں سُننا پسند کرنے لگا۔

تیسرا دور ۱۵۸۲ء سے ۱۵۹۷ء تک

یہ دور اکبر کے رجحانات کا آخری دور تھا۔ اس زمانہ میں دوسرے مذہب کے لوگ آنے شروع ہو گئے یا بعض کو خود اس نے دعوت نامے بھیجکر بلایا۔ جیسا کہ آزاد لکھتے ہیں ملک فرنگ سے پادری اور بابا آئے اور انھوں نے کتاب آسمانی پیش کی گجرات کی طرف سے آتش پرست آئے حکم ہوا کہ قدیم رسم فارسی کے بموجب آتشکدہ بنے اور اسکی آگ ہرگز نہ بجھنے پائے۔ دفتر سے سن ہجری موقوف ہو کر سن الٰہی اکبر شاہی قائم ہوا۔ بلکہ کل اکبری آئین کا نام آئین الٰہی رکھا گیا اسکے ساتھ ساتھ بادشاہ نے برہمنوں کو بھی بلانا شروع کیا برہمنوں نے اکبر پر ایسا رنگ جمایا کہ اسکے دل پر آواگون کا مسئلہ بالکل نقش ہو گیا اور وہ یہ کہنے لگا کہ جس مذہب میں آواگون نہیں وہ مذہب بیکار ہے۔ وہ لوگ مذہب اسلام کی برائیاں کرتے اور اکبر اُن کو سُن سُنکر خوش ہوتا مولانا آزاد قصص ہند میں لکھتے ہیں ایک بالاخانہ خوابگاہ کہلاتا تھا اکبر خود اس میں بیٹھتا تھا اور ایک برہمن کو جس کا نام دیبی تھا چارپائی پر بٹھا کر اسمیں رسیاں باندھتے اور کھینچ لیتے تھے وہ معلق رہتا اور آفتاب۔ ستاروں اور دیوتاؤں کے منتر سکھایا کرتے تھے چنانچہ تسخیر آفتاب کا منتر اور اسکے ایک ہزار ایک نام سیکھ کر پڑھنے شروع کئے۔ چند روز کے بعد قبلۂ عالم سے مہابلی بنگئے اسلام کی رسموں کو سلام کر کے ڈاڑھی کے ساتھ رخصت کر دیا۔ گائے کا گوشت اور لہسن پیاز وغیرہ بہت سی چیزیں حرام اور بہت سی حلال ہو گئیں۔ بلکہ جب والدہ کا انتقال ہو گیا تو پندرہ ہزار اہل دربار کے ساتھ بھدرا[۱] کروایا۔ غرضکہ اکبر نے اب آگ چاند اور سورج کی پوجا شروع کر دی تھی جس کے بارے میں عیسائی پادریوں کی ڈائری اور ان کے صفحات بتلاتے ہیں۔ عبادت کا ڈھنگ بھی اکبر نے بالکل نرالا رکھا تھا یعنی آفتاب کے سامنے دونوں ہاتھ کانوں پر رکھکر کھڑا ہوتا۔ کبھی اُچھلتا کبھی چکر کھا کر کانوں پر مکے مارتا اور سر کو تالو پر سے منڈاتا کہ بزرگوں کی روح تالو میں سے نکلا کرتی ہے۔ اسکے کچھ عرصہ کے بعد اکبر کی مصاحبت شیخ تاج الدین سے ہوئی اسنے بادشاہ کو نئی نئی باتیں بتائیں شیخ تاج الدین بھی قلعہ میں ایسے ہی بلوایا جاتا تھا جس طرح وہ برہمن تعلیم دینے کے لیے آتا تھا۔ اسکے عقائد مسلم عقائد کے خلاف تھے اسنے بادشاہ کو بتلایا کہ بادشاہ ہر زمانہ میں خدا کی طرف سے بھیجا جاتا ہے اسنے کہا کہ بادشاہ کو سجدہ کرنا روا ہے اسلیئے بادشاہ کے چہرہ کو قبلۂ حاجات اور کعبۂ مرادات قرار دیا اس سے اکبر کے دل میں اور نئے قسم کے خیالات پیدا ہو گئے۔ تاریخ شہادت پیش کرتی ہے کہ اکبر کے مذہبی رجحانات از ابتدا تا انتہا ایک نہ تھے بلکہ زمانے کی ہواؤں کے ساتھ ساتھ مرغ قبلہ نما کی طرح اسکے رجحانات بھی بدلتے رہے۔

[۱] تمام چہرہ کے بال بالکل صاف کر ڈالنا بھدرا کہلاتا ہے۔

انتقام

"ایک اصلاحی افسانہ"

مرزا محمود حسین
"درجہ یازدہم"

زبیدہ ایک معصوم لڑکی تھی، دنیا کے مکر و فریب اور تصنع سے ناآشنا، وہ اپنی ایک چھوٹی سی دنیا الگ بسائے ہوئے تھی۔ اس کے چھوٹے سے گاؤں میں دنیا کی دلچسپیاں سما گئی تھیں۔ وہاں کی ہوا شہر کی گندی اور کثیف ہوا سے کہیں زیادہ پاک صاف تھی۔ وہاں کے لوگ خوشی اور اطمینان کی زندگی بسر کرتے تھے، زبیدہ ایک کاشتکار کی بیٹی تھی۔ وہ اُن مسرتوں اور دلچسپیوں سے ناآشنا تھی جو اس کی ہمسن لڑکیاں شہروں میں عالیشان زندگی بسر کرنے میں محسوس کرتی ہیں۔ لیکن وہ خوش تھی اور ایسی خوشی کی مالک جسکو رئیس اپنا خزانہ لٹا کر بھی حاصل نہیں کر سکتے ممتاز اس کی خوشی کا ساتھی تھا۔۔۔۔ نہیں بلکہ اسکی زندگی کا سہارا اور اُسکے دل کا مالک تھا۔ زبیدہ اور ممتاز دونوں ایک ہی مندر کے دیوی اور دیوتا تھے۔ زبیدہ اپنے دیوتا کی پوجا کرتی تھی اور ممتاز اپنی دیوی پر ہار چڑھاتا تھا۔ دونوں کی زندگیاں ایک دلکش خواب کی طرح گذرتی رہیں۔ دونوں ایک دوسرے کی طرف کھنچتے گئے۔ فرق اتنا ہوا کہ زمانے کے ساتھ ساتھ زبیدہ کی شرارت و شوخی، شرم و حیا میں تبدیل ہوتی گئی، لیکن اس کی نیچی نظروں، بات چیت کے شرمیلے انداز سے یہ ظاہر ہوتا تھا کہ اس نے جوانی کی منزل میں قدم رکھا ہے۔ اب ممتاز اٹھارہ سال کا جوان اور زبیدہ چودہ برس کی دوشیزہ تھی لیکن زندگی کے لمحات کے ساتھ ساتھ دونوں کے دل محبت کی بندشوں سے جکڑتے گئے، زبیدہ کا چھوٹا بھائی سلیم بھی ممتاز کو بہت چاہتا تھا۔ ممتاز اور زبیدہ کی محبت نے دو خاندانوں میں میل و محبت کا بیج بو دیا تھا۔ ممتاز کا بڈھا باپ زبیدہ کو اپنی لڑکی کی طرح پیار کرتا تھا اور زبیدہ کے گھر والے ممتاز کو اپنے ہی کنبہ کا ایک فرد شمار کرتے تھے۔

یہ موسم گرما کا ذکر ہے جبکہ ممتاز کی منگنی زبیدہ سے قرار پائی اور شادی اسی سال ماہ اکتوبر میں فصل کی تیاری پر ہونے والی تھی۔ یہ ایک منحوس زمانہ تھا جبکہ ایک آوارہ زمیندار الطاف کا قدم اُس پاک گاؤں میں آیا۔ اسکی ناپاک سانسوں نے گاؤں کی پاک و صاف ہوا میں زہر پھیلا دیا۔ اس کی چالاکیوں اور مکاریوں نے گاؤں کے بھولے بھالے دلوں کو مکر و فریب سے بھر دیا۔ الطاف کی کوٹھی زبیدہ کے کھیت سے تین میل کے فاصلے پر تھی۔ اندھیری راتوں میں بجلی کی روشنی کوٹھی [illegible] کھڑکیوں سے [illegible] کھیتوں پر پڑتی تھی [illegible]

سناٹے میں وہ کھینچی ہوئی معلوم ہوتی تھی۔ کبھی کبھی شرابیوں کی تکرار اور قہقہوں کی آوازیں کوٹھی میں گونجتی ہوئی سنائی دیتی تھیں۔ کیونکہ زمین جو انور کی اراضی سے ملحق تھی زبیدہ کے والد جمیل کی ذاتی ملکیت تھی اسلئے وہ بگڑے ہوئے زمیندار سے ڈرتے نہیں تھے بلکہ نفرت کرتے تھے لیکن ممتاز اور اسکا بڈھا باپ افتخار انور کے مزارعین تھے۔

ماہ جون میں ایک دن صبح کے وقت زبیدہ اکیلی اپنے کمرے میں بیٹھی تھی اسکا چھوٹا بھائی سلیم بھی پاس بیٹھا ہوا اپنے اسکول کا سبق یاد کر رہا تھا۔ زبیدہ کسی فکر میں غرق تھی، شاید وہ کسی آنیوالے کا انتظار کر رہی تھی ایکایک گھوڑے کے ٹاپوں کی آواز نے اُسے چونکا دیا۔ اس کے چہرے پر مسرت کے آثار نمایاں ہوگئے۔ ہلکے سے تبسم کے ساتھ اس کے ہونٹھوں کو جنبش ہوئی اور آنکھیں کھڑکی کی طرف اُٹھ گئیں۔ گھوڑے کی ٹاپوں کی آواز نے اسکے دل کی حرکت کو اور خون کی روانی کو اور تیز کر دیا۔ گھوڑا کھڑکی کے پاس آکر رکا۔ یکایک وہ جھجکی اور پیچھے ہٹی۔ بیس سالہ نوجوان جسکی آنکھیں نشے سے مخمور ہو رہی تھیں، زبیدہ کو گھور رہا تھا۔ زبیدہ کچھ کھوسی گئی تھی، کہ ایک آواز نے اُسے چونکا دیا "ارے کوئی اندر ہے؟" زبیدہ نے سلیم سے کہا "جاؤ پوچھو یہ کیا کہنا چاہتا ہے؟" سلیم باہر گیا اور کہا کہ ابا گھر پر نہیں ہیں آپ کو کیا کام ہے؟ انور نے سلیم کو پیارے گود میں اٹھالیا اور ایک روپیہ اسکے ہاتھ پر رکھتے ہوئے کہا جاؤ تم بازار سے مٹھائی لے آؤ میں جبتک تمھارے یہاں بیٹھ کر جمیل کی راہ دیکھتا ہوں، مجھے بڑا ضروری کام ہے۔ بچہ شیطان کے بہکانے میں آگیا۔ اور خوشی خوشی بازار کو روانہ ہوگیا۔ انور جس کے دل میں ناپاک جذبات کا ہجوم تھا۔ بڑا طمینان سرت کیساتھ گھر میں داخل ہوا تھوڑی دیر میں سلیم واپس آیا سائیں نور کا گھوڑا لئے باہر تھا سلیم جیسے ہی مکان میں داخل ہوا اُسنے اپنی بہن کی چیخ سنی اور دوڑ کر کمرے میں گھس گیا۔ اُسے ایک روح فرسا نظارہ دکھائی دیا۔ زبیدہ کے بال پریشان تھے، چہرہ غصہ سے تمتایا ہوا تھا، آنکھیں غیظ وغضب سے سُرخ ہوگئی تھیں مگر وہ خاموش تھی۔ چارپائی کے کنارے پر بیٹھی ہانپ رہی تھی۔ سلیم نے دیکھا۔ اُس کی آنکھوں میں سفید قطرے چمکتے ہوئے دکھائی دیرہے تھے۔ انور نہایت اطمینان سے اُٹھا اور باہر نکل گیا۔

تھوڑی ہی دیر میں ممتاز خوش خوش، سیٹی بجاتا ہوا گھر میں داخل ہوا۔ لیکن گھر کی غمگین فضا نے اسمیں حیرت انگیز انقلاب پیدا کر دیا۔ زبیدہ نے بہتے ہوئے آنسوؤں کے ساتھ انور کے گستاخانہ سلوک کو دُہرایا اور اپنی پاکبازی کا یقین دلایا۔ زبیدہ کے الفاظ نے ممتاز کے دل میں اک آگ سی لگا دی۔ وہ انور سے بدلہ لینے کی فوری تدبیریں سوچنے لگا اور وہاں سے روانہ ہوگیا۔

شام کا وقت تھا گھر میں ہر طرف اضطراب پھیلا ہوا تھا۔ زبیدہ کی حالت دیوانوں کی حدتک پہونچ چکی تھی۔ اسی پریشانی میں زبیدہ کی نظر میز پر پڑی جسپر ایک چاک شدہ لفافہ پڑا ہوا تھا۔ زبیدہ نے لفافہ

اٹھایا۔ اسمیں سے ایک پرزہ نکلا جسپر یہ الفاظ درج تھے۔

"زبیدہ میں تمھیں خیرباد کہتا ہوں اور اس وقت تک واپس نہ ہونگا جبتک انور سے انتقام نہ لیلوں۔ چاہے یہ شعلۂ انتقام مجھے خود ہی جلا دے۔ انور کلکتہ بھاگ گیا ہے اور میں اُس کا انتظار کر رہا ہوں"

تمھارا ممتاز

زمانہ گذرتا گیا۔ انور کے نظر سے دور ہوجانے اور گھر والوں کے سمجھانے سے ممتاز کا جوشِ انتقام کچھ سرد پڑ چکا تھا۔ بسنت کا زمانہ آیا۔ چاروں طرف لہلہاتے ہوئے کھیت تھے، زرد زرد پھول آنکھو میں سمائے جاتے تھے۔ یہی زبیدہ اور ممتاز کی شادی کا زمانہ تھا۔ ممتاز کے بڈھے باپ افتخار نے اپنے بیٹے کی شادی کا سامان فراہم کیا اور ایک بار پھر ان دو گھروں میں خوشی کے شادیانے بجنے لگے۔ ممتاز اور زبیدہ خوشی کے آنسوؤں کے ساتھ ملے۔

ممتاز اور زبیدہ کی شادی کو ابھی ایک ہی ہفتہ ہوا تھا کہ ایک دن ممتاز سیٹی بجاتا ہوا باہر کو نکلا۔ پیچھے پیچھے اسکا کتا "پونو" بھی آرہا تھا۔ ممتاز خوش تھا، وہ جانتا تھا کہ زبیدہ کے ساتھ اس کی زندگی کے ہر لمحات خوشگوار گذریں گے۔ وہ اپنے کتے سے کھیلتا ہوا اپنی اراضی کی طرف بڑھا۔ دفعتاً ایک خرگوش جھاڑی سے نکلا اور کتا اسکے پیچھے لپکا۔ ممتاز سمجھتا تھا کہ اُسے اپنی اراضی میں بھی شکار کا حق حاصل نہیں اسلئے وہ کتے کو آوازیں دیتا اُسکے پیچھے دوڑا۔ اُسنے آوازیں دیں، سیٹیاں بھی بجائیں مگر کتا نہ مانا آخرکار اس نے ایک کھیت میں خرگوش کو مار ڈالا۔ یہ کھیت انور کی ملکیت میں تھا۔ عین اسی وقت انور دو باغبانوں کے ساتھ موقع پر آپہونچا اور ممتاز پر بلا سند بغیر اجازت شکار کھیلنے کا الزام لگایا۔ ممتاز پر مصیبتوں کے بادل پھٹ پڑے، جھوٹے گواہوں نے روپیہ کے آگے سر جھکا دیا اور یہ جیل کی چہار دیواری کی نذر کردیا گیا۔

ممتاز کا بڈھا باپ افتخار اپنے بیٹے کو جیل کی چہار دیواری کے باہر دیکھنے کو زندہ نہ رہ سکا اور نہ جمیل اپنی پیاری بیٹی زبیدہ کی مصیبتوں پر آنسو بہانے کو بچا۔ زمین مقدمہ کے ہاتھوں فروخت ہوچکی تھی اور کوئی مستقل آمدنی نہ تھی جس کی مدد سے کسی دوسری انصاف کی عدالت کا دروازہ کھٹکھٹایا جاتا۔ وہ آگ جو ممتاز کے دل میں وقتی مسرتوں کی وجہ سے دب گئی تھی پھر سے بھڑک اُٹھی، وہ سمجھتا تھا کہ اسکے باپ افتخار اور خسر جمیل کی موت کا باعث صرف انور کی ذات ہے، اسلئے ایک خوفناک انتقام پر ہمہ تن آمادہ ہوگیا۔

جب ممتاز کی مدتِ قید ختم ہوئی تو زبیدہ اس کے استقبال کو گئی۔ ممتاز کی جدائی سے زبیدہ بالکل زرد ہوگئی تھی، آنکھوں کے گرد حلقے پڑ گئے تھے۔ اُسے بہت سے دن فاقے سے بھی گذرے تھے، مگر ممتاز کو دیکھتے ہی

اس نے مسکرانے کی کوشش کی اور اپنے نرم ہاتھ ممتاز کے ہاتھوں پر رکھ دیئے گویا کہ بہت دنوں کے بچھڑے ہوئے ساتھی مل رہے تھے۔

ممتاز اب بالکل بدل چکا تھا۔ وہ ہر وقت غمگین رہتا تھا۔ افلاس اور تنگدستی سے پیچھا چھڑانے کے لئے ممتاز نے نوکری کی کوشش کی۔ لیکن وہ زمانے کی نظروں میں ایک سزایاب ملزم کی حیثیت رکھتا تھا اسلئے ایک ملزم کے لئے کہیں جگہ نہ تھی۔ آخر کار ایک چونے کے بھٹے پر ملازم ہوگیا اور سلیم کو بھی اپنی ماتحتی میں لے لیا۔

ایک رات کو دس بج چکے تھے، چار دنطرف سناٹا چھایا ہوا تھا۔ چاند اپنی پھیکی کرنوں سے بھٹہ کا دھندلا منظر پیش کر رہا تھا۔ ممتاز اور سلیم اپنے کاموں سے فراغت کر کے گھر جانے کو تھے کہ انور بھٹے کے پاس سے گذرتے ہوئے دکھائی دیا۔ ممتاز نے انور پر دلیرانہ حملہ کرتے ہوئے کہا "ظالم! تو نے مدتوں مجھ پر ظلم کئے مگر تو آج میرے بس میں ہے"۔ دونوں کو آپس میں گتھم گتھا دیکھکر سلیم نے ایک چیخ ماری۔ ممتاز نے سلیم سے خاموش ہوجانے کو کہا اور ادھر سے انور کو پیٹھ پر لاد کر بھٹے کی طرف بڑھا۔ بھٹا پورے شباب پر گرم تھا، تیز زرد اور سرخ رنگ کے شعلے چاروں طرف سے اٹھ رہے تھے۔ "رحم! رحم!!" ہلکی سی آواز انور کے منہ سے نکلکر فضا میں گونجی۔ مگر ممتاز اپنے ارادے سے ایک انچ بھی پیچھے نہ ہٹا اور انور کو بھٹہ کے لپکتے ہوئے شعلوں اور دہکتے ہوئے انگاروں کا لقمہ بنا دیا

مقدمہ کی سماعت میں صفائی کے کافی گواہ گذرنے کے باوجود بھی انور کا خون پکار اٹھا اور ممتاز کا جرم ثابت ہوگیا۔

ہفتہ کے دن زبیدہ بے ہوش پڑی رہی۔ جب بارہ کا گھنٹہ بجنا شروع ہوا تو چونک کر اٹھ بیٹھی اور گھنٹے کی آوازوں کو گننا شروع کیا۔ جب بارہواں گھنٹہ بجا تو اس نے کہا "ممتاز ٹھہرو! میں بھی تمہارے ساتھ آتی ہوں"۔ یہ کہکر ایک چیخ ماری اور زمین پر گر کر ہمیشہ کے لئے خاموش ہوگئی۔

۔ یہ وہی وقت تھا جو وقت ممتاز کو پھانسی پر لٹکایا گیا تھا۔ افسوس،،

پھول تو دو دن بہار جانفزا دکھلا گئے
حسرت ان غنچوں پہ ہے جو بے کھلے مرجھا گئے

"شاہد"

سید محمد غلام حسین رضوی (درجہ دوازدہم)

اگر ذوق مکمل ہے کے ڈوبے ڈوبنے والا   جہاں ساحل نہیں ہوتا ہے ساحل ہو ہی جاتا ہے

مدن پور ایک چھوٹی سی بستی ہے۔ جہاں چند گھر مسلمانوں کے بھی ہیں یہاں کے زمیندار صاحب اتفاق سے مسلمان ہیں۔ اور کٹر مسلمان، مذہب سے ان کو خاص رغبت ہے اُن میں قومی ہمدردی کوٹ کوٹ کر بھری ہوئی ہے۔ اس وجہ سے اس کی ترقی کے لیے ہمیشہ کوشاں رہتے ہیں اُن کے یہاں ہر وقت مذہب کا چرچا رہتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ گھر میں سب مذہبی رنگ میں رنگے ہوئے ہیں۔ یہاں تک کہ بچے بھی مذہب کے بارے میں بہت کافی معلومات رکھتے ہیں ان کا بچہ شاہد تو سب سے بڑھا ہوا ہے گو ابھی بچپن ہے مگر روزے نماز کا بہت پابند ہے۔ شاہد کے بعد نجمہ کا نمبر ہے۔ یہ شاہد کی چچا زاد بہن ہے۔ نجمہ ہے تو شاہد سے عمر میں چھوٹی مگر کبھی اسنے نماز قضا نہ کی۔ دونوں میں حد درجہ کی محبت ہے۔ ایک دوسرے پر جان دیتے ہیں۔ بالکل اس شعر کی طرح گھل مل گئے ہیں۔ ؎

"من تو شدم تو من شدی من تن شدم تو جاں شدی"
تاکس نہ گوید بعد ازیں، من دیگرم تو دیگری"

نجمہ اور شاہد کی بھولی بھالی باتوں سے والدین کا دل باغ باغ ہو جاتا ہے۔ ان کی میٹھی میٹھی باتیں سُنکر وہ پھولے نہیں سماتے ہیں۔ چاہتے ہیں کہ ہر وقت یہ دونوں بچے آنکھوں کے سامنے رہیں ایک لمحہ کی جدائی بھی پریشان کر دیتی۔ اس انتہائی محبت کا نتیجہ یہ ہوا کہ نجمہ اور شاہد کے والدین نے یہ طے کر لیا کہ ان کی آپس میں شادی کر دینگے تاکہ ہر وقت نظروں کے سامنے رہیں اور ہجر کے صدمات نہ اٹھانا پڑیں بہت ناز و نعم سے دونوں کی پرورش ہو رہی تھی اس طرح سے نجمہ اور شاہد مستقبل سے کوسوں دور حال کی رنگین فضاؤں میں سانس لے رہے تھے۔

رفتہ رفتہ بہار کا وہ زمانہ بھی آ پہونچا جب لڑکپن کی معصوم شوخیوں نے حجاب کی صورت اختیار کر لی تو بچپنے کا وہ الھڑپن سنجیدگی سے بدل گیا۔ اب محبت نے ایک دوسرا رنگ اختیار کر لیا۔ یہ بھی سُنا تھا کہ ایک دوسرے سے شادی ہو گی جس کی وجہ سے ایک دوسرے کے قدم بقدم چلتے تھے۔ اختلافات کو دور کر کے ایک جان دو قالب ہو گئے مگر ساتھ ہی ساتھ بزرگوں کا پاس ادب بھی تھا جس کی وجہ سے قصداً ایک دوسرے سے سختی کے ساتھ پردہ کرتے تھے نجمہ اور شاہد کبھی ساتھ ساتھ بزرگوں کے پاس نہ آتے۔ شرم و حیا اُن کا قدم تھام لیتی تھی۔ لیکن ایک دوسرے سے دُور دُور رہتے ہوئے بھی روحانی محبت کی زنجیروں میں جکڑے ہوئے تھے۔

ایک مرتبہ شاہد نے نجمہ سے پوچھا "بتاؤ تم میرے متعلق کیا کہتی ہو؟" نجمہ کی نیچی نظریں اوپر اٹھیں چہرے

پر شرم و حیا کی سُرخی دوڑ گئی نظریں نیچی کرلیں۔ شرمیلے انداز میں کہا "میرے دل و دماغ پہ چھائے ہوئے ہو تم۔ ذرّے کو آفتاب بنائے ہوئے ہو تم" "تم مجھکو کیوں چاہتے ہو شاہد؟ اب تو وہ بچپن بھی نہیں ہے کہ ساتھ رہنے کی محبت ہو۔ پیارے شاہد لڑکپن کا زمانہ بھی کیسا دلفریب ہوتا ہے۔ مجھے رہ رہ کے بچپن کی باتیں یاد آرہی ہیں جب ہم تم ایک دوسرے کے ساتھ رہتے تھے کاش! پھر وہ حسین دن لوٹ آئیں۔

دو دن لوٹے جوانی دیدے ادھار بچپن　　　کھو گیا کدھر تو تیرے نثار بچپن

شاہد نے کہا کیا کہتی ہو نجمہ؟ مجھے خود نہیں معلوم۔ مگر ہاں اتنا جانتا ہوں کہ تم سے محبت ہے اور حقیقی محبت نجمہ! اس کا جواب تم کو خود معلوم ہے۔

"یہ بات، یہ تبسم، یہ ناز، یہ نگاہیں　　　آخر تمھیں بتاؤ کیونکر نہ تم کو چاہیں"

بولو نجمہ۔ بولو چپ کیوں ہو؟ ادھر دیکھو ادھر" نجمہ چونک پڑی معلوم ہوتا تھا کہ کسی گہرے خیال میں ڈوبی ہوئی تھی۔ شاہد کی طرف دیکھا۔ آنکھوں میں خوشی کے آنسو جھلک رہے تھے اور اس میں ڈبڈبائی ہوئی نجمہ کی نرگسی آنکھیں یہ کہہ رہی تھیں "شاہد! مجھے تم سے ایسی ہی امید تھی" شاہد نے پھر کہا "نجمہ! اچھا اور والد نے یہ طے کیا ہے کہ جب ہائی اسکول پاس کرلوں گا تب ہماری تمھاری شادی ہوگی۔ اس سے ہماری محبت اور پائدار ہو جائے گی۔ کیونکہ بہترین اور سچا عشق وہ ہے جس کا انجام شادی ہو۔ ہماری بھی شادی ہونے کو ہے۔ اس وجہ سے یہ محبت، یہ ہماری الفت بھی سچی اور بہترین ہے جس کا کوئی ثانی نہیں" نجمہ کا چہرہ فرط محبت سے چمک اٹھا۔ دونوں ہنستے ہوئے مکان کے مختلف حصوں کی طرف چلے گئے۔

گرمی کا زمانہ ہے۔ مارچ کا مہینہ، امتحان سر پر کھڑا! معمولی امتحان بھی نہیں بورڈ کا امتحان ہے۔ شاہد مکان کے ایک کمرے میں بیٹھا ہوا پڑھ رہا ہے مگر کبھی کبھی اُٹھ کر ٹہلنے بھی لگتا ہے۔ اکثر یہ بھی کہتا "امتحان میں پاس ہو گیا۔ مگر ہو سکتا ہے کہ رائے بدل جاوے۔ نجمہ کے ساتھ شادی نہ ہو تب کیا ہوگا؟ نہیں! نہیں! ایسا نہیں ہو سکتا یہ لوگ اپنے وعدے کے خلاف نہ کریں گے مگر ممکن ہے انسانی فطرت ہے تو اس کو بدلتے کتنی دیر لگتی ہے۔ لیکن نجمہ! نجمہ! مجھ سے اچھے ہی لوگ مل سکتے ہیں مگر میرا ایسا نہ ملے گا۔ اے دل سکون پر آ۔ دیکھ! تیری کامیابی اُسی وقت ہوگی جب تو محنت کرے گا۔ اور امتحان میں بھی اچھی طرح سے پاس ہوگا تیرے لیے جو شرط ہے اُس کو پوری کر پھر دیکھا جاویگا۔ ممکن نہیں کہ ہم میں اگر صحیح خواہش ہے تو وہ پوری نہ ہو۔ بس اے دل! تو کتابوں کی طرف رجوع ہو کہ اس کے بعد ایفائے وعدہ کا وقت آتا ہے" پھر کتابوں کی ورق گردانی میں گم ہو جاتا ہے۔

امتحان کا زمانہ آپہونچا۔ صرف دو دن اور باقی ہیں۔ شاہد نے کورس کو مکمل طور سے ختم کر لیا ہے امید ہے کہ فرسٹ سے کم نہ آئے گا۔ مگر اس پر بھی راتوں کی نیند حرام ہو گئی ہے۔ اسی الجھن میں پڑا ہوا ہے کہ نجمہ میری

سب کچھ ہے۔ اس کے ہی لیے میں نے اتنی محنت کی ہے۔ اگر وہ نہ ملی تو یہ سب بیکار ہے۔ یہ لوہڈ کی ڈگریاں کسی کام نہ آویں گی۔ مگر پھر دل سے یوں ہمکلام ہوتا ہے " اے دل تو اتنا کیوں پریشان ہوتا ہے۔ خدا مددگار ہے جائز کام کرنے والے کو خدا دوست رکھتا ہے۔ تیری محبت بے لوث اور پاک ہے۔ اس لیے خدا تجھکو کامیاب کرے گا گھبرا مت آشتی سے کام لے "

خدا معلوم شاہد کی کتنی راتیں اسی قسم کی باتوں میں کٹ جائیں۔ امتحان شروع ہو گیا۔ پرچے یکے بعد دیگرے گزرنے لگے۔ امتحان ختم ہوا۔ شاہد نے پرچے اچھے کئے ہیں۔ بےچینی کے ساتھ نتیجہ کا انتظار کر رہا ہے۔ اس وجہ سے کہ اس پر ہی اسکی قسمت کا فیصلہ ہونے والا ہے۔ نجمہ سے اسی وقت شادی ہو سکتی ہے جب شاہد کا نام بھی کامیاب امیدواروں کی فہرست میں ہو اور تب اُس کو حق حاصل ہے کہ وعدہ کو ایفا کی صورت میں دیکھے۔ اسی خیال نے اس کی راتوں کی نیند حرام کر دی۔ رات آنکھوں ہی آنکھوں میں کٹ جاتی ہے۔ کسی کروٹ چین نہیں آتا اکثر رات کے سناٹے میں آسمان کے ننھے ننھے چمکتے ہوئے ستاروں سے خطاب کرنے لگتا " اے آسمان کے چمکتے ہوئے ستارو! اے اندھیری رات میں مسافروں کے رہبر! اے عاشقوں کے مونسو! تم نے اس دنیا کا نشیب و فراز دیکھا ہے۔ یہاں کے ذرہ ذرہ سے واقف ہو بتاؤ! کیا میں اپنے مقصد میں کامیاب ہونگا؟ کیا میری امید بر آئے گی؟ جواب دو۔ خاموش کیوں ہو؟ حسرت بھری نظروں سے اسکی طرف دیکھتا ہے۔ جب کوئی جواب نہیں دیتے خاموش ہو جاتا۔ آنکھوں سے گرم گرم آنسو ٹپکنے لگتے ہیں مگر پھر دل کو تسلی دیتا ہے۔

اُمید کو قائم رکھو ہو جاؤگے تم کامران! ٭ گرچہ گھٹائیں یاس کی ہوں باعث خوف و خطر

جون کا مہینہ ہے، گرمی شدت سے پڑ رہی ہے ہر طرف اک آگ سی لگی ہوئی ہے۔ جس کو دیکھو گرمی سے پریشان، پسینہ سے شرابور ہے۔ لوگوں کو کسی پہلو چین نہیں آتا۔ شاہد اپنے کمرہ میں بیٹھا ہوا کچھ سوچ رہا ہے یک بیک اٹھکر کھڑا ہو گیا شیروانی پہنی۔ ٹوپی دی اور سائیکل لے کر بغیر کسی شے کے ایک طرف کو روانہ ہو گیا دوپہر کا وقت جون کا مہینہ، دھوپ کی تیزی۔ گرد و غبار کا اُڑنا۔ اور ادھر شاہد ان سب تکلیفوں کو جھیلتا ہوا ریلوے اسٹیشن کی طرف جا رہا تھا۔ سورج کی تیز تیز کرنیں شاہد کے گلابی چہرہ کو جھلسائے دے رہی تھیں۔ مگر خدا معلوم کیوں۔ جوں جوں اسٹیشن کے قریب ہوتا جاتا .... چہرہ کا رنگ اور روشن ہوتا گیا۔ اسٹیشن پر سائیکل سے اترا چہرہ گرد و غبار سے اٹا ہوا تھا مگر پھر بھی چاند کی طرح چمک رہا تھا۔ پلیٹ فارم پر بہت سے ساتھیوں سے ملاقات ہوئی جو ہائی اسکول کے نتیجہ کے اخبار کو دیکھنے آئے تھے۔ شاہد اور اسکے دوستوں میں ادھر ادھر کی باتیں ہونے لگیں اتنے میں دوسری ٹرین آتی ہوئی نظر پڑی سب کے دل دھڑکنے لگے کہ دیکھو کیا ہوتا ہے پاس ہوتے ہیں یا فیل کتنے لوگوں کے لیے یہ ٹرین باعث رنج و غم ہو گی اور بہت سے ایسے ہونگے جن کو یہ مژدہ جاں بخش سنائے گی اور وہ

گلاب کی پنکھڑیوں کی طرح کھل جائیں گے۔

تھوڑی دیر میں گاڑی پلیٹ فارم پر آکر رُکی اور لڑکوں میں ایک بےچینی سی پیدا ہوگئی۔ شاہد نے ایک اخبار خریدا۔ دھڑکتے ہوئے دل اور کانپتے ہوئے ہاتھوں سے اخبار کھولا۔ ورق پر ورق اُلٹتا چلا جاتا ہے مگر اس کو اپنے اسکول کا نام ہی نظر نہیں آتا۔ آخر میں ایک صفحہ پر اس کی نظریں رُک گئیں۔ اسکول کا نام مل گیا۔ گھبراہٹ میں اپنے پیپر صرف رول نمبر پر نظر ڈالی۔ مگر رول نمبر نہ ملا۔ طرح طرح کے خیالات نے دماغ میں چکر لگانا شروع کر دیا۔ کبھی کہتا فیل ہوگیا۔ میری آرزوئیں اب ہمیشہ کے لیے ختم ہوگئیں۔ نجمہ کو اب کیا منہ دکھاؤں گا۔ بہتر ہے کہ میں جان دیدوں۔ ذلیل ہونے سے کیا فائدہ۔ لوگ کہیں گے کہ بنتے تھے بہت قابل مگر فیل ہوگئے۔ ساری قابلیت ہوا ہوگئی۔ لیکن پھر سوچتا ہے کہ اگر میں نے جان دے دی یا کہیں بھاگ گیا تو نجمہ کی کیا حالت ہوگی۔ بیچاری رو رو کر جان دے دیگی اور پھر والدین کو کتنا قلق ہوگا۔ مصیبت کے پہاڑ ٹوٹ پڑیں گے۔ اُف یہ کیا ہوگیا! اب کیا کروں۔ کون سا منہ لے کر گھر جاؤں۔ پھر سوچا خیر جو کچھ ہونا تھا ہوا دیکھوں کون کون سے لوگ پاس ہیں۔ اخبار اٹھایا۔ بالکل آخر سے لوگوں کے نام یکے بعد دیگرے دیکھنے لگا۔ لوگ جو تھرڈ کلاس پاس تھے ان کا نام دیکھ چکا پھر سکنڈ پاس ہونے والے لڑکوں کے نام دیکھنے لگا وہ بھی ختم ہوگیا تو فرسٹ پاس ہونے والوں لڑکوں کا نام دیکھا۔ سب نام دیکھ چکا ہے۔ صرف تین چار نام اور اخبار میں ہیں۔ شاہد نے کہا "اب میں ضرور فیل ہوگیا" چہرہ پر اداسی چھاگئی رنج سے دل بیٹھا جاتا تھا ہاتھ سے اخبار چھوٹ گیا مگر کہا "لاؤ اس کو بھی دیکھ لوں" اخبار اٹھایا سب نام پڑھتا گیا۔ سب سے آخر کا جو نام تھا اس پر نگاہیں جم گئیں بار بار پڑھا خوب غور کر کے دیکھا کہ کہیں نظریں دھوکا تو نہیں کھا رہی ہیں۔ جب کامل یقین ہوگیا کہ یہ میرا ہی نام ہے تو خوشی کے مارے اچھل پڑا۔ تیزی کے ساتھ گھر کی طرف چلا۔ لوگ شاہد کا انتظار کر رہے تھے۔ پوچھا "اس دھوپ میں کہاں گئے تھے؟" جواب میں شاہد نے سلام کیا اور اخبار کو پیش کیا۔ اخبار دیکھا گیا۔ شاہد فرسٹ آیا تھا ہر طرف سے مبارکباد کی آوازیں آنے لگیں سب شاہد کی تعریفیں کر رہے تھے۔ مگر وہ کسی دوسرے خیال میں محو تھا۔ چہرہ سے معلوم ہوتا تھا کہ کسی بات میں الجھا ہوا ہے یہ خوشی کا وقت تھا لیکن شاہد بت کی طرح خموش تھا۔

شام کا وقت تھا سورج کی آخری کرنیں وداع ہو رہی تھیں دن کے ہنگامے سکوت میں بدل رہے تھے رفتہ رفتہ اندھیرا ہونے لگا مکانوں میں لالٹینیں روشن ہوگئیں مگر تھوڑی دیر میں چاند نکل آیا۔ چاندنی چھٹک گئی چاند اپنی پوری آب و تاب سے چمک رہا تھا اُس کی روپہلی کرنیں روئے زمین کو سیمیں بنا رہی تھیں۔ ایسے میں انسان ایک تڑپ محسوس کرتا ہے سوتے ہوئے جذبے جاگ اُٹھتے ہیں اور انسان اپنے کو کسی دوسری دنیا میں پاتا ہے ماضی اور حال کی اسے کوئی خبر نہیں رہتی۔ سب باتیں فراموش ہوجاتی ہیں وہ ہوتا ہے اور اس کے رنگین تصورات کی دنیا۔

لیکن شاہد کے دل پر رنج و غم کے بادل چھائے ہوئے ہیں۔ گلاب سے چہرہ پر اداسی چھائی ہوئی ہے کبھی اُٹھتا ہے،

اور کبھی بیٹھتا ہے اور کبھی ٹہلنے لگتا ہے۔ شاہد کسی اہم معاملے میں اُلجھا ہوا ہے۔ اتنے میں آنکھوں سے گرم گرم آنسو ٹپکنے لگے سسکیاں لیتے ہوئے شاہد نے کہا "دھوکا" سخت دھوکا یہ عزیز ہیں۔ اپنے ہوتے ہیں لیکن ان کا یہ برتاؤ! یہ دوست نما دشمن ہیں۔ میں نے ان کا کیا بگاڑا تھا آخر انھوں نے ایسا کیا ہی کیوں؟ سچ ہے۔

اس بزم میں کوئی بھی شناسا نہیں ہوتا　　　اپنا جسے سمجھے ہیں وہ اپنا نہیں ہوتا

جس کو میں نے اپنا دوست سمجھا تھا وہی آج مخالف ہو رہے ہیں۔ صاف صاف بھی تو کچھ نہیں کہتے ان کی باتوں کا کیونکر یقین آئے۔ کوئی کہتا ہے کہ جب نوکر ہو جاتا تب نجمہ سے شادی کرنا اور کوئی کہتا ہے کہ بی اے پاس کر لو غرض جو ہے وہ اپنی الگ ڈیڑھ اینٹ کی مسجد بنا رہا ہے۔

کوئی ہمدرد و مونس نہیں ——— کیا کروں ——— کس سے کہوں ——— یہ لوگ نہیں چاہتے کہ نجمہ کے ساتھ میری شادی ہو۔

نجمہ! نجمہ!! میں اب تجھ سے ہمیشہ کے لیے جدا ہوتا ہوں۔ کبھی اگر بھولے سے یاد آ جاؤں تو چند آنسو بہا لینا

شاہد نے یہ طے کر لیا کہ کل وہ کوئی نئی چیز دنیا کے سامنے پیش کرے گا۔ ارادہ کا پکا ہے۔ سب انتظام درست کر کے پلنگ پر لیٹ رہا مگر نیند کا پتہ نہیں دماغ میں طرح طرح کے خیالات چکر لگا رہے تھے۔ رات آدھی سے زیادہ ہو چکی ہے۔ چاروں طرف سناٹا چھایا ہوا ہے۔ یک بیک شاہد کی آنکھ لگ گئی۔ کیا دیکھتا ہے کہ ایک پہاڑی ہے۔ چاروں طرف نالے بہہ رہے ہیں۔ تھوڑے فاصلے پر ایک جھرنا ہے جس کے قریب ہی ایک کٹی نظر آئی شاید کسی پہنچے ہوئے فقیر کی ہے جو دنیا سے الگ رہ کر یاد الٰہی میں مصروف ہے۔ شاہد کا دل بے اختیار کٹی کی طرف کھنچنے لگا۔ ہچکچاتا ہوا کٹی کے قریب آیا مگر اندر جانے میں کوئی قوت مانع ہو رہی ہے۔ وہیں کٹی کے قریب ایک چٹان پر بیٹھ گیا دل مضطرب ہوا ایک ہوک سی جگر میں اُٹھی۔ گھر یاد آیا۔ نجمہ کی بھولی بھالی شکل آنکھوں میں پھرنے لگی۔ بے اختیار رونے لگا۔ ہچکیاں بندھ گئیں کہ اتنے میں سر پر کسی نے ہاتھ رکھا۔ ایک دردآشنا آواز آئی "کیوں روتا ہے" صبر کر خدا مددگار ہے وہی سب کا بیڑا پار لگاتا ہے شاہد نے گھوم کر دیکھا ایک فرشتہ سیرت بزرگ سر پر ہمدردی سے ہاتھ پھیر رہا ہے۔ شاہد اور پھوٹ پھوٹ کر رونے لگا اُس فرشتہ سیرت بزرگ نے تسلی اور تشفی دینا شروع کی مگر شاہد کو ان تسلی آمیز باتوں سے کیا ہو سکتا تھا۔ اُس کے سینے میں تو ایک آگ لگی ہوئی تھی۔ مارے صدموں کے دل بیٹھا جاتا تھا۔ تسلی کی باتوں سے تنگ آ کر کہا۔

رہنے دو تسلی تم بس اب دل غمگیں کی　　　کیوں منہ سے لگاتے ہو ٹوٹا ہوا پیمانہ

فقیر نے یہ سنا تھوڑی دیر خاموش کھڑا اُس کی صورت دیکھا کیا۔ پھر کہنے لگا معلوم ہوتا ہے تجھ پر کوئی بہت بڑی مصیبت پڑی ہے۔ خدا تیری مدد کرے لے یہ جنتر ہے اس کو پہن لے۔ خدا چاہے گا تو تیری سب مشکلیں کٹ جائیں گی شاہد کو فقیر نے پہنا دیا۔ اُس کے پہنتے ہی شاہد کو ایک تیز جھٹکا محسوس ہوا اور وہ چٹان سے سو گز کے فاصلے پر ایک نشیب

میں جا گرا۔ جہاں یاقوت و نیلم کے ہزاروں ٹکڑے پڑے ہوئے تھے۔ شاہد کی آنکھ کھل گئی اُسے یہ دیکھ کر تعجب ہوا کہ وہ ابھی اُس کے گلے میں کوئی نوکیلی سی چیز پڑی ہوئی تھی۔ نقیب کی بات کا خیال آیا۔ فوراً اُٹھ بیٹھا۔ سویرا ہو چلا تھا۔ چڑیاں چہچہا رہی تھیں۔ وضو کیا۔ نماز پڑھی اور پھر دیر تک سجدۂ شکر کا لطف لیتا رہا۔ صبح ہو گئی اور اس کے ساتھ ہی ساتھ شاہد کی وہ پہلے کی سی افسردگی بھی جاتی رہی۔ آج شاہد کا چہرہ مارے خوشی کے چمک رہا تھا جس سے باتیں کرتا ہنس ہنس کر سب کو ایک حیرت تھی کہ کیا بات ہے کہ شاہد پھولے نہیں سماتا۔ لوگ تعجب کر رہے تھے کہ اتنے میں دوپہر کا وقت آیا لوگ کھانا کھانے بیٹھے مگر شاہد کا پتہ نہ تھا کسی نے خیال نہ کیا۔ کھانا شروع ہو گیا ادھر اُدھر کی باتیں بھی ہو رہی تھیں۔ اسی دوران میں نجمہ کا بھی ذکر آیا۔ کچھ لوگوں نے کہا کہ اب نجمہ کی شادی کر دینا چاہیے مگر کہاں کی جاوے یہ سوال ابھی باقی تھا کہ اتنے میں شاہد آتا ہوا نظر پڑا۔ سب خاموش ہو گئے۔ شاہد نے کھانا کھایا اور دیر تک وہیں بیٹھا رہا۔ شاہد کے چلے جانے کے بعد پھر وہی قصہ چھڑا۔ کچھ لوگوں نے کہا کہ شاہد کے ساتھ ہو اور بہتوں نے اس کی مخالفت کی مگر تھوڑی دیر کے بعد یہ طے ہوا کہ نہیں نجمہ کی شادی شاہد کے ساتھ ضرور ہو گی اور اس خیال نے کچھ ایسا زور پکڑا کہ دو دن کے اندر اندر نجمہ اور شاہد کی شادی ہو گئی اور شاہد نے بھی عزیزوں کے برتاؤ کو بھلانے کی کوشش کی اور اس میں کامیاب رہا۔

عزیزوں کی بے وفائیوں پر حفیظ　　　صبر کرنا بھی مجھے آ جائے گا

اقوالِ زریں

(۱) ہماری سب سے بڑی خوبی کبھی نہ گرنے میں نہیں بلکہ ہر دفعہ گر جانے کے بعد اٹھنے میں ہے (گولڈ اسمتھ)

(۲) کسی شخص کی عظمت پر حسد نہ کرو کیونکہ اس طرح اپنے کو تم بدترین خلائق ثابت کرتے ہو۔ (ہربرٹ)

(۳) زندگی میں اپنے دوستوں کا محتاج ہونے سے بہتر ہے کہ بعد مرگ اپنے دشمنوں کے لئے مال چھوڑ جاؤ۔ (افلاطون)

"زندگی کی ایک رات"

سید محمد سبطین ایم، اے (غو)
سابق طالب علم شیعہ کالج لکھنؤ

لکھنؤ کے ایک شہری کھیت میں ایک نوجوان کام کر رہا ہے، سر سے پیر تک پسینے میں غرق، لیکن بڑی سرگرمی سے زمین کھودنے میں مشغول ہے، آفتاب کی سنہری شعاعیں اُس پر پڑ رہی ہیں، اُس کا لباس کسی دفتر کے کلرک کا ہے، وہ کسی طرح بھی کسان نہیں معلوم ہوتا، لیکن اُس کی رگوں میں کسانی جوش اور انہاک کام کر رہا ہے، اُس کے ہاتھوں میں پھاوڑا ہے لیکن نرم اور کمزور ہاتھ اس کے عادی نہیں معلوم ہوتے، وہ کام کرتے کرتے بےچینی محسوس کرتا ہے، کچھ رُکتا ہے لیکن پھر اُسی گرمی کے ساتھ کام شروع کر دیتا ہے، کبھی اپنے پھاوڑے کا سہارا لے کر کھڑا ہو جاتا ہے اور زیر لب کچھ بڑبڑاتا ہے، اُس کی نظریں ایک دم کے لیے غروب ہوتے ہوئے سورج کی طرف اُٹھتی ہیں، اس کی آنکھوں میں ایک چمک پیدا ہوتی ہے، لیکن پھر وہ سابقہ مستعدی سے کام کرتا ہے، اُس کا انہاک یہ بتاتا ہے کہ شاید اُسے کم از کم ایک ایکڑ زمین آج ہی کھودنی ہے، اُس کے سامنے اُس کے کاشت کیے ہوئے آلو اور دیگر ترکاریوں کے ڈھیر ہیں، وہ خیالات کی رو میں اپنی نوجوان بیوی سے باتیں بھی کرتا ہے جو ان چیزوں کے پکانے میں بڑی سرگرمی دکھاتی ہے

سورج کی آخری کرنیں بھی دُنیا کو خیرباد کہہ چکی ہیں، اندھیرا ہو چکا ہے، وہ اطمینان کی آخری سانس لے کر سیدھا کھڑا ہوتا ہے، پھاوڑا کاندھے پر رکھ کر کچھ دور پر نظر آنے والے چھوٹے سے مکان کی طرف بڑھتا ہے یہی وہ وقت ہے جبکہ اس کو بھوک ستاتی ہے، وہ کھانے کے خیال میں تیزی سے قدم اُٹھائے مکان کی طرف جا رہا ہے، اور اُس کی خیالی دنیا میں ایک پنج سالہ لڑکی ہاتھ پھیلائے اس کی طرف دوڑتی ہے۔

"آہا! میرے اچھے بابا تم آگئے؟ میں بڑی دیر سے تمہارا انتظار کر رہی تھی۔"

وہ اُسے دوڑ کر اُٹھا لیتا ہے، اور پیار کرنے لگتا ہے ——— ہاں: وہ اسی طرح دوڑ کر آیا کرے گی، دیکھوں کب وہ وقت آتا ہے؟ میں اُس کا نام "منورما" رکھوں گا، بڑی پیاری بیٹی ہوگی، میری عدم موجودگی میں اپنی ماں کا دل بہلائے گی۔

وہ اسی خیال میں گھر کے اندر داخل ہوتا ہے، موہنی ایک طرف بیٹھی موزے بُن رہی ہے، اُس کی طرف بالکل متوجہ نہیں ہوتی، اُس نے پھاوڑا ایک طرف رکھ دیا، اور موہنی کی طرف بڑھا، لیکن وہ پھر بھی

متوجہ نہیں ہوئی، اُس کی اس بے رخی کا مطلب وہ یہ سمجھتا ہے کہ وہ اُس کے دیر تک غائب رہنے کی وجہ سے ناخوش ہے، سامنے کھانے کی میز پر کھانا چُنا ہوا ہے، لیکن موہنی نے اس چیز کو بھی اسی طرح نظر انداز کر دیا جس طرح اُس نے اپنے شوہر کو کیا تھا، اس کی نرم اور نازک انگلیاں اُسی طرح اپنے کام میں مشغول ہیں، اس کی خاموشی رمیش کو دعوت جنگ دے رہی ہے، اُس کا غصہ بڑھ رہا ہے، اب وہ خانہ جنگی کے لیے بالکل تیار ہو گیا، اُس نے کہا:۔

"کیا میں نے تمہیں بہت دیر تک انتظار کرایا؟"

"بالکل نہیں" اُس نے جواب دیا۔

موہنی نے اپنا کام بند کر دیا اور اُٹھ کر کھانا گرم کرنے لگی، اُس کے انداز سے ناپسندیدگی کا اظہار ہو رہا تھا اُس کی بڑی بڑی سیاہ آنکھیں بجھی بجھی تھیں، اُس نے رفتہ رفتہ کھانا گرم کر کے میز پر رکھا، اس عرصے میں رمیش اُس کی طرف برابر غور سے دیکھتا رہا، وہ سوچ رہا تھا "موہنی لانبی، خوبصورت اور ارادے کی مضبوط عورت ہے، میں کمزور اور ناتوان جسم کا مالک، وہ درحقیقت اب پہلی موہنی نہیں رہی، اُسے کسی شکاری دولتمند کی بیوی ہونا چاہیے تھا، میں اُس کے لائق نہیں ہوں، لیکن میں کیا کروں، وہ خود بھی اُس وقت شادی کے لیے تیار تھی"

موہنی نے یہ محسوس کر کے کہ رمیش اُس کی طرف ملتجی نگاہوں سے دیکھ رہا ہے مسکرا کر کہا:۔

"کہو کھیت کا کام ٹھیک ہو رہا ہے"

رمیش موہنی کے اس رویّہ پر سخت متعجب ہوا، موہنی کبھی تو اتنی سخت اور کبھی اس قدر نرم و شیریں، اُس کو اپنے سابقہ نظریے پر شبہ ہونے لگا، وہ سوچ رہا تھا "کیا میں نے موہنی کو سمجھنے میں غلطی کی ہے؟ کیا میں نے اُس کو اُسی روز نہیں سمجھا جس روز سے میں نے اُس کو دیکھا تھا"؟ یہ خیال اُس کے دل میں پہلی بار نہیں آیا تھا، لیکن اس نئے جذبے نے پھر اپنا اثر دکھایا، اُس نے اپنے الفاظ پر کہنے سے پہلے افسوس کیا، لیکن پھر بھی کہہ ہی ڈالا۔

"تم کیوں پوچھتی ہو، تمہیں کیا غرض؟"

موہنی نے سر اونچا کیا اور بولی "اچھا نہ سہی، آؤ! اور اب کھانا کھاؤ، ٹھنڈا ہو رہا ہے"

رمیش نے کلام کو جاری رکھتے ہوئے کہا۔ "میرا مطلب یہ ہے کہ شاید تمہیں میرا کام کرنا پسند نہیں، میں نے تو اس کھیت کو اپنی دلچسپی کے لیے خریدا ہے، اور اس پر روزانہ کئی کئی گھنٹے صرف کرتا ہوں لیکن تمہیں کوئی دلچسپی نہیں، ہاں! یہ میں جانتا ہوں کہ تم کچھ نہیں کر سکتیں تو کیا ہمت افزائی کے

چند کلیے بھی تمہیں نہیں آتے ؟ سچ تو یہ ہے کہ تمہیں یہ کھیتی باڑی کا کاروبار قطعی پسند نہیں "۔

دونوں کھانے کے لیے بیٹھے ، موہنی حسب دستور کھانے کی مختلف چیزیں اور پانی اس کو دیتی رہی ، لیکن رمیش کو آج یہ کچھ بھی اچھا نہیں معلوم ہو رہا تھا ، اُس نے معاملے کو صاف کرنے کی غرض سے کہا :۔

"سُنتی ہو ! مجھے کھیت میں کام کرنے کا شوق ہے ، یہ میرا بہترین مشغلہ ہے ، میں اسے ضرور کروں گا"

" ہاں ! مشغلہ تو بہت اچھا اختیار کیا ، کیا کہنا ! "

"کیوں ؟ اس میں کیا خرابی ہے ؟ "

" پہلے ذرا اپنے ہاتھ پیروں کو دیکھو ، بڑے مضبوط ہیں ، تمہارے آگے تو جفاکش کسان بھی مات ہیں ، ہاں ! کچھ طاقت ہوتی تو یہ بھی ٹھیک تھا ، یوں خواہ مخواہ ہلکان ہونے سے کیا فائدہ "۔

کہنے کو تو موہنی نے کہہ دیا لیکن بعد کو خیال آیا کہ یہ ظاہری الفاظ اُس کے دل کی ترجمانی کر چکے اب کچھ نہیں ہو سکتا ، اُس کے گھر سے دیر تک غائب رہنے سے یا کھیت میں کام کرنے سے وہ ناخوش نہیں تھی ، بلکہ ان تمام مناقشات کی تہ میں کوئی اور چیز تھی ، اُس کے الفاظ نے اُس کے اندرونی جذبات جن کو وہ چھپائے رکھنا چاہتی تھی ، غالباً ظاہر کر دیا ، وہ گھبرائی لیکن پھر دل میں کہا " اونہہ ! کیا کروں کوئی غلط بات تو کہی نہیں "۔ موہنی خیالات کی رو میں دُور نکل گئی ، رمیش سے بھی دور جو ایک معمولی کلرک تھا ، جس کا مطمح نظر صرف اپنے ہاتھوں سے ترکاریاں پیدا کرنا تھا ۔

رمیش نے اُس کے جذبات کو اُس کی آنکھوں سے معلوم کر لیا ، اُسے تکلیف ہوئی ، اُسے اپنا نحیف و لاغر جسم وزنی اور گراں معلوم ہونے لگا ، لیکن کوئی جواب اس کی سمجھ میں نہ آیا ۔

دونوں نے خاموشی سے اُس اصلیت کو بھلانے کی کوشش کی جو موہنی کے غیر ارادی جملے نے ان کے پیش نظر کر دی تھی ۔ رمیش نے آخر کار موہنی کے الفاظ کو نظر انداز کرتے ہوئے کہا :۔

" مجھے یہ کام بہت پسند ہے ، تندرستی بھی اچھی رہے گی ، ٹھنڈی ہوا اور محنت بڑی مفید چیزیں ہیں ، دن بھر دفتر میں کام کرنے کے بعد اس سے بہتر مشغلہ میری سمجھ میں نہیں آتا "۔

" ہاں مجھے یقین ہے کہ ضرور یہ تمہارے لیے مفید ہے "۔ موہنی نے اپنے اُس اعتراض کی تلافی کرنے کی غرض سے بہت ہی شیریں لہجے میں کہا " تم ان دنوں کچھ تندرست نظر آتے ہو ، بڑا اچھا مشغلہ ہے "۔

رمیش نے موہنی کے اس لہجے پر کچھ مطمئن ہو کر کہا " لیکن تمہیں ضرور اکیلے بُرا معلوم ہوتا ہوگا ، مجھے اس کا احساس ہے ، کاش میری غیر حاضری میں تمہارا دل بہلانے کے لیے کوئی دوسرا ہوتا "۔

موہنی نے حیرت سے کہا " اس سے تمہارا کیا مطلب ہے ؟ "

"نہیں نہیں" اُس نے ہنستے ہوئے کہا "میرا مطلب یہ ہے ——— ابھی جب میں کھیت سے آرہا تھا تو میں نے خیال کیا کہ کیا اچھا ہوتا اگر ہماری کوئی اولاد ہوتی"

موہنی کا چہرہ سُرخ ہوگیا۔ اُس نے کہا "بار بار تم ایسی ہی باتیں کرتے ہو۔ میں اب سُننا نہیں چاہتی، جب دیکھو یہی تذکرہ — اولاد — اولاد — لیکن ——"

"کیا؟ — کیا مطلب؟" رمیش کا غصہ تیز ہو رہا تھا۔ اُس نے کہا "مجھے ضرورت ہے۔ میں اولاد چاہتا ہوں۔ اور یہ بھی چاہتا ہوں کہ لڑکی ہو تاکہ تمہارا دل بہلا سکے" وہ غصہ سے سُرخ ہو رہا تھا، کرسی پیچھے ڈھکیل کر وہ کھڑا ہوگیا، اور کمرے میں ٹہلنے لگا۔

موہنی نے کنکھیوں سے اس کی طرف دیکھتے ہوئے کہا "آخر تمہارا کیا منشا ہے؟ میرے لیے اب تمہاری باتیں ناقابل برداشت ہوتی جاتی ہیں"

رمیش اوّل تو یوں ہی غصہ سے دیوانہ ہو رہا تھا یہ سُن کر اور آپے سے باہر ہوگیا۔ اُس نے کہا کہ "شاید تم یہ بھول گئی ہو کہ پتی کی اطاعت کرنا ہر استری کا دھرم ہے"

"میں یہ عقل بھری باتیں سُننا گوارا نہیں کرسکتی"

"تو کیا تم یہ چاہتی ہو کہ میں تمہیں چھوڑ دوں"؟

موہنی خاموش ہو رہی، اس کی خاموشی نے رمیش کے غصے کو اور تیز کر دیا، اُس نے کہا "شاید تمہیں اس کا رنج بھی نہ ہو، تم یہی چاہتی ہو"

موہنی نے خلاف اُمید جواب دیا۔ "جیسی تمہاری خوشی"

اِس جملے نے دونوں کو چونکا دیا، وہ غصے کی رَو میں اُس جگہ پہونچ گئے تھے جہاں وہ اُسکی مدد کے بغیر شاید کبھی نہیں پہونچ سکتے تھے، اُنھیں اپنے کانوں پر شبہ ہوا، یہ جملہ کچھ نیا اور بُرا معلوم ہوا، لیکن تھا یہ سب کچھ حقیقت پر مبنی، دونوں نے خود ہی یہ کہا بھی تھا، لہٰذا شبہ کی گنجائش نہ تھی۔

گھڑی نے گیارہ بجائے، موہنی اُٹھی اور سونے کے کمرے کی طرف چلی، رمیش بھی پیچھے پیچھے چلا، وہ خود کو مجرم محسوس کر رہا تھا، اور اس واقعہ کی یاد کو اُس نے بھلانے کی غرض سے کہا "میرا خیال ہے"

"کیا خیال ہے آپ کا" موہنی نے ترشروئی سے کہا۔

"کچھ نہیں یونہی" اُس نے آگے کچھ نہیں کہا کہ شاید موہنی کو اور گراں گزرے۔ رمیش نے کمرے کا لیمپ روشن کیا، بستر ٹھیک کیا اور کھڑکی کے پاس کھڑا ہوگیا۔

ٹھنڈی ٹھنڈی ہوا آ رہی تھی، گھاس کا میدان سامنے تھا جہاں وہ بچپن میں کھیلا کرتا تھا، عہد طفلی و نوجوانی کی تمام یاد تازہ ہو گئی، لیکن اس وقت اس دلچسپ ماضی میں بھی تلخی تھی، وہ اس کی یاد سے اور زیادہ رنجیدہ ہوا، پھر موہنی کی پہلی ملاقات کا منظر بھی سامنے آ گیا، لیکن بجائے خوشی کے اُس کے جذبات کو اذیتیں لگی، نہ معلوم کیا سوچ کر اُس نے کہا:—

"کیا کھڑکیاں کھلی رہنے دوں؟"

"میں نہیں جانتی،" موہنی نے چادر کے اندر منہ چھپاتے ہوئے کہا

رمیش نے دونوں کھڑکیاں کھلی رہنے دیں، لیکن وہیں کھڑا رہا، میدان تاریک نظر آ رہا تھا، چاروں طرف خاموشی چھائی ہوئی تھی، اگر وہ چاہتا تو کھڑکی سے کھیتوں میں چلا جاتا، لیکن پھر کچھ خیال کر کے اپنے پلنگ کی طرف بڑھا، اُس کا پیر کسی چیز سے ٹکرایا۔

"اچھا تو تم نے چوہے دان پھر لگا رکھا ہے۔"

"ہاں" موہنی نے کہا "میں ان چوہوں سے دوستی پسند نہیں کر سکتی۔"

"لیکن یہ تو میدانی چوہے ہیں، آتے ہیں اور چلے جاتے ہیں، کچھ ضرر نہیں پہونچاتے۔"

"کچھ ہوں، فرشتے سہی، میں پسند نہیں کرتی۔"

"ہوں، تو فرشتوں کیلیے یہ جال کافی نہیں ہے، ان کیلیے تو بڑا پنجرہ رکھا ہوتا۔"

موہنی نے اُس کے اس طنز کا جواب خاموشی سے دیا۔ رمیش اور موہنی دونوں جدائی کیلیے تیار تھے دونوں یہ جانتے تھے کہ انھیں علیحدہ ہونے ہی میں چین مل سکتا ہے، لیکن جب تک علیحدگی نہ ہو، یہ عرصہ بار تھا، اور جدائی کا خیال گراں ہو رہا تھا، لیکن موہنی اس تلخ حقیقت کو خاموشی سے برداشت کرنا چاہتی تھی، وہ ان معمولی باتوں میں اس ماحول کو خراب نہیں کرنا چاہتی تھی، جو انھیں آزاد کر سکتا تھا، لیکن رمیش مختلف کوششوں سے اس موجودہ ماحول کو بدلنا چاہتا تھا گو کہ اس کا بھی یہی خیال تھا کہ سہل اور عمدہ طریقہ وہی ہے جس کی کوشش موہنی کر رہی تھی۔

موہنی سو گئی، لیکن رمیش کو نیند نہ آئی، وہ پڑا کروٹیں بدلتا رہا، وہ سوچ رہا تھا "کیا علیحدگی ضروری ہے، ابھی تو میں کسی اور لڑکی سے شادی بھی کرنا نہیں چاہتا، اور نہ کوئی لڑکی میری نظروں میں ہے اور سب سے بڑی بات تو یہ ہے کہ علیحدگی اختیار کرنا کوئی معمولی مسئلہ نہیں کہ انکم اس پر غور کرنے کے لیے وقت چاہیئے ابھی جلدی ہی کیا ہے، یہ معاملہ تو ایسا ہے کہ اطمینان سے طے ہوتا رہے گا، انھیں خیالات میں وہ بھی سو گیا۔

کسی زوردار آواز سے اس کی آنکھ کھل گئی، وہ اُٹھ کر بیٹھ گیا، موہنی نے کہا "یہ کس چیز کی آواز

ں، ذرا دیکھو! مجھے ڈر لگتا ہے، تمہارے سرہانے لیمپ ہوگا، پہلے اُس کو جلاؤ، دیکھو اندھیرے میں ہرگز نہ اُٹھنا
ری کرو، میں ڈر کے مارے مری جاتی ہوں"۔

رمیش نے جلدی سے لیمپ روشن کیا، اُٹھ کر دیکھا تو ایک بڑا چوہا پنجرے میں پھنسا ہوا تھا، اور وہ چوہے دان
ے بند ہونے کی آواز تھی۔

اُس نے چوہے دان اُٹھا کر چوہے کو کتے کے سامنے چھوڑ دینے کا ارادہ کیا (پھر کچھ سوچ کر) "نہیں!
ا خوبصورت چوہا ہے، میں اسے آزاد کیے دیتا ہوں، کہو! تمہاری کیا رائے ہے؟"

یہ کہکر اُس نے چوہے کو باہر چھوڑ دیا، ہوا بہت ٹھنڈی چلنے لگی تھی، اُس نے کھڑکی بند کر دی، اور
پلنگ کی طرف چلا، موہنی جو اُس کے قریب والے پلنگ پر اپنا بستر لا چکی تھی بولی:-

"کہیں سردی نہ لگ جائے، تم یونہی ہوا میں گھومنے لگتے ہو، کمبل اوڑھ لو"۔

رمیش لحاف میں گھس گیا، اور اب دونوں نے اتنی دیر کی جنگ کے بعد خوشی خوشی باتیں کرنا شروع کیں
موہنی کہنے لگی، "مجھے وہاں زمین پر سوتے ہوئے ڈر لگتا ہے، اب میں یہیں سوؤنگی، تم نے بہت اچھا کیا کہ
اُس بیچارے کو آزاد کر دیا، نہ معلوم اُس پر کیا گزر رہی ہوگی"۔

دونوں مسکرائے لیکن پھر خاموش ہوگئے، موجودہ باتوں نے اُن کے جھگڑے کو ختم کر دیا تھا
اور علیحدگی کا سوال التوا میں پڑ گیا تھا، شاید وہ چوہے کی آزادی اور اپنی گرفتاری کے مسئلہ پر غور
کر رہے تھے۔

مجاز

علی عابد درجہ نہم

جتنی ہیں چیزیں اے ہنر لیکے زمیں سے چرخ تک
سب ہیں نظر میں بیقرار، دل جو نہیں قرار میں

رقص و سرود کے جلسے، شراب و کباب کے چرچے، ہمارے قہقہے اور عنادل کے چہچہے اسی وقت تک نشاط انگیز ہیں جبتک دل خوش ہے، لیکن دل کے رنجیدہ ہونے پر یہ تمام اسباب بھی موجب رنج و الم ہوجاتے ہیں پھر بھی دنیا میں کچھ لوگ ایسے ہیں جو اُمید کی بدولت خوشی منا رہے ہیں، رتن ناتھ اسمیں سے ایک تھے، بھدّی صورت مگر عمدہ سیرت، آنکھیں چھوٹی مگر دل کشادہ، زنہار مگر رحیم، حسن دوست مگر پاکباز۔ غرضکہ وہ قدرت کی متضاد صفات کے انوکھے گلدستے تھے۔

وہ روز منھ اندھیرے اُٹھتے، ٹھاکر جی کی پوجا کرتے اور باقی تمام دن دوست احباب میں گزار دیتے، اُن کی عبادت گو اتنی ہی ہوتی جتنی ایک فقیر کی خیرات، تو بھی لوگ ان کو بڑا عبادت گزار سمجھتے تھے، ٹھاکر جی سے انکو کتنی عقیدت تھی اس سے لوگوں کو کوئی بحث نہ تھی۔ اب آپ اس کو قوت ارادی کا صدقہ کہیئے یا اطاعت گذاری کا ثمرہ کہ آج انکو ایک لڑکے کا باپ ہونا نصیب ہوا۔ آج وہ بہت خوش تھے اور ذرا ذرا سی باتوں پر کھلے پڑتے تھے۔ دل کے ساکن تالاب میں مسرت کا کنول پھوٹ چکا تھا اور رتن ناتھ اپنے حسین بچے پھول چند کی خبرگیری میں مصروف تھے۔

پھول چند بھی اُنسے بہت مانوس تھا اور اب تھوڑا بہت چل پھر بھی سکتا تھا۔ رتن ناتھ اسکو دیکھ دیکھ کر جیتے تھے اور اسکا دل بہلانے کی خاطر مٹھائیاں اور کھلونے مہیا رکھتے تھے، مگر ناسمجھ بچہ ان چیزوں کی طرف دیکھتا بھی نہ تھا۔ صحن کے وسط میں ایک پختہ چبوترہ تھا اور اسکے اردگرد خوشنما کیاریوں میں سرخ اور سفید گلاب کے پھول کھلے ہوئے تھے، چھوٹا بچہ انکو ایک دلچسپ کھلونا سمجھ کر لپکتا اور انکو توڑ کر گھنٹوں کھیلا کرتا۔ جاپان کے کھلونے، لندن کے بسکٹ، لکھنؤ کی مٹھیاں اور رتن ناتھ کی پیچ دار باتیں بھی اسکو کھیل سے نہ اٹھا سکتیں، معلوم نہیں ہمنامی یا پھولوں کی خوشنمائی کی وجہ سے پھول چند ان پر اس قدر گرویدہ تھا۔ کاش رتن ناتھ بچہ کو یہی سمجھ کر روکتے کہ پھولوں سے کھیلنے میں کانٹوں سے بھی دوچار ہونا پڑے گا۔ مگر بچہ کی خوشی سے خوش ہونے والے رتن ناتھ کو اتنا ہوش کہاں؟

زمانے نے گردش کی، اب رتن ناتھ کی جگہ پھول چند کا دور دورہ تھا، زمینداری، جائداد اور تمام روپیہ پیسہ کا انتظام اس کے ہاتھوں تھا۔ شاید یہ اس کی حسن انتظامی ہی کا نتیجہ تھا کہ سب اس کو پیار کرتے تھے اور کیوں نہ کرتے جبکہ حسن سیرت کے ساتھ حسن صورت بھی ہو، واقعی پھول چند ایک پھول تھا، پھول ہی کی طرح نازک، پھول ہی کی طرح صاف دل اور پھول ہی کی طرح کھلا ہوا۔ مگر زمانے کے متلاطم سمندر میں ہچکولے کھا رہا تھا۔

(۲)

حسن کی دلکشی مسلم! پھر اگر پھول چند کسی شمع کا پروانہ ہوا تو کیا نئی بات کی۔ اس کے پہلو میں دل تھا اور دل میں امنگیں، پھر جوانی کا نشہ، اگر لیلاوتی کو اس نے اپنی قسمت کا تارا سمجھا تو کیا برا سمجھا۔ لیلاوتی ایک ہندوستانی لڑکی تھی۔ وہ ہندوستان میں پیدا ہوئی اور یہیں پرورش پائی مگر مغربی تہذیب کے زیر اثر وہ اس وقت ایک ایکٹریس تھی۔ جتنی زیادہ حسین اتنی ہی زیادہ کامیاب۔ گو شرم و حیا کا اعلیٰ جوہر جو ہر ہندوستانی رگ و پے میں سرایت کئے ہوئے ہے اس سے بالکل مفقود نہ ہوا تھا تو بھی ایک حد تک زائل ضرور ہو چکا تھا۔

پھول چند سے گواہی تک نظروں کے پیام و سلام کے علاوہ زبانی بات چیت کی نوبت نہ آئی تھی مگر قسمت جو اچھے وقتوں میں الگ نہیں ہوتی برے وقتوں میں کیوں ساتھ چھوڑے۔ چنانچہ اسی سال میں بات چیت ہی نہیں بلکہ ہنسی مذاق تک بھی نوبت پہونچ گئی۔ لیلاوتی جب سے دنیائے فلم میں آئی تھی ایسے کھیل نہ صرف دیکھ ہی چکی تھی بلکہ انمیں نہایت خوبی سے پارٹ بھی ادا کر چکی تھی لہذا اسکے لئے تو یہ کوئی خاص بات نہ تھی مگر پھول چند کے لئے بہت اہم معاملہ تھا، اب ملاقاتوں کا دائرہ روز بروز وسیع ہوتا جا رہا تھا۔ رات دن وہ تھا اور لیلاوتی اور شہر کے تفریحی مقامات۔ لیلاوتی اسپر مہربان تھی جو پھول چند کے خوش ہونے کے لئے بہت کافی تھا۔

محبت ابھی ابتدائی منزل میں تھی اور پھول چند ذرا سی کوشش سے بھی جادۂ محبت منحرف ہو سکتا تھا مگر اس کو کیا پرواہ۔ جوانی ہی کا نشہ کیا تھوڑا تھا جو دولت اور محبت کے نشے نے سونے پر سہاگے کا کام کیا۔ کاش وہ اسوقت اپنے مستقبل پر غور کرتا اور سنبھلنے کی کوشش کرتا مگر اس کی آنکھوں پر تو کچھ ایسے پردے پڑ گئے تھے کہ اس کو کچھ نظر ہی نہ آتا تھا۔ بہرحال آئندہ کا خیال مسرت کی خوش آیند گھڑیوں میں کسکو نہ تھا۔

ایک روز لیلاوتی پھول چند سے خفا ہو گئی اور اسکو ایک نوکر کی طرح گھڑکی دی۔ پھول چند کے لئے لیلاوتی کا بگڑنا بننے سے کم خوبصورت نہ تھا۔ مسرت کی گھڑیاں بہت جلد ختم ہو گئیں۔ ایک سال کا ختم ہونا تھا کہ پھول چند کی آنکھیں کھل گئیں، اس کی تمام دولت محبت کے ثبوت میں لیلاوتی کے ہاتھ میں تھی، اور پھول چند اب ایک مہمان کی حیثیت سے ایک دوست کے یہاں رہنے لگا تھا۔ ملاقاتوں کا دائرہ جس تیزی سے بڑھا تھا اتنی ہی تیزی کے ساتھ گھٹنا شروع ہوا۔ روزانہ ملاقاتوں سے ہفتہ وار اور ہفتہ وار سے مہینہ وار تک نوبت پہونچ گئی تھی

کئی دفعہ اس نے ملاقاتیں بڑھانے کی کوشش کی مگر وہ کامیاب نہ ہو سکا۔

کہا جاتا ہے کہ عیش و عشرت کی زندگی گزارنے والا اگر دفعتاً غریبی کے بھنور میں پھنس جائے تو اسکو زندگی تنگ ہو جاتی ہے مگر پھول چند نے اس کو غلط دکھایا۔ دوست کے گھر میں وہ نہایت تنگی سے بسر کر رہا تھا حالانکہ دوست اسکا بے حد خیال رکھتا تھا مگر گھر کی آسائش کہاں۔ اس کے دوست کو پھول چند کا حال اچھی طرح معلوم تھا۔ اس نے کوشش کی کہ اسکو اب بھی راہ راست پر لگائے، اس نے تمام چیزیں مہیا کر دیں تاکہ پھول چند کا غم غلط ہو۔ مگر پھول چند نے کوئی توجہ نہ کی۔ کئی دفعہ دوست نے اسکو سمجھانے کی کوشش ناکام بھی کی مگر پھول چند اب اسکو بھولنا نہ چاہتا تھا، وہ ہر وقت چپ رہتا تھا۔ اسکی بذلہ سنجی، خوش گفتاری اور حاضر جوابی غائب ہو چکی تھی اور اب وہ ہمیشہ خاموش رہتا تھا۔ لیلا وتی کو بھی پھول چند کے تغیر کا حال معلوم تھا، مگر اسکو کوئی پرواہ نہ تھی، وہ آجکل نئے دوستوں میں مصروف تھی۔ شاید پھول چند اب اس لائق نہ رہا تھا کہ اسکی خدمت کر سکے۔ جدائی کا طولانی وقفہ بھی دھیرے دھیرے گذر رہا تھا اور زمانہ کوشش کر رہا تھا کہ پھول چند رفتہ رفتہ ٹھیک ہو جائے گا۔ مگر ایک مدت گزر چکنے پر بھی پھول چند کی خاموشی میں کوئی تغیر نہ تھا، دوست، احباب، زمانہ یہانتک کہ اسکی برگشتہ قسمت بھی اس کو ٹھیک کرنے کی کوشش کر رہی تھی مگر ایک نہیں تھا تو دنیا سے بے نیاز تھا، بغیر کچھ کئے ہوئے ترحم آمیز نظروں سے اسکو تک رہا تھا۔ صبر کی بھی حد ہوتی ہے اور ضبط کی انتہا۔ پھول چند کا پیمانۂ صبر لبریز ہو چکا تھا لہذا وہ زبوں حالت، ڈگمگاتے ہوئے قدم اور دھڑکتے ہوئے دل کے ساتھ لیلا وتی کے پاس اس وقت پہونچا جب وہ موٹر پر سوار ہونے جا رہی تھی۔ کچھ نئے اور کچھ پرانے دوست اس کے گرد تھے اور ہنسی مذاق ہو رہا تھا پھول چند کو گذشتہ لطف یاد آگئے اور وہ ان میں ڈوب گیا، مگر صرف ایک لمحہ کے لئے کیونکہ اسکو پتہ چلا کہ لیلا وتی اس کو دیکھ رہی ہے۔ اُسنے نظریں اٹھائیں، ایک لمحہ کے لئے اس نے لیلا وتی کو اور لیلا وتی نے اسکو دیکھا مگر اتنی ہی دیر میں لوگوں کے کان کھڑے ہو گئے تھے۔ پھول چند کو کچھ پرواہ نہ تھی شاید وہ کچھ آگے بڑھ گیا اور کچھ کہنے کو منہ کھولا مگر اس کے ہونٹ ہلتے رہ گئے اور وہ کچھ کہہ نہ پایا کیونکہ اس نے دیکھا کہ لیلا وتی گھبرا کے پیچھے ہٹی مگر فوراً ہی وہ سنبھل گئی شاید وہ زیر لب کچھ مسکرائی یا کچھ کہا ہو مگر اتنا تو ضرور ہے کہ وہ بالکل ایک ایکٹرس کی طرح آگے بڑھی جلدی سے منی بیگ کھولا اور ایک اکنی نکالی پھر اس کو لیکر مسکرائی۔ ایک دفعہ اس نے اکنی کو دیکھا اور پھر فوراً ہی پھول چند کو۔ اور پھر وہ اکنی پھول چند کی طرف پھینک دی اور کہا "جاؤ آگے بڑھو سائیں بابا۔" پھول چند کو ایسا معلوم ہوا کہ کسی نے اسکو ایکدم خواب سے جھنجھوڑ دیا ہے اس نے دوڑ کر اکنی اٹھالی، جیسے وہ کوئی قیمتی چیز ہو، ایکدفعہ لیلا وتی کو دیکھا آہ! اس کی نظر میں کتنا درد تھا۔ مگر درد سے ڈوبی ہوئی اور متلاشی نظروں نے یہ معلوم کر لیا کہ اُدھر کی نظریں بھی بے چین پھول چند کو پتہ چلا کہ جیسے لیلا وتی کے خاموش لب اُسے جانے کو کہہ رہے ہیں۔ پھول چند یہ دیکھ کر پلٹا۔ اُسکا پلٹنا تھا کہ

لیلاوتی نے بھی موٹر میں قدم رکھا اور موٹر چل دی۔ پھول چند نے آخری اور الوداعی نظریں موٹر پر ڈالیں اور اس کی آنکھوں سے آنسوؤں کی دو بوندیں گر پڑیں۔ مگر اُسنے باقی آنسوؤں کو ضبط کر لیا اور چپ کھڑا ہوا، اسوقت اسکا عجب حال تھا مسرت اور غم دونوں اسکو بے چین کر رہے تھے، اسکا حال اس باپ کا سا تھا جس کے جوان بیٹے کے مرنے پر ایک لاکھ کی لاٹری نکل آئی ہو۔ راستہ بھر پھول چند کو معلوم ہوا کہ جیسے اُس کے کانوں میں کوئی کہہ رہا ہو کہ "اب تم لیلاوتی سے نہ مل سکوگے۔"

دنیا کو کچھ خبر نہیں کہ وہ کہاں گیا، شاید وہ کسی جنگل میں چلا گیا ہو مگر چاہے کچھ ہی کیوں نہ ہوا ہو یہ ضرور ہے کہ وہ بڑا خوش قسمت تھا۔ آخری وقت بغیر [illegible] اپنی پیش کئے ہوئے اگر اس کو ایک لاکھ کی مل گئی تو معمولی بات نہ تھی۔۔۔

۔۔۔ کچھ دنوں بعد اس بے انت دنیا کی فضا میں ایک ایسی آواز گونج رہی تھی جو سوز، درد اور اثر سے ڈوبی ہوئی تھی اور جس کو کسی مرنے والے کے جاتے ہوئے لب انتہائی مسرت سے ادا کر رہے تھے۔ شاید اُس آواز کا ماحصل یہ ہو ؎

حاصلِ عمر نثارِ رہِ یارے کردم
شادم از زندگیِ خویش کہ کارے کردم

قصیدہ در مدح صاحب العصر و الزمان

از سید بہادر حسین دلکش زبسٹ ایر سائنس

تمہارے عشق میں اب مبتلا سارا زمانا ہے ۔ اٹھا کر پردہ غیبت چلے آؤ جو آنا ہے
خدا کے واسطے جلدی اٹھا دو پردہ غیبت ۔ تمہاری دید کا مشتاق اب سارا زمانا ہے
مٹا دے گا جہاں سے مذہب باطل کی ہستی کو ۔ ظہور حجت حق میں بہت تھوڑا زمانا ہے
تمہارے حسن رخ سے یوں منور باغ دنیا ہے ۔ کہ جو ذرہ چمن کا ہے وہ تابندہ ستارا ہے
چمن میں عندلیبان چمن یوں چہچہاتے ہیں ۔ کہ جیسے باغ عالم میں کوئی گل آنیوالا ہے
جناب نرجس خاتوں کی آغوش تمنا میں ۔ مہ کامل ہے یا اک صبح محشر کا ستارا ہے
سحر تک شام سے آنکھوں سے اشک خوں بہاتا ہوں ۔ تمہارے عشق کا قصہ مجھے رنگیں بنانا ہے
عریضہ دے کے دریا پر ادب سے چپ کھڑا ہوں یوں ۔ کہ جیسے سامنے ہیں وہ فقط پانی کا پردا ہے

رہو ایمان پر قایم وہ اکدن آئیں گے دلکش
فقط حکم خدا کی دیر ہے ان کو تو آنا ہے

بیٹے کی لاش پر ماں کے بین

از سید نجم الحسن شمیم

ماں کہتی تھی رو رو کے مری آنکھوں کے تارے پیارے علی اکبر ۔ افسوس کہ دنیا سے پرارماں ہی سدھارے پیارے علی اکبر
تسلیم دم مرگ مجھے کر کے گئے ہو صدقے گئی تم پر ۔ کیا تم کو دعا دے کے یہ ناشاد پکارے پیارے علی اکبر
ہو جاتی تھی اکثر دل بیتاب کو ڈھارس اس دشت بلا میں ۔ جب دیکھتی تھی میں رخ روشن کو تمہارے پیارے علی اکبر
کی خوب لعینوں سے دغا راہ خدا میں قربان ہو مادر ۔ اماں ترے بکھرے ہوئے گیسو کو سنوارے پیارے علی اکبر
میداں میں تری لاش ہے بے والی و وارث نہیں جاتی ہوں نکلے ۔ اک شمع جلا پائی نہ مرقد پہ تمہارے پیارے علی اکبر
دیکھو تو ذرا ناموں ہمشیر دل افگار روتی ہے وہ ہر دم ۔ لے آؤ بھی اس بیکس ناشاد کو بارے پیارے علی اکبر
مجبور ہوں اتنی کہ کفن دے نہیں سکتی ہے عالم غربت ۔ ہونا نہ خفا ماں سے مرے راج دلارے پیارے علی اکبر
رو رو کے شمیم آہ جو غش کر گئی بانو کہتی تھی یہ ہر دم ۔ پیارے مرے اکبر مرے اکبر مرے پیارے پیارے علی اکبر

کیا سمجھتے تھے کہ دنیا بے خبر ہو جائیگی

از جناب سید سرفراز حسین صاحب خبیر لکھنوی

ڈوبنے کی میرے ساحل پر خبر ہو جائے گی
ہر زبانِ موج اک پیغامبر ہو جائے گی

میری آہِ بے اثر جب با اثر ہو جائے گی
چاک ہوگا پردۂ شب خود سحر ہو جائے گی

زد پہ جب دوزخ کی رکھیں گے مجھے میرے گناہ
رحمتِ معبود خود سینہ سپر ہو جائے گی

ہوگی ظاہر مجھ سے بعدِ مرگ بھی شانِ کمال
خاک میری سُرمۂ اہلِ نظر ہو جائے گی

حشر میں کیا اُن پہ اپنے خون کا دعویٰ کروں
میرا شاہد کون ہے دنیا اُدھر ہو جائے گی

سامنے سب کے مرا دل چاک کیوں کرتے ہیں آپ
میری اُمیدوں کی کثرت پر نظر ہو جائے گی

ختم پر ہے شامِ غم جینے کے قائل تھے نہ ہم
اے فلک کیا موت سے پہلے سحر ہو جائے گی

جان دینا سہل ہے مشکل ہے جینا ہجر میں
زندگی پھر بھی کسی صورت بسر ہو جائے گی

کیسی پیری دل ہوا قبلِ جوانی ہی ضعیف
کیا خبر تھی شام سے پہلے سحر ہو جائے گی

شامِ فرقت کو گزارا شامِ تربت اور ہے
وہ مہم سر ہو چکی ہے یہ بھی سر ہو جائے گی

دفن کر کے ہم کو بھولا ہے زمانا اے خبیر
کیا سمجھتے تھے کہ دنیا بے خبر ہو جائے گی

برسات میں ساغر

جناب فضل نقوی (مدیر تطارہ)

بھیس میں باغ کے روپوش ہے سارا جنگل
منتشر ہوتے ہوئے درد میں ڈوبے نالے
ابر ہر سمت سے اس طرح چمک کر اُٹھے
برق کیا دیکھتی ہے اپنی جبیں سائی میں
رعد کے ساتھ ملا دیتا ہے یوں ساز کوئی
اس تصور کے تلاطم میں یہ دیکھا منظر،

اُف ! یہ برسات، سچکتے ہوئے کالے بادل
اُڑتے پھرتے ہیں ہواؤں میں روپہلی چھالے
جس طرح کوئی گھنے بال جھٹک کر اُٹھے
کتنی طاقت ہے چمکتی ہوئی انگڑائی میں
جس طرح بھول کے دے دیتا ہو آواز کوئی
مسکراتا ہے کوئی ہاتھ پہ رکھے ساغر

کیا یہی وقت ہے واعظ ترے بہلانے کا ؟
رنگ تو دیکھ چھلکتے ہوئے پیمانے کا

تاثراتِ اسدؔ

اسد (انصاری)

بارہا اُٹھ آئے نادم ہو کے جس محفل سے ہم
جا رہے ہیں پھر وہیں مجبور ہو کر دل سے ہم

دیکھ ! او محوِ تغافل دل کی اُمیدیں نہ توڑ
آستاں تک تیرے آئے ہیں بڑی مشکل سے ہم

آئے ہیں سارے جہاں کی ٹھوکریں کھا کر یہاں
اب کہاں جائیں بتا ، اُٹھ کر تری محفل سے ہم

روز اُٹھتے ہیں نئے طوفان بحرِ عشق میں
روز لوٹ آتے ہیں کھا کر ٹکریں ساحل سے ہم

دلے ناکامی ! کہ تھک کر عاشقی کی راہ میں
راہ گھر کی پوچھتے ہیں رہبرِ منزل سے ہم

عشق میں جینے کو تھوڑا بھی سہارا ہے بہت
ہمدمو ! کیوں باز آئیں سعیِ لاحاصل سے ہم

زندگی بھر خوب ہی دل کھول کر شکوے کیے
اب پشیماں ہو رہے ہیں حشر میں قاتل سے ہم

اِک نئی منزل وہیں بنتی ہے راہِ عشق میں
دم جہاں لیتے ہیں تھک کر دُور ہی منزل سے ہم

عشق میں ناگفتنی ہے اے اسدؔ رودادِ غم
کیا کہیں سہتے ہیں کیوں آٹھوں پہر بیدل سے ہم

افکارِ جمیل

ضا جمیل
حب ایڈیٹر

ابتدا تھی عشق کی میں واقفِ منزل نہ تھا ٹھوکریں کھاتا رہا قابو میں میرا دل نہ تھا
ذبح کر کے دیکھ تو لیتے شہیدِ ناز کو کیا مرے جاں رقصِ بسمل دید کے قابل نہ تھا
پیشِ داورِ حشر میں جب ہوگی اُس سے بازپرس میں قسم کھا کر کہوں گا یہ مرا قاتل نہ تھا
ابتدا میں وہ محبت انتہا میں یہ ستم میرا دل لینے سے پہلے آپکا یہ دل نہ تھا
اب میں خود گم کردہ منزل بن گیا ہوں اے جمیل
ذرہ ذرہ چھان ڈالا کوئی میرا دل نہ تھا

حدیں تھیں ختم جفا کی میں آہ کر نہ سکا وفا پرست تھا لیکن نباہ کر نہ سکا
حریمِ ناز میں بھی تھا خیالِ راز و نیاز نگاہِ شوق سوئے جلوہ گاہ کر نہ سکا
نہ آہ کی نہ مری آنکھ سے گرا آنسو کسی کو عشق کا اپنے گواہ کر نہ سکا
کچھ ایسا جذبِ محبت میں بیقرار رہا کھنچا جو تیر جگر سے میں آہ کر نہ سکا
جمیل آئے دمِ نزع وہ عیادت کو
میں سب کے سامنے اُن پر نگاہ کر نہ سکا

تضمین بر غزل مرزا غالب

اکبر حسن صدیقی "اکبرؔ"
(بدایونی)

کوئی آسان ہے ہر کام کا آساں ہونا   ہر گلِ تازہ کو فردوس بداماں ہونا
ہر تجلّی کو فروغِ رُخِ جاناں ہونا   بس کہ دشوار ہے ہر کام کا آساں ہونا
آدمی کو بھی میسّر نہیں انساں ہونا

اب نہ ہم وہ ہیں، نہ وہ شورشِ سودائے نشاط   اب نہ وہ دل ہے، نہ وہ حسرتِ شب ہائے نشاط
لے مُبارک ہو تجھے اے چمن آرائے نشاط   لے گئے خاک میں ہم داغ تمنّائے نشاط
تو ہو اور آپ بصد رنگ گلستاں ہونا

جیتے جی میرے نہ کی اُس نے خدا سے توبہ   اب ہوئی توبہ تو ہو میری بلا سے توبہ
کیا عداوت تھی اُسے اہلِ وفا سے توبہ   کی مرے قتل کے بعد اُس نے جفا سے توبہ
ہائے اُس زُود پشیماں کا پشیماں ہونا

کم نہیں کوئی بھی ہنگامۂ عشرت غالبؔ   پھر جسے تیری محبت سے ہو نسبت غالبؔ
وحشت اور پھر دلِ شوریدہ کی وحشت غالبؔ   حیف اُس چار گرہ کپڑے کی قسمت غالبؔ
جس کی قسمت میں ہو عاشق کا گریباں ہونا

غزل

محمد ولی الحق انصاری
درجۂ دوازدہم (بی)

حاصل ہوا جہاں میں غمِ جاوداں مجھے — لائی مری حیات کہاں سے کہاں مجھے
ہاں ہاں! خوشی سے پھونک دے برقِ تپاں مجھے — ہے جاں سے بھی عزیز مرا آشیاں مجھے
آئی نظر حقیقتِ کون و مکاں مجھے — پہونچا دیا یہ ساغرِ مے نے کہاں مجھے
سمجھے نہ کوئی اہلِ سفر ناتواں مجھے — چھوڑے گا خود نہ تا بعدم کارواں مجھے
سودائے عاشقی تو نہیں کچھ گراں مجھے — ہے پیش کرنا جس کے لیے نقدِ جاں مجھے
دے جلد جام لے مرے پیرِ مغاں مجھے — ہے طاقت سکون و تحمل کہاں مجھے
ہمدم تسلیوں سے تو بڑھتا ہے اور غم — رہنے دے میرے حال پہ اے مہرباں مجھے
معراج پر ہیں میرے تصور کی وسعتیں — ہر اک پہ ہو رہا ہے تمہارا گماں مجھے
بھولے سے یاد آگئی شاید انھیں مری — اتنا پتہ تو دیتی ہیں یہ ہچکیاں مجھے
بہرِ سجودِ شوق وہیں سر جھکا دیا — آئے نظر نقوشِ کفِ پا جہاں مجھے
مرجاؤں گا میں دیکھ کے برباد آشیاں — آزاد کر نہ بہرِ خدا باغباں مجھے
کیسے بیاں کرونگا بھلا اُن کے سامنے — کہنا پڑی گر اپنی کبھی داستاں مجھے

خواہش کروں بہشت کی میں کس سے اے ولی
رشکِ بہشت ہے مرا ہندوستاں مجھے

غزل

سید ممتاز حسین بصیر سابق طالب علم شیعہ کالج لکھنؤ

شہادت کا اپنی صلا چاہتا ہوں — تجھی کو فقط خوں بہا چاہتا ہوں
وہی حسن قدرت سنا چاہتا ہوں — میں کیا اور بتلاؤں کیا چاہتا ہوں
ہو صحرا کا ذرہ کہ دریا کا قطرہ — دلِ گمشدہ کا پتا چاہتا ہوں
کسی کا ہو در مجھ کو سجدے سے مطلب — میں ترویج نقشِ وفا چاہتا ہوں
غریب الوطن ہوں ہے جنت میں الجھن — میں اپنے وطن کی ہوا چاہتا ہوں
یہ کہکر دیا سر شہیدِ وفا نے — بقا بننے والی فنا چاہتا ہوں
ملا درد کے ساتھ دل مجھ کو لیکن — کوئی اور درد آشنا چاہتا ہوں
اٹھا دے مجاز و حقیقت کے پردے — کہ میں آمنا سامنا چاہتا ہوں

بصیر اپنے دل کی لحد کیا بناؤں
کسی کا ابھی نقشِ پا چاہتا ہوں

جلوؤں کو بحجاب کئے جا رہا ہوں میں

سید محمد ابوذر غفاری المتخلص بہ عارف درجہ نہم

نظروں کو بے حجاب کئے جا رہا ہوں میں — یعنی کہ بے نقاب کئے جا رہا ہوں میں
شرمائیں تاکہ وہ نہ کبھی دیکھ کر مجھے — یوں اُن کو بے حجاب کئے جا رہا ہوں میں
ایسی پسند آئی ہے کچھ تیرے در کی خاک — سجدے جو بحجاب کئے جا رہا ہوں میں
کیوں بڑھ گیا ہے جوشِ جنوں اسقدر مجھے — جو اُن کو بے حساب کئے جا رہا ہوں میں
ہنگامِ نزع آپ سے شکوہ ہے نے گلہ — کیا کار لا جواب کئے جا رہا ہوں میں
کھاتے پھریں گے ٹھوکریں در در کی میرے بعد — کچھ ایسا انقلاب کئے جا رہا ہوں میں
عارف خدا کے خوف سے اپنے گناہوں کو — دنیا میں غرقِ آب کئے جا رہا ہوں میں

جرمن آگیا

احسن

اشخاص :۔

نواب صاحب :۔ پرانے زمانہ کے ضعیف وثیقہ دار

مرزا جی :۔ اُن کے مصاحب خاص۔

خان صاحب :۔ اُن کے خاص ملازم۔

منشی :۔ اُن کے انگریزی داں مدار المہام۔

بیگم صاحبہ :۔ نواب صاحب کی زوجہ محترمہ۔

وقت "قریب شام"

سین نمبر (۱)

نواب صاحب اپنے آدمیوں کے ساتھ پچیسی کھیل رہے ہیں

نواب صاحب :۔ (کوڑیاں کھنکھنا کر) لا ہٹلر پُو ..... (کوڑیاں پھینک کر) یہ پُو پچیس۔

مرزا :۔ یہ جرمن کا بھی کیا اقبال ہے۔ اس کے نام سے پُو خالی ہی نہیں جاتی۔

خان :۔ اس کا کہنا ہی کیا وہ تو دن دن فتح کرتا ہی چلا جا رہا ہے۔

منشی :۔ خان صاحب آپ سمجھتے ہی کیا ہیں وہ تو لندن بمبارڈ کرے گا۔ لندن۔

خان :۔ منشی جی آپ کے دماغ میں تو لندن بمبارڈ نے انڈے دیے ہیں۔ ابھی جو جرمن نے مار دے ہے تو آپ کہتے تھے کہ اب یہاں سے ولایت بالکل سیدھ پر ہے۔ سیدھی توپ جو چھوڑے گا میں گولہ گرے گا.........

نواب بھئی منشی جی یہ آجکل جو جرمن کا بادشاہ ہے ہٹلر.... وہ پہلی لڑائی کے وقت کون بادشاہ تھا

منشی حضور اس کا نام تھا قیصر۔

نواب قیصر نام تھا یا لقب۔

منشی سرکار نام ہی تھا اس کا قیصر۔

نواب اچھا تو یہ موجودہ ہٹلر ہے۔ یہ اس کا بیٹا ہے یا پوتا؟

مرزا سرکار میرے خیال میں تو پوتا ہے۔ منشی جی زیادہ جانتے ہونگے انگریزی بھی پڑھے ہیں۔

منشی جی ہاں مرزا جی آپ کی رائے درست ہے کیونکہ قیصر اور اس کا بیٹا تو لڑائی کے میدان ہی میں مارے گئے تھے اس وقت یہ پوتا نابالغ تھا اور جب بالغ ہوا تو بادشاہ ہوا اور تخت پر بیٹھتے ہی حضور والا انگریزوں سے لڑنے کی تیاریاں شروع کیں۔

نواب اچھا بھئی (کوڑیاں کھنکھنا کر) لا ہٹلر ایک اور سُو (کوڑیاں پھینک کر) آئیں یہ تو چار ہی رہے۔

خان سرکار نے تو اس کے ہر پہلے دادا قیصر کا بھی نام لے دیا تھا۔ بھلا کیسے پَو آتی۔

نواب اچھا خیر.. ایک دو تین چار پانچ چھ سات یہ آٹھ گھر پچیس اور یہ چار ہاتھ کے... لو خاں صاحب تمہاری چال ...... ابھی ٹھہرو خاں۔ ذرا ایک بات کریں .... اچھا منشی جی تم تو روزانہ انگریزی اخبار پڑھتے ہو یہ تو بتاؤ جو تم نے کہا کہ جرمن لندن پر بمبارڈ کریگا تو اس سے کیا فائدہ۔

مرزا یہ تو حضور عالیجاہ سیدھی سی بات ہے وہ آخر سرکار انگریزی سے لڑ رہا ہے اور لندن تمام انگریزی عملداری کا دارالسلطنت ٹھہرا۔ اس لیے وہ گولہ باری کرکے فتح کرے گا۔ پھر تمام انگریزی عملداری اس کی ہے۔

منشی سرکار بالکل یہی جو مرزا صاحب نے فرمایا۔

نواب تو پھر تمام انگریزی عملداری جرمن کے قبضے میں چلی جائے گی؟

منشی جی ہاں سرکار یہ تو ہونا ہی ہے۔

نواب تو ہمارے لکھنؤ میں بھی جرمن کا قبضہ ہو جائے گا؟

خان جی سرکار جب وہ تمام انڈیا لے لیگا تو لکھنؤ اس کے لیے کھی کے سر کے برابر ہے۔

نواب تو پھر وہ یہاں بھی آ جائے گا۔

منشی جی سرکار۔ بس لندن لیا اور یہاں آیا۔

مرزا جی ہاں جناب عالی وہ لندن لیتا ہوا فوج لیے ہوئے ادھر بڑھتا چلا آئے گا۔ اجی ایسا ہی جو کہیں کا ٹرا معجزنما ہے وہ!

نواب تو منشی یہاں آکر وہ کیا کیا کرے گا!

منشی بم کے گولے گرائے گا۔ سرکار بم کے گولے۔ سب بڑی بڑی عمارتیں گر جائیں گی۔

نواب اور آدمی سب پس کے رہ جائیں گے۔

مرزا سب تو کیا پسیں گے۔ سب کو پیس دیگا تو حکومت کن پہ کرے گا۔

نواب اچھا تو بڑے بڑے آدمیوں کو چھوڑ دے گا۔ راجہ، مہاراجہ۔ وثیقہ دار۔ رئیس۔

منشی جی نہیں سرکار اس کے یہاں بڑے آدمی ہیں ہی نہیں۔ سب قوم مزدوری کرتی ہے اور روپیہ سب ہٹلر کا ہے

نواب تو مہاجاؤں کو پیس ڈالے گا۔ اور ریاستیں چھین لیگا۔ اور ہمارا

منشی سرکار وہ کرتا تو یہی ہے۔ آخر پولینڈ میں یہی کیا اس نے اور بلجیم میں بھی۔

مرزا اے خدا نہ کرے اس شیطان کا سایہ بھی یہاں دکھائی دے۔

خان اسدہ موزوں یہاں آہی کب سکتا ہے۔ منشی جی تو بے غین ہیں۔ لندن کیسے بمبارڈ کر گیا ساب۔ ہمارے انگریز بہادر میں کوئی دم ہی نہیں جیسے کے۔

منشی خان صاحب آپ کیا جانیں آپ معلوم ہوتا ہے ابھی ملیح آباد سے رسی تڑا کر بھاگے ہیں۔ میں تو روز انگریزی اخبار پڑھتا ہوں جرمن کی فوجیں لندن سے کوئی پندرہ یا بیس کوس دور ہونگی۔

نواب ہاں انگریزی اخبار تو صحیح ہوتا ہے۔ منشی یہ خبر تم نے کس وقت پڑھی تھی۔

منشی سرکار آج صبح تڑکے

نواب تو اب تک تو شاید فوجیں لندن پہنچ گئی ہوں۔

منشی جی سرکار کوئی عجب نہیں۔

مرزا حضور۔ خداوند آپ گھبرائیے نہیں یہ منشی تو نرے جانگلوش ہیں۔ لندن تک تو اس ہٹلر کے باپ کیا دادا قیصر بھی نہیں پہنچ سکتے۔ خواب دیکھتے ہی مرگئے مردود۔

منشی مگر مرزا جی آپ تو خواہ مخواہ بگڑتے ہیں آپ ان باتوں کو کیا جانیں۔ یہ پالٹیکس ہے پالٹیکس! اور آپنے وہ مثل سُنی نہیں کہ اگر پدر نتواند پسر تمام کند۔

نواب بالکل ٹھیک کہتے ہو منشی تم انگریزی داں ہو ممکن ہے کہ وہ لندن پہنچ گیا ہو اور یہاں آرہا ہو۔

(راستے میں ایک گولہ دغنے کی آواز آتی ہے)

(نواب صاحب گڑبڑا کر اُٹھ کھڑے ہوتے ہیں اور چلاتے ہوئے بھاگتے ہیں " ارے جرمن آگیا ارے جرمن آگیا!")

سین نمبر (۲)

(اندرون خانہ۔ نواب صاحب داخل ہوتے ہیں دوڑتے ہوئے)

نواب ارے جیرمن آگیا۔

نوکرنیاں جی حضور سرکار۔ نصیب دشمناں کیا ہوا۔

نواب ارے قطاماؤں تم کیا جانو۔ بڑا غضب ہو گیا۔ بیگم کہاں ہیں۔

ایک نوکرانی سرکار بیگم صاحبہ تو برآمدے سے برات دیکھ رہی ہیں۔

نواب ارے برات۔ برات۔ یہ برات دیکھنے کا وقت ہے۔ قیامت کا وقت ہے۔ جرمن آگیا! ایسی بے فکری عورت سے پالا پڑا ہے!..... اور تم اندھیوں دیکھ کیا رہی ہو مردیوں۔ خدا تمھیں غارت کرے۔ بیگم کو یہاں کیوں نہیں بلاتیں گولہ وولہ سیدھا برآمدے ہی میں آکر گرے گا۔

(ایک نوکرانی لپک کر باہر جاتی ہے اور تھوڑی دیر بعد بیگم صاحبہ اندر آتی ہیں)

نواب ارے بیوی۔ ارے بیوی مجھے کہیں چھپاؤ۔ ارے بیگم چلو تہ خانہ میں چھپ رہیں۔ جرمن آگیا! آگیا!

بیگم اے میاں کیا تم سٹری تو نہیں ہو گئے ہو۔ یہ کیا اول فول بک رہے ہو۔ یہ جرمن کیسا آگیا۔ یہ نگوڑا جرمن کون مجھے برات دیکھنا دشوار کر دی۔

نواب ارے بیگم تم تو سمجھتی ہی نہیں ہو۔ گھر میں بیٹھنے والی ناقص العقل عورت۔ جلدی تہ خانہ میں چلو نہیں تو ہم لوگ پس کر رہ جائیں گے اور اگر...... ..

بیگم اے نواب میں کہتی ہوں یہ کیا پاگل پن ہے۔ تم سے تو میں عورت ذات اچھی۔

نواب اے بیوی تہ خانہ میں چلو وہاں سب باتیں کر لینا۔ غنیم تو دروازہ پر دھنادھن کر رہا ہے اور تمھیں اپنی بے فکری سے فرصت نہیں۔

بیگم اُہی یہ دھنادھن کیسی۔ کہیں دماغ تو نہیں چل گیا تمھارا۔

نواب تمھیں نہیں معلوم کہ جب جرمن آتا ہے تو گولے دغتا آتا ہے اور سب مکان گرا دیتا ہے۔ ابھی گولے کا دھماکا تم نے نہیں سُنا۔

بیگم گولے کا دھماکا۔ ارے وہ تو لالہ کندن لال کی لڑکی کی برات آ رہی ہے اس میں گولہ دغا تھا۔ صبوں کو مٹھائی آئی تھی اور پلاؤ بھول گئے۔

نواب اچھا تو وہ جرمن کے گولہ کا دھماکا نہیں تھا۔ آئیں۔ میرا تو دل اب تک دھڑک رہا ہے دیکھو بیگم دیکھو

بیگم ارے وہ تو گولہ میرے سامنے دغا میں تو برات ہی دیکھ رہی تھی۔ ہٹو بھی سٹری کہیں کے میری برات بھی کھوائی۔ سوانگ وانگ سب نکل گیا ہو گا۔

نواب مگر بیگم..... ہاں ہاں یہ برات ہی والا گولہ تھا۔ مرزا جی ٹھیک کہتے ہیں۔ انگریزی سرکار میں کوئی قدرت ہی نہیں جو جرمن آجائے گا کہیں مجال پڑی ہے جو قدم رکھ سکے لکھنؤ میں۔

بیگم جاؤ بھی وہ اینہی تمارے ساتھی۔ پاگل موے نہ جانے کیا کیا بکا کرتے ہیں..... آئے ہوا ہے جرمن آگیا

جرمن آگیا عقل تو بچپنے ہی میں دو دھ کے ساتھ اگل چکے۔ جرمن آگیا۔ ہونھ۔ میں برات دیکھ رہی تھی واہ۔ تم تو موا سٹھیا دیا سب دیکھ پاتے ہو اور میں برات دیکھنے گئی تو ان پہ جرمن کا بھوت سوار ہو گیا میں جانتی ہوں اس موے منشی نے تمھیں ڈرایا ہوگا بھاڑ میں جائے موا تم سمجھتے ہو کہ وہ انگریزی کیا جانتا ہے کہ خدا کھیاں اتر کے آگیا۔ اور وہ موا انگریزی ونگریزی کچھ بھی نہیں جانتا۔ اس دن بیگم جانی کے دولہا کا تار آیا تھا اس موے سے پڑھا بھی نہیں گیا۔ یہ ایک دن دہلا کے تمھیں مار ڈالے گا اور میں پاگل ہو جاؤں گی۔ بس اچھا یہ تو بتاؤ کہ یہ موندی کاٹے جرمن کی بات کس نے نکالی۔

نواب وہ تو پچیسی میں میں ہٹلر سے پو مانگ رہا تھا۔

بیگم تو یہ کہیے آپ ہی سب جھگڑے نکالتے ہیں۔ اچھا تو آپ کو اس موے نام سے مجھے تو نکلتا بھی نہیں اس موے نام سے پو مانگنے کی کیا ضرورت تھی۔ اچھا جائیے جائیے آپ اپنی پچیسی کھیلیے۔ میں جاتی ہوں برات ابھی نکل ہی رہی ہوگی۔

ظریفانہ معلومات

سید بہادر حسین دلکش
فرسٹ ایر سائنس

(۱) مکڑیوں کی عمر عام طور سے دو تین سال کے درمیان ہوتی ہے۔

(۲) سب سے پیشتر اشتہارات اخبارات میں سنہ ۱۶۵۲ء میں درج کئے گئے۔

(۳) سینے کی مشین ہاتھ کی نسبت ۱۲ گنا تیز کام کرتی ہے۔

(۴) ایک شتر مرغ سے اس کی عام عمر میں ۵۰۰ پونڈ کے پر نکالے جاتے ہیں

(۵) دنیا میں تین ماریں بڑی زبردست ہوتی ہیں۔ (۱) شیر کا پنجہ (۲) اژدہے کی لپیٹ (۳) شتر مرغ کی لات

(۶) حیوانوں میں انسان کے علاوہ صرف کتا ہی ہر مقام پر پایا جاتا ہے۔

(۷) ایک پونڈ روئی میں ۴۰۰۰ میل تاگا کاتا جاتا ہے۔

(۸) فن طب کے ماہرین کی رائے ہے کہ چھوٹے بچوں کی بہترین ورزش ان کا چیخنا ہے

(۹) جزیرہ انڈمن کے باشندے دنیا کے انسانوں میں سب سے زیادہ کوتاہ قامت ہیں ان کا متوسط قد ۳ فٹ ۸ انچ طویل اور ۷۷ پونڈ سے کم وزن ہوتا ہے۔

(۱۰) ایک جوڑے خرگوش کی نسل دس سال کے عرصہ میں ختم ہو جاتی ہے۔

(۱۱) انگلستان کا شاہی تاج دنیا کے دیگر تاجوں میں سب سے زیادہ خوشنما ہے

(۱۲) کئی ایسی قسم کی مچھلیاں پائی جاتی ہیں جو تیرنا نہیں جانتی

(۱۳) زمین کا وزن ——————

6100,000,000,000,000,000,000,000,0000,

گرام ہے۔

روزے کی جھک

تہذیب حسنین رضوی (درجہ ہشتم)

جماہی پر جماہی آ رہی تھی صورت افیونچیوں کی سی ہو رہی تھی ابھی دس بھی نہ بجے تھے کہ نظریں باورچی خانے تک جا جاکے پلٹ آتی تھیں کھانے کے معاملہ میں کچھ ایسی سنگدلی اور دیدہ دلیری سے کام لیا گیا تھا کہ سب کچھ خالی تھا اسی ششش و پنج کے عالم میں والد صاحب کا نادرشاہی حکم ملا کہ تلاوت قرآن کیوں نہیں کرتے۔ میں نے زبان روکتے روکتے کہہ ہی دیا کہ آنتیں تو قل ہو اللہ پڑھ ہی رہی ہیں۔ مزید قرأت کی کیا ضرورت۔ طبیعت کسی بات پر جم نہ رہی تھی کہ فوراً حضرت شکم کے پرائیوٹ سکریٹری دماغ صاحب نے ایک ترکیب بتائی کہ امرود کے باغ کی طرف امید دل کے قدم بڑھانا چاہیے وہاں جاکے درخواست گذارو شاید کچھ سماعت ہو جائے۔ گئے تو کس بھیس میں ایک طرف کی دیوار جو ذرا شکستہ سی تھی عزت و آبرو کے ٹکڑے کو گھر چھوڑتے ہوئے اس میں کود گئے دو ایک آوازیں بھی آئیں جن کا مفہوم محض یہ سمجھ سکے کہ وہ ملازم جسے باغ کی حفاظت کے لیے خود ہی رکھا تھا۔ اسی کی نادانستہ دعائیں ہونگی لیکن اس وقت پیٹ خالی تھا سوائے سُن لینے کے چارہ ہی کیا تھا۔ جھٹ دو امرود توڑے ان کی خوشبو ایسی تھی کہ مرزا ظاہر دار بیگ کے چچے کو شرمائے شبہ ہوتا تھا کہ یہ وہی امرود ہیں جنھیں کل تک آنکھ اٹھا کے بھی نہیں دیکھتا تھا۔ قوت شامہ لُطف اندوز ہو رہی تھی کہ سامعہ پر بھائی" کے لفظ نے ضرب کاری لگائی میرا چھوٹا بھائی جسے بکواس کی وجہ سے میں نے بقراط کا خطاب دیا تھا۔ آپ کو تتلی پکڑنے کا بڑا شوق تھا خود تو شکار فرما ہی رہے تھے مجھے بھی شرکت کی دعوت دی میں نے امرود کو مُنھ میں چھپا کے چپ رہنے کی کوشش کی مگر بقراط صاحب نے سوالات کا ڈھیر کر دیا۔ بھائی جان تتلی اُڑتی کیوں ہے۔ اگر اس کے پر چمکیلے نہ ہوتے تو کیا نہ اڑتی۔ بھلا آپ ہی بتائیے فلسفہ کی ایسی سخت گتھی میرے موجودہ دماغ سے کب تعاون کر سکتی۔ میں نے کہا "امرود کھاؤ گے" آپ نے سمع خراشی فرمائی کہ ہم تو صبح سے ابتک دو روزے رکھ چکے ہیں۔ اب یہ تیسرا روزہ دوپہرے ادھر نہ جائے گا۔ میں ڈرا کہ کہیں میرے روزہ پر ریسرچ نہ فرمائیں جیب تکرہ نکالتے ہوئے میں نے کہا اُس کی تم چیز لے لینا دیکھو کسی سے کہنا نہیں کہ میں نے امرود کھائے ہیں" وہ حضرت معنی خیز ہنسی کے بعد چپ تو ہو گئے مگر گھر پہونچتے ہی انکنی دکھائی اور بولے امی جان بھائی نے یہ انکنی دی ہے انھوں نے اپنے باغ سے امرود توڑ کر نہیں کھائے ہیں اس جملہ کا نکلنا تھا کہ ایک قہقہہ لگ گیا، بھابھی نے کہا "اجی حضرت اسکاوٹ میں دو ہی دن سے شرکت کی ہے ناگرہ دینا ابھی نہیں سیکھا معلوم ہوتا ہے کہ نیت خوب کس کے نہیں بندھی تھی اسی لیے سویرے ہی کھل گئی۔

لیکن پیٹ کی آگ کے لیے وہ چند قاش کب کافی ہوتے قوت ہاضمہ پورے شباب پر تھی شنا ہی تھا کہ جنت کے پھلوں کو کھاکے ڈکار لیجیۓ اور ہضم۔ آج وہی سماں پیش نظر تھا جب وقت کاٹنے کے لیے اور کچھ نہ ملا تو شبیہ کا کیمیگزین میں مضمون کی سوجھی کاغذ اور فاؤنٹین منگا یا ہی تھا کہ رکھے ہوۓ ٹیلیفون سے ٹن ٹن ٹن ٹن ٹن کی صدا گونج اٹھی کان میں لگاتے ہی سنا چار باغ سے سندیلہ کس وقت ٹرین جاتی ہے" معاف کیجیۓ اسٹیشن سے دریافت فرمالیجیۓ" میں نے کہا ادھر میرے الفاظ تمام ہوۓ ادھر اخاہ آداب عرض! آپ ہیں مجھے آپ کو اپنا مخاطب پا کے بڑی خوشی ہوئی۔ میں نے یہ خیال کر کے کہ کوئی میرے گھر کے ہی ملاقاتی معلوم ہوتے ہیں۔ تب تو آواز ہی سے اچھی طرح پہچان لیا میں نے اپنی قوت حافظہ اور سامعہ کو ملامت کرتے ہوۓ ایسا جواب دیا گویا میں بھی پہچان گیا " مجھے بھی آپ سے گفتگو کا کافی اشتیاق تھا " میں نے کہا۔ کہاں سے میں نے یہ کہہ بھی دیا۔ ان کو شاید نیا نیا ٹیلیفون کرنے کو ملا تھا کہنے لگے " واجد علی شاہ نے بھی کیا عمدہ کھانے کھاۓ ہیں اگر تب ہوتا تو ان کا معتقد ضرور ہوتا واقعی عمدہ کھانا بھی قسمت سے ملتا ہے " میں نے کہا معاف کیجیے اس خیالی پلاؤ کو پکا کے کیا فائدہ اٹھاۓ گا اگر اس گرانی کے زمانے میں آپکے خیالی پلاؤ کی شہرت ہوگئی تو اچھی خاصی آمدنی ہو جاۓ گی سلسلہ گفتگو جاری رکھتے ہوۓ کہنے لگے ہم لوگ خدا کا شکریہ ادا کرتے ہیں کہ اس جنگ کے زمانے میں پیدا ہوۓ۔ بھئی امریکہ نے تو اسلحہ سازی میں ایک ریکارڈ قائم کر دیا اطمینان کوئی انگریزوں سے سیکھے۔ گاندھی نے ملک کی ناک رکھ لی اب بھی کوئی اس کا ثانی نہیں۔ میرے یہاں ایک بلی ہے جو چوہوں کو بھی پکڑ لیتی ہے حسب سے میرے پیر میں درد اٹھا ہے بولا بھی نہیں جاتا میں نے خدا کا شکر ادا کیا کہ اگر ان سے بولا جاتا تو آج سب کچھ کہہ جاتے غرضکہ ان کے منتشر جملوں کو سن لینا میرا ہی کام تھا۔ میں نے صرف ایک جملہ کہا کہ ایک مولوی صاحب ذاکری کے سلسلہ میں فرما رہے تھے کہ رمضان میں شیطان قید میں ہوتا ہے آج سے یہ اعتقاد میرے دل سے اٹھ رہا ہے۔ وہ یا تو سمجھ گئے یا کہنا ہی چاہتے تھے کہنے لگے معاف کیجیے روزہ کی جھک میں میں بہت سی بیکار باتیں کہہ گیا، غالباً آپ کو میرا نام یاد نہ ہوگا۔ میرا نام فقط اکبر علی بقلم خود ہے۔

گھڑی نے چار بجا دیۓ ماسٹر صاحب کے آنے کا وقت ہو گیا۔ اس کاغذ پر اس مضمون کا عنوان روزہ کی جھک دو ایک لائن اور لکھ پایا تھا۔ ایسا برا معلوم ہوا کہ اگر یہ ٹیلیفون نہ ہوتا تو وقت یوں نہ ضایع ہوتا جب ابھی کان میں لگاۓ ہوۓ تھا زور سے ٹیک دیا کھڑکی کا ایک شیشہ بھی ٹوٹ گیا اتنے میں والد صاحب تشریف لائے فرمانے لگے اگر روزہ نہیں رکھنا ہے تو کھا کیوں نہیں لیتے اس جھک سے کیا فائدہ ــ اب مجھے معلوم ہوا کہ میں بھی اسی جھک میں تھا ان صاحب کا دل میں شکریہ ادا کیا کہ ان کی وجہ سے مجھے جھک سوار ہوئی اور اسی جھک نے والد صاحب کی نظروں میں مجھے روزہ دار ثابت کر دیا۔



یاجوج ماجوج



سید مبارک حسین
درجۂ دوازدہم

برادرم ہٹلر و کامریڈ مسولینی!

سُن لو جہان میں ہے تمہارا فسانہ کیا — کہتی ہے تم کو خلقِ خدا غائبانہ کیا

باولاد آدم کی اولاد میں مولانا ڈارون نے جو نام پیدا کیا ہے وہ ان کے بعد ان کی سات پیڑھی کو بھی نہ نصیب ہوا ہوگا۔ مرحوم آجکل کے تعلیم یافتہ بے مہار نوجوانوں کی طرح جو اکثر اپنے دیسی باپ دادا کو ڈیم فول یا کالا آدمی کہہ کر اپنے ذاتی مغربیت نواز پوزیشن کو سماج کی نظر میں بلند کر لیا کرتے ہیں اپنے فلسفہ میں ایسا غرق ہوئے کہ بزرگوں پر لنگور اور خوردوں پر دم کٹے بھینسے کا فتویٰ دے بیٹھے جب لوگوں نے پوچھا کہ "جناب ذرا اپنی نسل مبارک کی ترکیب نحوی فرمائیے" تو جواب دیا "اسم بندہ مسٹر ڈارون ولد مسٹر فلاں ابن مسٹر فلاں پسر لنگور یعنی بندر"۔ پھر یاروں نے دریافت کیا کہ "جناب کی آبائی میراث یعنی دم"؟ تو فرمایا "وہ نذر ارتقا ہو چکی"۔

مولانا ڈارون سے پہلے اور بعد بھی نسل انسانی کے متلاشی فلسفیوں نے اکثر اس موضوع کی چھان بین کی ہے اور اپنے اپنے عمل جراحی کے نتائج کا اعلان کیا ہے۔ حکمائے ماسبق کا یہ بالاتفاق فیصلہ ہے کہ پہلے انسان یعنی آدم کی تعمیر جسمانی مٹی، پانی، ہوا اور آگ سے ہوئی یہ نتیجہ ہر پہلو سے صحیح بھی معلوم ہوتا ہے دور اول کے انسانوں کا مطالعہ کرنے سے سمجھ میں آتا ہے کہ ان پر مٹی کا عنصر غالب تھا۔ کیونکہ وہ انتہائی منکسر مزاج ہوا کرتے تھے اور خاک نشینی ان کی زندگی کا جزو لازم ہوا کرتا تھا۔ آجکل آپ خود ملاحظہ فرمائیے کہ چوتھے عنصر کا کس قدر زور ہے۔ آدم و حوا کے لڑکے و لڑکیاں دونوں آگ برسانے آگ لگانے اور آگ بھڑکانے میں ہمہ تن مصروف ہیں بہر حال یہ ثابت ہوا کہ انسان روز ازل سے انسان ہے اور خاکی ہے نہ پہلے وہ کوئی کیڑا تھا نہ بندر۔

ہابیل و قابیل!

یہ انسان بشکل اولاد آدم سطح زمین پر پھیلنا شروع ہوا اور قدرت کی جانب سے عطا کی ہوئی تمام قوتیں استعمال کرنے لگا چنانچہ ہابیل کے مقابلہ پر قابیل نے سب سے پہلے انسان میں قتل و غارت اور آتش پرستی کی قوت کو ابھارا۔ پھر کیا تھا بھائی بھائی کا خون کرنے لگا اور اپنے پیدا کرنے والے کے احسان فراموش ہو گئے۔ ایک اودھم مچ گیا۔ آسمان زمین کے قلابے ملائے جانے لگے۔ زمین۔ زر اور صنف نازک کی جادو نظری نے مختصر سی دنیا میں ہلچل مچا دی

یاجوج و ماجوج

اس ہلچل کے بانی اور مورث اعلیٰ جو اب تک نوجوانوں کے معلم دین ہیں حضرت شیطان تھے۔ ان کے کاروبار کو ترقی

اور دنیا کی گہما گہمی بڑھانے کے لیے بلکہ یوں کہا جائے کہ حسن و عشق فتنہ و فساد کی رونقوں کو دوبالا کرنے کے لیے یاجوج و ماجوج کا اضافہ ہوا اس اضافہ کے زمانہ میں صرف برّاعظم ایشیا اور برّاعظم یورپ زیرِ نظر تھے۔ نئی دنیا یعنی امریکہ پردۂ غیب میں تھا۔ چنانچہ بڑے صاحب یاجوج بڑے برّاعظم ایشیا میں تعینات کیے گئے اور افواج شیطانی کے سپہ سالار کیے گئے اور چھوٹے ماجوج برّاعظم خورد یعنی یورپ کی طرف روانہ کیے گئے۔ چھوٹے جناب ماجوج زیادہ منچلے تھے اور طبیعت میں تیزی بھی تھی۔ عاشق مزاجی فطرت میں داخل۔ عیش و عشرت زندگی کا جزو تھا۔ بڑے یاجوج میں تمام بری خوبیوں کے ہمراہ قدرے بردباری تھی۔

برادران عزیز یاجوج و ماجوج میں آپس میں بڑی محبت تھی دونوں ایک دوسرے سے جدا نہ ہونا چاہتے تھے چنانچہ یہ طے ہوا کہ ایک ہزار سال بعد ایک زمانہ وہ ضرور آئے جب ہم دونوں اپنے فرائض ادا کرنے کے بعد آواگون کے اثرات سے انسانی شکل میں دوبارہ جنم لیں اور ایک ہی برّاعظم میں نمودار ہو کر آپس میں بغلگیر ہوں۔ چنانچہ معاہدہ ہوا کہ آئندہ زمانہ میں چونکہ یورپ کے مناظر اسکی پریاں۔ اسکی آزادی۔ اسکی مادی ترقیاں اس کا فلسفہ سائنس انتہائی دلکشی کی منزل پر ہوگا لہذا دونوں کے دونوں وہیں خروج کریں۔

نوک جھوک

آخر کار یاجوج و ماجوج بوسیلہ آواگون پیدا ہوئے۔ تاریخ پیدائش سے راقم الحروف واقف نہیں۔ خدا کرے ایسے فتنہ و فساد برپا کرنے والوں اور بنی نوع انسان کا بے دریغ خون بہانے والوں کے جنم پتروں سے ہر ذی ہوش غافل ہی رہے تو بہتر ہے۔ کہاں پیدا ہوئے؟ اسی یورپ میں جہاں روز ازل ان دونوں نے معاہدہ کیا تھا ایک پروشیا کی زرخیز زمین پر دوسرا پادریوں کی دعاؤں سے اور گرجوں کے مقدس گھنٹوں کی آواز سے پاک کی ہوئی سرزمین روم پر گویا رحمان کے گھر شیطان پیدا ہوا اور پیدا ہوتے ہی جنگ و جدل کا بازار گرم کر دیا جوان ہونے پر اپنے نفوس کی پیاس بجھانے کے لیے انسانی خون کی ندیاں بہانا شروع کر دیں اور وہی پرانی ہلچل مچائی

شطرنج کی چالیں

تمام نئی و پرانی دنیا ایک بساط بنی ہوئی ہے۔ چالیں چلی جا رہی ہیں، رُخ دیئے جا رہے ہیں فیل اور گھوڑے کے بجائے ہوائی جہاز اور ٹینک دوڑائے جا رہے ہیں۔ پیادے اپنی جگہ پر دار انسانوں کو دے چکے اگرچہ ان کو یہ نہیں معلوم کہ ع۔ قضا چیونٹی کی جب آتی ہے اس کے پر نکلتے ہیں۔ بھیا یاجوج۔ تمہارا عاقل وزیر ہر ہر گنگا کرتا ہوا انگلش چینل پار کرتے ہی اردب میں آ چکا ہے اسکی ایک ٹانگ ٹوٹ چکی ہے تم بڑھے چلے جاؤ۔ ابھی شہ سے ذرا دور ہو روس کا گھر اور مصر کا خانہ تمہاری خیالی بلکہ موہوم فتح کی صبح ہونے سے پہلے تم کو مات کے نقشے میں پھنسا کر رہیگا اور اپنے بھیا ماجوج سے کہنا کہ اسکے سفید پیادے حبش کے کالوں سے مار کھا چکے ہیں جو باقی ہیں وہ بھی اردب میں آئے ہوئے ہیں

یاجوج کی سرگرمیاں

میاں یاجوج تم برسر اقتدار آتے ہی اوقات سے آگے بڑھنے لگے۔ تم کو شاید یہ نہیں معلوم کہ طمع کرنے والے کا انجام ذلت ہے جو دونوں ہاتھوں سے ٹھونستا ہے وہ آخر میں تہی دست ہوکر رہتا ہے ناروے کی ہائے غریب ڈنمارک کی کمزور بیواؤں کی آہ اور کریٹ کے یتیم بچوں کا صبر خالی نہ جائے گا۔ ہاں یہ ممکن ہے کہ فرانس کی بد اعمالیاں وہاں کے ستم رسیدہ عیش پرستوں کے نالوں کو بام فلک تک نہ پہنچنے دیں۔

ماجوج کی سرگرمیاں

سانپ کی پھنکار سے پہلے اس کے دانت توڑ دینا چاہیے جس وقت کامریڈ مسولینی نے بیکس صلح پسند قوم حبش کے خلاف اپنی زور آزمائی کی تھی دنیا نے شور بلند کیا تھا کہ اسی وقت دو دو ہاتھ لڑ لیے جائیں۔ مظلوم کی اعانت بھی ہوجاتی اور ظالم کی ہمت پست بھی۔ مگر افسوس دوستوں نے نہ سنا آخر کار ہمت بڑھی اور آج نتیجہ ظاہر ہوگیا۔ سب نے دیکھا کہ ماجوج نے کیسی آفت مچائی اور بنی نوع انسان کا خون بہایا۔ کس کی کمک پر؟ اپنے بڑے بھائی یاجوج کے بل بوتے پر۔

شکست یا فتح

ایک طرف یاجوج و ماجوج کی خونی سرگرمیاں دوسری طرف صبر و استقلال کے حامل انگلستان کے رہنے والے یاجوج و ماجوج کے بے پناہ مظالم کو چہ پدی چہ پدی کا شوربہ سمجھکر اس طرح نظر انداز کر رہے ہیں گویا ان کے نزدیک اتنی بڑی جنگ کوئی حقیقت ہی نہیں رکھتی۔ گھر لٹ رہا ہے مکان جل رہے ہیں۔ زندگی کا سرمایہ برباد ہو رہا ہے۔ اس طرف گولوں اور گولیوں کی موسلا دھار بارش میں ڈربی کے گھوڑوں۔ ٹینس کے میچ۔ ایم سی سی کرکٹ۔ ڈونس بال۔ سالگرہ شادی بیاہ سب حسب دستور جاری ہے اور بیک وقت روس کی امداد مصر پر دھاوا۔ سوئز کا بچاؤ برلن پر بمباری۔ مشرق کا خیال۔ مغرب پر قابو بھی ہو رہا ہے۔ لندن پر سخت گولہ باری ہو رہی ہے۔ ہر طرف آگ کے شعلے بھڑک رہے ہیں مگر وہاں لندن کے لیے نقشہ تیار ہو رہا ہے۔ کہیں نصف مکان جل چکا ہے مگر نصف شکستہ کمرے میں اقتصادی مسائل حل ہو رہے ہیں۔

اللہ ری متانت۔ اللہ رے استقلال یہاں تو سو دو سو میل پر کسی ہلکی سی آندھی آنے کی خبر معلوم ہوتی ہے تو پنکھے لگ جاتے ہیں آئے حواس گم ہوجاتے ہیں نہ کہ گھر میں آگ لگے اور ہم سنجیدگی سے بہ حاضر دماغی ملکی مسائل پر غور کریں۔ غیر ممکن کہو بھیا یاجوج و کامریڈ ماجوج کب تک تمہارا گولہ بارود کام دے گا۔

انجام کیا ہوگا

مسٹر جان گڈاہائی (Mr. John Gidahai.) سفیر امریکہ فرماتے ہیں کہ اگر جنگ جلد نہ ختم ہوئی تو لمبی ہوجائے گی۔ مسٹر چرچل وزیر اعظم کا بیان ہے کہ فتح برطانیہ کی ہوگی۔ ہم بھی کہتے ہیں کہ دنیا کو زیر نگین کرنے

کا خبط نہ گھر کا رہے گا نہ گھاٹ کا۔ بہر حال پشین گوئیاں ایک جانب یعنی تنکے کا اوٹ پہاڑ اور بات کا بتنگڑ ہر شخص بنا سکتا ہے کی ٹھیکری چکی کا پاٹ بن سکتی ہے۔ خدا جانے غیب کیا رنما ہو۔ ایسی حالت میں نہ میاں منجم کا پانسہ مدد کر سکتا ہے نہ پیر منتر والے ماش کے دانے۔ موجودہ جنگ کا علم دریاؤ ہے۔ یعنی اور علوی اس باب کی پیشینگوئی کرتے ہیں ہم سے بھی اگر پوچھیے تو اعتقادات کی بنا پر ہم اس کا فیصلہ دے سکتے ہیں۔

فیصلہ

سنئیے! جب یاجوج و ماجوج کے مظالم انتہائی عروج پر پہنچ چکیں گے تو مقدونیہ سے حضرت سکندر ذوالقرنین ثانی خروج کرینگے اور ان دونوں کو یعنی زمانۂ رواں کے یاجوج و ماجوج کو نیچا دکھا کر سوئٹزرلینڈ سے گزر کر آلپس Alps پہاڑوں کے کسی درے میں قید کرینگے جس کے ہر دو دہانوں کی جانب تانبے و جست اور سیسے کی مرکبی نصف میل چوڑی دیوار اٹھائیں گے اور دنیا ریڈیو سے بلند ہونے والی ہوائی لہروں سے یہ خبر انتہائی مسرت سے سنتی رہے گی کہ بھیا یاجوج و کامریڈ ماجوج روزانہ دن بھر اس مرکب دیوار کو چاٹ چاٹ کر نصف میل کی چوڑان سے چوتھائی انچ کی چوڑان تک لے آتے ہیں شام کو یہ سمجھکر دل ہی دل میں خوش ہوتے ہیں کہ دوسری صبح کو دیوار توڑ کر آزاد ہونگے اور پھر یورپ میں خونریزی کا بازار گرم کرینگے لیکن ہر صبح ان کی امیدوں پر پانی پھر جاتا ہے اور امن پسندوں کی اعجازی دعائیں اس دیوار کو پھر اصلی حالت پر لے آتی ہیں۔

عورت

علی رضا

(اگر آپ مرد ہیں تو یہ آپ کے خاندان کی عورتوں کو چھوڑ کر سب کے لیے لکھا ہے اور اگر آپ عورت ہیں تو صرف آپ ان الزامات سے مستثنیٰ ہیں۔ دوسروں کو پڑھ کر سنائیے آپ خوش ہونگی)

(۱) بدصورت عورت ہمیشہ اپنے چال چلن اور سیرت کے متعلق گفتگو پسند کرتی ہے۔

(۲) عورتیں تمھاری طرف نہیں دیکھیں گی وہ چاہتی ہیں کہ تم اُن کی طرف دیکھے جاؤ۔

(۳) سوسائٹی میں اگر تم کسی عورت سے مل کر اس کی تعریف نہ کرو تو تم گنوار اور جاہل ہو۔ اگر تعریف کرو تو وہ تم کو خوشامدی احمق اور اپنا محبت کرنے والا سمجھے گی اور اگر اسپر ظاہر کرو کہ تم کو اس سے محبت ہے تو تم اس کے نزدیک اول درجے کے گندے ہو۔

(۴) اگر کسی عورت نے تم سے کوئی راز بتایا ہے تو تم کسی اور سے نہ کہو۔ یقیناً وہ اُسے پہلے سے بتا چکی ہوگی۔

(۵) عورتوں میں مردوں سے کہیں زیادہ اپنے کو امیر ظاہر کرنے کی عادت ہوتی ہے۔

(۶) اگر کوئی عورت تم سے کسی وقت محبت سے باتیں کرے تو اس کو خطرہ کا الارم سمجھو بہت جلد تم پر کسی فرمائش کا عذاب نازل ہونے والا ہے۔ یہ فرمائش محبت کے متناسب ہوتی ہے۔ جتنی زیادہ محبت کی باتیں ہوں گی اتنی بڑی فرمائش۔

(۷) عورت مرد کو حقارت کی نگاہ سے دیکھتی ہے جس طرح کوئی مغرور جاہل کسی عالم کو۔

(۸) حقیقت میں عورتیں بندر سے بنی ہیں انکی نقل کرنے کی عادت اپنے آباؤ اجداد سے بھی زیادہ ہے۔

(۹) عورت بغیر تعریف کے زندہ نہیں رہ سکتی۔

(۱۰) عورتوں میں کم سن بننے کی فطری عادت ہوتی ہے۔

(۱۱) خواہ کسی صورت میں ہو۔ مرد کا سب روپیہ عورت پر خرچ ہوتا ہے۔

(۱۲) عورت سایہ ہے۔ بھاگو تو تمہارا پیچھا کرے گی۔ تم اسے پکڑنے دوڑو تو بھاگے گی۔

(۱۳) عورت کو سب سے زیادہ جو بات کھلتی ہے نصیحت ہے۔ حالانکہ وہ خود نصیحت کرنے میں مہارت رکھتی ہے۔

(۱۴) میں عورتوں کو "بھولی بھولی دلچسپ حماقتوں" کا مجموعہ سمجھتا ہوں۔

(۱۵) عورتوں اور کتوں میں تین فرق ہیں۔ کتے اتنی ابتری نہیں پیدا کرسکتے جتنی عورتیں کرسکتی ہیں۔ فاخرہ لباس اور زیور نہیں پہن سکتے۔ خدا کا شکر ہے بول نہیں سکتے۔

(۱۶) اگر دو عورتیں یا اس سے زیادہ۔ مل کر تمہاری تعریف کریں۔ تو اس جگہ سے فوراً بھاگ جاؤ یقیناً تم کو الّو بنایا جارہا ہے

(۱۷) عورت فیشن کی غلام ہے۔ کاش شوہروں سے محبت کرنا فیشن ہوتا تو عورت فیشن پرست نہ ہوتی۔

(۱۸) اگر عورت کہے کہ اسکو لباس اور زیور کی پرواہ نہیں ہے تو سمجھ جائیے کہ یا تو اس کے پاس ہے ہی نہیں۔ یا بہت ہے۔

(۱۹) عورت نئے آدمی سے مل کر بہت خوش ہوتی ہے۔ لیکن اگر آپ نئی عورت سے ملیں تو وہ قہر کی آنکھوں سے دیکھتی ہے

(۲۰) عورت جب کفایت شعاری کرتی ہے تو سب ضروری خرچ کم کردیتی ہے۔

(۲۱) ایک عورت۔ زیور اور کپڑوں۔ دو چیزوں کو خدا کی بہترین نعمت سمجھتی ہے۔

(۲۲) عورت سب کچھ مرد کے زور پر کرتی ہے اس کی سب سے بڑی طاقت اس کی کمزوری ہے۔

(۲۳) اگر کوئی ہندوستانی عورت یہ سب پڑھے گی تو مجھکو جی بھر کے کوسنے دے گی۔ کوئی پڑھی لکھی لڑکی پڑھے گی تو سہیلیوں کو دکھا کر ہنسے گی اور مجھکو احمق سمجھنے کی کوشش کرے گی۔ کوئی مغربی لیڈی پھاڑ کر پھینک دے گی اور مجھکو لوفر سمجھے گی۔

کیا آپ جانتے ہیں؟

آغا شفاعت قاسم
وائس پریسیڈنٹ

لکھنؤ کی چکن، ٹنڈے کے کباب، صمد کے یہاں کی بالائی اور دودھ، امام باڑہ آصفی، فیض آباد کی راڑی گلاب باڑی۔ امامباڑہ بہو بیگم صاحبہ، اجودھیا کے بندر،

کرسی اور شکارپور کے بیوقوف چنانچہ دونوں مقامات کے بیوقوفوں کے بیوقوفی کا ایک ایک واقعہ جو دلچسپی سے خالی نہیں تحریر کرتا ہوں۔ ایک زمانہ کا ذکر ہے کہ کرسی کے ایک گھر میں شادی رچائی گئی دولھا اور دولھن والے دونوں اتفاق سے کرسی کے رہنے والے تھے جب دولھن بیاہ کے آئی تو سسرال والوں نے اسکے بیٹھنے اور رہنے کیلئے ایک الگ کمرہ تجویز کیا جس کا دروازہ بدقسمتی سے دولھن کے قد سے چھوٹا تھا جب دولھن دروازہ پر پہنچی تو بڑی دقت دلھن کو کمرہ میں لے جانے میں ہوئی کوئی کہتا تھا کہ دولھن کا قد چھوٹا کیا جائے اور کوئی کہتا تھا دروازہ اونچا کیا جائے ماشاء اللہ سے سب محلے والے جمع ہوگئے اور بڑی دیر تک جلسہ مشاورت ہوتا رہا نہ معلوم کیا طے پایا اور کس طرح سے دولھن کمرہ میں داخل ہوئی شکارپور کا بھی واقعہ دلچسپی سے خالی نہیں ہے۔ ایک صاحب کے گھر میں مرغی کے بچے نکلے وہ مرغی انکو لیے لیے گھوما کرتی تھی صاحب کی مسرت و خوشی کی کوئی انتہا نہیں تھی اتفاق سے بچے کنویں میں گر پڑے صاحب نے دوہائی دی سب محلے والے جمع ہوگئے اور یہ طے کیا کہ مرغی کو وہ جنا اٹھا کر کنویں کے اوپر سے بچوں کو دکھلائیں بچے ماں کی محبت میں لپک لپک

دلی کا۔ قطب مینار اور جامع مسجد
آگرہ۔ کی دال موٹ۔ پیٹھے کی مٹھائی اور تاج محل
کشمیر۔ کی شال اور زعفران اور چشموں کی شفافی۔

لاہور اور پنجاب کے پہلوان
ڈھاکہ کی ململ
حیدرآباد کے بٹن
علی گڑھ کے طالب علم
بنگال کی زلفیں
الہ آباد کے امرود
ناگپور کے سنترے
سلہٹ کی نارنگیاں
قندھار کا انار
گوپامئو کے بلٹر
شاہجہانپور کے پٹھان
اودھ کی شام
راجپوتانہ کی رات
بنارس کی صبح

ملیح آباد کے آم
شہدپور کے خربوزہ
سندیلے کے لڈو
فیض اللہ گنج کے گنّے
متھرا کے پیڑے
مہوبے کے پان
ہاپڑ کے پاپڑ
جونپور کے قاضی
بدایوں کے مُلاّ
کانپور کے غنڈے
میرٹھ کی قینچی
رامپور کے چاقو
پشاور کے مغلیہ

زندگی کی ایک شام

سید محمد ہادی
درجہ نہم

برسات کی ایک خوشگوار شام کو جبکہ آسمان پر کالے بادل چھائے ہوئے تھے اور باد صبا ننھی ننھی پھوہاروں سے اٹکھیلیاں کرتی، پھولوں کی خوشبوؤں سے معطر دماغ کو تر و تازہ کرتی، موج ا م ——— تھی۔ ٹھیک ایسے ہی وقت میں اپنے کمرے کی کھڑکی کے قریب بیٹھا مطالعہ میں مصروف تھا۔ لیکن اس وقت کا منظر کچھ ایسا دلکش تھا کہ آخر کتاب بند کر دینا پڑی اور قدرت کی دلچسپیوں میں محو ہو گیا، اس محویت کے عالم میں ایک نہایت ہی سریلی اور دلکش آواز سنائی دی آواز کیا تھی جادو تھا جس نے ایک ہی لمحے میں میرے دل و دماغ پر تسلط جمالیا، میں بے خود ہو گیا اور پورے دھیان سے آواز کی طرف کان لگا دیے، کوئی پر درد لہجہ میں گا رہا تھا۔ "دکھ بھرا سنسار ہے بابا دکھ بھرا سنسار"

متعدد بار وہ اسی کو دہراتا جاتا تھا۔ میرا خیال ہے کہ ایسا شیریں نغمہ میں نے آج سے قبل کبھی نہ سنا تھا۔ آخر بے قرار ہو کر اسی آواز کی سمت چل پڑا۔ یہ ایک عورت کی آواز تھی جو دریا کے کنارے پتھر پر سر جھکائے بیٹھی گانے میں مصروف تھی، میں اس کے قریب جا کھڑا ہوا لیکن اُسے مطلق میرے آنے کی خبر نہ ہوئی۔ اس کی بند آنکھوں سے سیلاب اشک بہ کر حسین رخساروں کو تر کر رہا تھا، اسکا بوسیدہ لباس بھی اس کے حسن کو نہ مٹا سکا! اس کے کھلے ہوئے بال ہوا میں لہرا رہے تھے۔ سچ مچ حسن کی ایک دیوی معلوم ہوتی تھی۔ میں اس دلخراش منظر سے متاثر ہوا۔ ارادہ کیا کہ اسکو اپنی طرف متوجہ کر دوں لیکن بولنے کی طاقت اب ختم ہو چکی تھی اور میں خاموش کھڑا اسکی طرف دردمند نگاہوں سے دیکھ رہا تھا کہ یکایک اُسنے گانا بند کر دیا اور کھڑی ہو کر ایکدم آسمان کو دیکھنے لگی، اب چاند بھی بادلوں سے نکلکر سارے عالم کو منور کر رہا تھا،

اس نے اس کی طرف دیکھا، قہقہہ لگایا۔ پھر اسی طرح گانے لگی۔ "دکھ بھرا سنسار ہے بابا دکھ بھرا سنسار"

چاند بادلوں کی اوٹ میں آگیا۔ چاروں طرف اندھیرا ہو گیا، اب صرف آواز آ رہی تھی، میں دم بخود کھڑا تھا، وہ مجھ سے بہت دور تھی۔ نہ معلوم کیا بات تھی۔ میں گھنٹوں اسی کے بارے میں سوچتا رہا۔ وہ ہی آواز میرے کانوں میں اب تک گونج رہی ہے۔ مجھے معلوم نہیں کیوں۔ اس آواز سے میں رنجیدہ رہتا ہوں۔ لیکن اگر میں یہ آواز پھر نہ سن سکونگا تو مجھکو اور رنج ہوگا۔

کیا میں پاگل ہوں؟

گورشیو دیال بھٹناگر
نگینوی

جب چاندنی رات کی پرسکوت فضا میں سب پریم کی نیند سو جاتے ہیں، ساری کائنات سوتی ہی
کھنوے بھی پریم میں پاگل ہو کر سو جاتے ہیں، کوئل بھی دن بھر پریت کی تان الاپنے کے بعد چپ ہو کر سو رہتی ہے۔ پریم کا
مارا پپیہا بھی "پی کہاں" "پی کہاں" کرکے پریم کی نیند سو رہتا ہے اسوقت میں اکیلا چپ چاپ بیٹھا کچھ سوچا کرتا ہوں ——
—— میں اکثر سوچا کرتا ہوں کہ "کیا میں تمھارے پریم کو پا سکوں گا"؟ میں نے اکثر سنا ہے کہ تم انترجامی (عالم الغیب)
ہو! تم پروردگار ہو! تم سب جگہ موجود ہو۔ میرے دل میں بھی۔ لیکن کیا میں تمھیں اپنا سچا پریم ارپن (نذر) کر سکا
ہوں؟ تم ہی بتاؤ ناتھ! تم ست ہو۔ چت ہو۔ آنند ہو۔ تم سب کچھ ہو! اے مالک دوجہان تم ہی بتاؤ کہ میں تم کو پا سکتا
ہوں؟ —— جواب دو۔ نہیں بولتے! آخر جواب تو دینا ہی چاہیئے۔ میرے سوامی تم نے سُن تو لی ہوگی۔ اپنے پریمی
کے پریم بھرے دل کی پکار، پھر بھی تم جواب کیوں نہیں دیتے؟ جب کبھی چاندنی رات میں تمھارے پریم میں پاگل ہو کر اور یہ
سوچکر کہ شاید تم کو پا سکوں گا، میں اکیلا گاؤں سے کچھ دور، اُن چھوٹی چھوٹی پہاڑیوں کے بیچ میں جہاں جھرنے کا شیتل
خوشگوار، پانی ترنم ریز آواز سے بہ رہا ہو اور اس دلکش فضا میں جہاں جھینگروں کی آواز کے سوائے فضا بالکل خاموش ہوتی
ہو، اکثر ٹہلا جایا کرتا ہوں۔ وہاں مجھے تمھارے پریم کی یاد رہ رہ کر ستاتی ہے۔ آنکھوں میں آنسو آ جاتے ہیں۔ یہ ہیں پریم
کے انمول موتی، جنکو میں تمھاری بھینٹ چڑھانا چاہتا ہوں، کیا تم اس ناچیز بھینٹ کو سُوِیکار (قبول) نہ کرو گے؟ ——
—— میں اکثر ان خوبصورت پنکھڑیوں سے پوچھا کرتا ہوں کہ "کیا میں پاگل ہوں"؟ —— پھول ہنسنے لگتے ہیں، غنچے
مسکرا دیتے ہیں۔ اوپر چاند کھلکھلا پڑتا ہے، گویا تمام کائنات جاگ اُٹھتی ہے، کتنی دلکش ہوتی ہے وہ فضا! میں بھول
جاتا ہوں اپنے آپ کو، اپنے پاگل پن کو، ساری دنیا کو دنیا والوں کو ——۔

---

(۱) انسان مطالعہ سے مکمل ہوتا ہے، گفت و شنید سے چالاک ہو جاتا ہے اور تحریر سے اُسکے اندر صحتِ افکار پیدا ہوتی ہے۔ (بیکن)

(۲) ریاست اور خاندان کی عظمت حقیقی نہیں۔ انکی حقیقت سایہ سے زیادہ نہیں (ملٹن)

(۳) بڑے لوگوں کی زندگیاں بتاتی ہیں کہ ہم اپنی زندگی کو بھی کامیاب بنا سکتے ہیں۔ (لانگ فیلو)

(۴) زندگی اجل ہے قبر اس کی منزل نہیں ہو سکتی۔ (لانگ فیلو)

کیا مغربی تہذیب ہندوستان کیلئے باعثِ مضرت ہے؟

سید محمد حسن زیدی
درجہ نہم

"اَلنَّاسُ عَلیٰ الدِّیْنِ مُلُوْکِھِمْ" یہ ایک عربی مقولہ ہے کہ لوگ بادشاہوں کے دین پر ہوجاتے ہیں یعنی بادشاہِ وقت جو طرز اختیار کرتا ہے رعایا مجبور ہوجاتی ہے کہ وہ بھی اس رنگ میں رنگ جائے۔ انگریز ہندوستان میں تاجر کی حیثیت سے آئے لیکن ہندوستان کی خانہ جنگیوں سے فائدہ اُٹھاکر بادشاہ نہیں شہنشاہ بن بیٹھے۔ انگریز آئے اور مغربی تہذیب اپنے ساتھ لائے اسکا اثر ہمارے دل و دماغ پر کیا ہوا وہ سطورِ آئندہ میں آتا ہے۔ غور و فکر کو چھوڑ کر اگر بالکل سطحی نظر سے دیکھا جائے تو بھی مغربی تہذیب اور ہندوستانی مزاج میں مشرق و مغرب کا فرق ہے۔ یورپ کی آب و ہوا، قدرتی بناوٹ ہمارے بالکل مخالف ہے۔ پھر وہاں کی تہذیب کیونکر ہمارے موافق ہوسکتی ہے، تہذیب کا دائرہ بہت وسیع ہے، علم و حکمت، طرزِ معاشرت، صنعت و حرفت، مذہبی عقائد، قومی احساسات اور دلی جذبات غرضکہ ان تمام باتوں سے انسان کی تہذیب کا پتہ چلتا ہے۔ میرا ذاتی خیال ہے کہ یورپ اور ہندوستان میں وہی فرق ہے جو مادہ اور روح میں ہے، یورپ کا دماغ مادہ پرستی کا حامل اور ہماری طبیعت روحانی لذتوں سے پُرکیف ہے۔

ہندوستان کا وہ گذرا ہوا زمانہ جبکہ آریوں کا دَور دورہ تھا اس وقت بھی یہاں رشی مُنی روحانیت کا درس دیتے تھے۔ عالم و فاضل تو درکنار عام لوگ بھی روحانیت سے اچھی طرح واقف ہوگئے تھے، اسلام آیا، اُس نے ان خیالات میں اور چار چاند لگا دیے، ہر کام میں معبودِ حقیقی پر بھروسا تھا اور خلوص کیا جاتا اس کی عبادت کیجاتی تھی اُن ہی باپ دادا کی اولاد اب بھی ہندوستان کی آغوش میں پرورش پا رہی ہے۔

یورپ کو سیکڑوں برس ہوئے کہ روحانیت کا سبق بھُلا دیا، معبد گاہیں، اچھی خاصی تفریح گاہیں ہیں، جب مذہبی عقاید کا یہ حال ہو تو دنیاوی امور کس منزل پر ہونگے۔ اب میں "مُشتے نمونہ از خروارے" بیان کرتا ہوں کہ ہندوستان کو مغربی تہذیب سے کیا نقصان پہونچا۔

اوّل کسی قوم کی تہذیب سیکھنے کے لئے اسکی زبان کا سیکھنا بہت ضروری ہے۔ انگریزی تعلیم نے ہمارے نوجوانوں کو کہیں کا نہ رکھا۔ اس سے میرا مقصد یہ نہیں کہ انگریزی تعلیم تباہ کن ہے بلکہ اس کا مطلب یہ ہے کہ عمر کا ایک بیش قیمت حصہ محض زبان سیکھنے میں گذر جاتا ہے پھر بھی کافی عبور نہیں ہوتا اور وہ وقت جو دنیاوی ترقی کا زمانہ ہوتا ہے یوں ہی گذر جاتا ہے، دوم مغربی تہذیب نے ظاہر پرستی کی لت ہمیں عجیب کردیا ہے، وضع قطع اور لباس میں ظاہرا تو سادگی ہے لیکن اسقدر تکلفات اس میں ہیں کہ انسان کا بہت سا روپیہ اس میں برباد ہوجاتا ہے، مثلاً کھلی اور بیسن کی جگہ صابن اور پاؤڈر (Powder) مسواک اور دتون کے بجائے برش (Brush) خط بنانے کے لئے سیفٹی ریزر (Safety razor) اور اسکے لوازمات، ٹائی باندھنے کے لئے گھنٹوں آئینہ کا معائنہ۔ کوٹ پتلون میں اگر روزانہ کریز (Crease) نہ ڈالی جائے تو لباس بھونڈا معلوم ہوتا ہے۔ سگرٹ، چرٹ اور سگار فیشن کا ایک جزو ہے جس کی ضرر رسانی کے لئے دلیل کی حاجت نہیں۔ ہندوستانی عطر و تیل کی جگہ سینٹ (Scent) لوشن (Lotion) اور کریم (Cream) نے لے لی ہے۔ اس سے اگر زیادہ نقصان نہیں تو یہ ضرور ہے کہ ہندوستان کی معتدبہ دولت بیرونی ممالک کو چلی جاتی ہے۔

سوم ۔ مذہب کا مقصد یہ ہوتا ہے کہ انسان کو سکون قلب حاصل ہوجائے اور یہ اسوقت تک غیر ممکن ہے جبتک کہ بندہ اپنے معبود پر پورا بھروسہ نہ رکھے " انگریزی تعلیم " نے اس بھروسے کو بالکل صاف کردیا ۔ میں یہ نہیں کہتا کہ انسان بغیر ہاتھ پیر ہلائے خدا پر بھروسہ کرلے یہ تو کاہلی کا مترادف ہے بلکہ یہ ہونا چاہیے کہ جو کام ہم کریں اپنے خدا کی رحمت کے منتظر رہیں، لیکن انگریزی تعلیم نے ہندوستان کے نوجوانوں کے دماغ سے یہ چیز بالکل نکال دی ہے ۔ اسکے اثرات ایسے خراب ہیں کہ اگر انسان کسی چیز میں کامیاب ہوجاتا ہے تو فرعون ہوجاتا ہے اور اگر ناکام ہوا تو پست ہمت ہوکر کہیں کا نہیں رہتا ۔

چہارم عورتوں کی آزادی ۔ سب سے زیادہ مہلک مرض جو مغربی تہذیب سے پیدا ہوتا جاتا ہے، وہ عورتوں کی بے جا ۲۶
